دارالسنیاس کا شاندار سلسلہ تصانیف

رسالہ ہینگ باتصویر

مرتبہ

عالیجناب ابوالسنیاس حکیم محمد اسماعیل صاحب ایم آر سی مالک دارالسنیاس لاہور

دار السنیاس کا سلسلۂ التصانیف نمبر ۱

نامرد مخلوق کا رہنما۔ بانجھ عورتوں کا مونس کیمیاگر مہوسین کی جان طالبعلموں کیلئے باعث فخر

باتصویر ماہیت ہینگ کا رسالہ

از تصنیف لطیف

عالیجناب ابو السنیاس حکیم محمد اسماعیل صاحب پروپرائٹر دار السنیاس لاہور

جس میں

ہینگ کے متعلق تفصیلی تذکرہ موجود ہے ہینگ کے مختلف نام۔ ماہیت اصل ہینگ کی شناخت ہینگ کے افعال و خواص۔ انمول نسخہ جات بیر بہدف صدری و خاندانی مجربات ہینگ سے تیار ہونیوالے نسخہ جات وغیرہ نہایت دریا دلی اور عالی حوصلگی سے اس رسالہ میں طشت از بام کر دیئے گئے ہیں مطالب کو بخوبی ذہن نشین کرانیکے لئے جابجا تصویریں بھی بنا دی گئی ہیں۔ زبان ایسی سلیس اور عام فہم کہ ہر خواندہ شخص مستفید ہو سکے الغرض اپنی شان کا واحد رسالہ ہے کسی ہمدرد فن اور علم دوست کو اس سے محروم نہ رہنا چاہیے۔ رسالہ کو زیادہ دلچسپ بنانے کے لئے ایک ایسی سیاہی کا نسخہ درج کیا گیا ہے جس کے ذریعہ کوسوں دور کی خبر ایک سیکنڈ میں دریافت کر سکینگے مرے ہوئے عزیزوں سے ملاقات اور اس کے حال سے واقفیت حاصل کر سکیں گے۔ ہر مرض کی تشخیص اور اس کا علاج گمشدہ اشیا اور چور کی تلاش اسی سیاہی کے ذریعہ ہو سکے گی قیمت باوجود اتنی خوبیوں کے صرف ۱۲؍ بیرونی اصحاب ایک روپیہ کے ٹکٹ ارسال فرمادیں۔

شائع کردہ
حاذق الاطبا حکیم محمد یعقوب مینیجر دار السنیاس کشمیری گیٹ لاہور

انتساب

ان نوازشہائے پیہم پر اظہار تشکر کے لئے جن سے میں اب تک منت پذیر ہوتا رہا اور ان وقیع مشوروں کی قدر شناسی کی خاطر جو دار السنیاس کی طبی خدمات کے سلسلے میں بے حد مفید ثابت ہوئے۔..........

.....میں یہ ناچیز طبی کاوش مخدومی و مکرمی جناب قاضی عبد اللطیف صاحب قریشی کے اسم گرامی سے معنون کرتا ہوں۔

خاکسار محمد اسمٰعیل

لاہور
یکم اپریل ۱۹۳۸ء

فہرست عنوانات رسالہ ہینگ بالتصویر

نمبر شمار	عنوانات	نمبر صفحہ
(۱)	دنیائے طب میں بہترین تصنیف کا اضافہ	۱
(۲)	انتساب	۲
(۳)	فہرست	۳
(۴)	مقدمہ	۵
(۵)	رسالہ ہینگ پر ایک سرسری نظر	۷
(۶)	خدا نے کوئی چیز بیکار نہیں بنائی :-	۹
(۷)	ہینگ کے متعلق تفصیلی تذکرہ	۱۳
(۸)	خالص ہینگ کی پہچان۔	۱۴
(۹)	ہینگ کے عام افعال و خواص.	۱۵
(۱۰)	امراض مخصوص زناں میں ہینگ کی معجزہ نمایاں۔	۱۶
(۱۱)	امراض مخصوص بچگان میں ہینگ کی مسیحائیاں۔	۲۴
(۱۲)	امراض مخصوص مرداں میں ہینگ کی شباب بخشیاں	۲۸
(۱۳)	امراض دماغ وچشم میں ہینگ کی اعجاز نمائیاں	۴۷
(۱۴)	امراض گوش و دندان وگلو میں ہینگ کی اکسیر نمائیاں	۵۴
(۱۵)	امراض صدر میں ہینگ کی سحر کاریاں	۵۸
(۱۶)	امراض معدہ وجگر وطحال میں ہینگ کی صحت بخشیاں	۶۱
(۱۷)	امراض امعاء و مقعد میں ہینگ کے نادر اثرات۔	۷۱
(۱۸)	امراض مثانہ وگردہ میں ہینگ کے شافی اثرات۔	۷۶

نمبر شمار	عنوانات	نمبر صفحہ

نمبر شمار	عنوانات	نمبر صفحہ
(۱۹)	امراض مفاصل میں ہینگ کے حیرت انگیز اثرات	۷۸
(۲۰)	امراض خبیثہ میں ہینگ کے برقی اثرات	۸۱
(۲۱)	امراض وبائی ہیضہ وغیرہ میں ہینگ کے جادو اثرات	۸۴
(۲۲)	حمیات میں ہینگ کے لاثانی اثرات	۸۸
(۲۳)	سمیات خوردہ وموذیات گزندہ میں ہینگ کے تریاقی اثرات	۹۰
(۲۴)	دفعیہ آسیب میں ہینگ کے طلسمی اثرات	۹۳
(۲۵)	پرندوں کے شکار کرنے کے لئے ہینگ کے امدادی اثرات	۹۴
(۲۶)	دیگر امراض میں ہینگ کے اکسیری مرکبات	۹۵
(۲۷)	ایلوپیتھی وہومیوپیتھی میں ہینگ کے مرکبات	۱۰۰
(۲۸)	کشتہ جات وعلم الکیمیا میں ہینگ کی عقدہ کشائیاں	۱۰۱
(۲۹)	حاضرات کی روحانی سیاہی۔ ہینگ کے ایک طلسمی سربستہ راز کا انکشاف،	۱۱۱

مقدمہ

از جناب حکیم مولوی عبد المجید صاحب خادم ایڈیٹر طبی میگزین لدھیانہ

اخی المکرم ابو السناباس جناب حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری مالک دار السناباس نے رسالہ ہینگ مرتب فرما کر دنیائے طب پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے کیونکہ اس معمولی اور عام میسر ہو جانے والی چیز کے ان تمام پہلوؤں پر جو اب تک پردۂ اخفا میں تھے۔ آپ نے اس خوبی سے روشنی ڈالی ہے کہ بڑے بڑے صاحب بصیرت بھی حیران و ششدر رہ جائیں گے اور واقعی دنیائے طب میں اسے بہترین تصنیف سمجھا جائے گا۔

ہمیں افسوس کے ساتھ اس امر کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ دور حاضر میں اطبائے کرام نے اپنی توجہ مفردات سے کچھ ہٹا لی ہے اور وہ مرکبات کے بہت قائل ہو رہے ہیں۔ حالانکہ اطبائے قدیم کا یہ نظریہ کہ "عَالِجُوا الْاَمْرَاضَ بِالْمُفْرَدَاتِ وَاجْتَنِبُوا الْمُرَکَّبَاتِ" یعنے مفردات سے علاج کرو اور مرکبات سے بچو" اب دنیائے طب میں مقبول عام ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اور طب جدید ایلوپیتھی، ہومیوپیتھی بھی اسی اصول پر چل رہی ہے۔ اور کامیاب ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔

کاش یونانی طبیب اپنے بزرگوں کے یہ اقوال کہ "طبیب کامل وہ ہے جو تشخیص قیافہ سے کرے اور علاج مفردات سے" پیش نظر رکھتے اور مفردات پر زیادہ توجہ دیتے اور ہر ایک مفرد دوا کے صحیح اعمال و افعال، ان کے خواص اور تاثرات، ان کی کیمیا دی اور سائنٹفک معلومات، جدید علم الادویہ اور میڈیکل ریسرچ کے

مطابق پیش کرتے اور ایک ایک چیز پر الگ الگ رسائل مرتب کر دیتے۔

مقام شکر ہے کہ ضروریات زمانہ کے اقتضا سے مجبور ہو کر بعض احباب نے ادھر توجہ کر لی ہے۔ اور خاص المفردات پر کچھ رسائل لکھ دئے ہیں۔ چنانچہ اسی سلسلہ میں طبی کارخانہ لاہور نے اچھی خدمات سر انجام دی ہیں اور ہمارے لائق و فاضل بھائی ابو السنیاس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب نے بھی رسالہ ہینگ تصنیف فرما کر دنیائے طب پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور ہینگ کی حقیقت، ماہیت، اشناخت، افعال و خواص، اس کے مجربات اور انمول نسخہ جات اور اکسیری کشتہ جات کو الم نشرح کر کے اپنی دریا دلی کا ثبوت دیا ہے مگر اب ضرورت اور اشد ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ نہ صرف خود ہی اس سے مستفید ہوں بلکہ اپنے احباب کو بھی استفادہ کا موقعہ دیں اور جہاں تک ہو سکے اس رسالہ کی اشاعت بڑھائیں تاکہ دار السنیاس کا سلسلۂ تصانیف ہمیشہ جاری رہے۔

آپ دیکھیں گے کہ فاضل مصنف نے اس رسالہ میں ہینگ جیسی معمولی اور سہل الحصول چیز سے آپ کو ان دقیق اور پیچیدہ امراض کا علاج بتایا ہے۔ جن پر لوگ سینکڑوں روپیہ کی قیمتی ادویات نچھاور کر رہے ہیں یعنی جہاں امرا مشک عنبر اور مروارید استعمال کرتے ہیں وہاں آپ ہینگ جیسی معمولی چیز ایک خاص ترکیب سے استعمال کر کے وہی فوائد اور منافع حاصل کر سکتے ہیں۔

المختصر اس رسالہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ اکیلی ہینگ کن کن طریقوں اور ترکیبوں سے استعمال کرنے پر جملہ امراض انسانی کو رفع کر سکتی ہے اور ہینگ میں قدرت نے انسانی منافع کے کیا کیا راز پنہاں رکھے ہیں۔ آپ پڑھیں اور اس سے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

(خادم عبد الحمید)

رسالہ ہینگ پر ایک سرسری نظر

از جناب حکیم مرزا محمد شفیع صاحب عمدۃ الحکما۔ مدیر حامیٔ الصحت لاہور

آج زمانہ اختصار پسند ہو رہا ہے اور قدیم اصول کہ "جب تک اغذیہ سے کام چلے دوا کی طرف راغب نہ ہوں اور جب تک مفردات سے کام چلے مرکبات کی طرف توجہ نہ کی جائے" سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہے۔ ضرورت زمانہ کے مطابق دنیا ایسی کتب و رسائل کی متلاشی ہے کہ جن میں مفرد ادویہ اور بالخصوص کم قیمت مفردات سے علاج کرنے کی تعلیم دی گئی ہو۔

چنانچہ ہمیں اپنے عزیز دوست ابوالسنیاس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری پروپرائٹر دارالسنیاس لاہور کی اس لاجواب تصنیف کو دیکھ کر از حد مسرت مسرت ہوئی ہے جس میں آپ نے ہینگ جیسی مفید۔ عام ملنے والی اور کم قیمت چیز کے متعلق پوری پوری معلومات بہم پہنچا دی ہیں۔

آپ نے ابتدا میں ہینگ کے مختلف نام۔ اس کی ماہیت۔ پیدائش اور اصلی ہینگ کی پہچان کے طریق بتانے کے بعد فوائد بیان کئے ہیں۔ اور سر سے لیکر پاؤں تک جن امراض پر ہینگ کا استعمال کیا جا سکتا ہے لکھدئے ہیں۔ عورتوں اور مردوں کی مخصوص امراض کو خصوصیت سے زیر بحث لایا گیا ہے۔ اور ایسے ایسے عجیب و غریب مجربات پیش کئے گئے ہیں کہ جن کی نظیر طبی دنیا میں ملنی مشکل ہے۔ گویا یہ رسالہ نامرد مخلوق اور بانجھ عورتوں کا صحیح رہنما ہے۔ امراض کے بعد کشتہ جات اور علم الکیمیا کا خصوصیت سے ذکر کیا گیا ہے اور ایسے ایسے نایاب زمانہ کشتہ جات اور معتبر کیمیاوی نسخے تحریر کئے گئے ہیں جس سے مصنف کی بخل شکنی کا بیّن ثبوت ملتا ہے۔ الغرض ان صفحات میں جو کچھ بھی آپ نے تحریر فرمایا ہے

اس کی متحریف آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ آپ نے تمام صدری نیز بہدف خاندانی مجربات جن کا جزو اعظم ہینگ ہے اور جو بہترین مجربات کہلانے کے مستحق ہیں نہایت دریا دلی اور عالی حوصلگی سے طشت از بام کر دئے ہیں۔

ہم بلا خوف وتردید کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی یہ تصنیف اپنے رنگ کی واحد تصنیف ہے اور زمانہ کو ایسی تصانیف کی از حد ضرورت ہے اگر اطبّا نے فاضل مصنف کی حوصلہ افزائی کی تو امید ہے کہ آپ کا یہ سلسلۂ تصانیف ہمیشہ جاری رہے گا۔

آخیر میں دعا بدرگاہ رب العزت ہے کہ وہ موصوف کو عمر دراز عطا فرمائے اور ایسی دیگر مفردات پر بھی اسی طرح پُر از معلومات تصانیف لکھنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین۔

دراصل رسالہ ہینگ "جہان مخزن المفردات ہے۔ وہاں مجربات کا بھی بے بہا خزانہ ہے"۔

(خادم قوم محمد شفیع)

نامرد مخلوق مایوس الحال کو مرد کامل بنانے والی

پژمردہ چہرہ کو گلاب کی مانند شگفتہ و شاداب کرنے والی

اکسیر البدن لطف شباب گولیاں

یہ گولیاں اب زیادہ تعریف کی محتاج نہیں کیونکہ سالہا سال سے کثیر تعداد مریض اور شائقین فائدہ اٹھا چکے ہیں الغرض اعلیٰ درجہ کی مقوی مبہی مشتہی بدن کو مضبوط و خوشرنگ بنانے والی زائل شدہ طاقتوں کو واپس لانے والی۔ جریان، احتلام۔ سرعت کو نیست و نابود کرنے والی اکسیری گولیاں ہیں قیمت ۲۰ گولی عہ/

۷۸۶

تِرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں ۔ مِری انتہائے نگارش یہی ہے

رسالہ ہینگ

خدا نے کوئی چیز بیکار نہیں بنائی

خداوند رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے اپنی قدرت کاملہ سے نوع انسان کو جامۂ عقل و خرد پہنا کر ایسے ایسے اوصاف حمیدہ بخشے ہیں کہ جس کی وجہ سے یہ انسان بے بنیان اشرف المخلوقات کہلاتا ہے اور خداداد طاقت سے ہر چیز پر غالب آتا ہے اور اس کے بخشے ہوئے علم حکمت سے موجودات عالم کے مخفی بھیدوں اور عقدات لاینحل کی عقدہ کشائی کرتا ہے جسے دیکھ کر ناواقف لوگ انگشت بدنداں و محوِ حیرت ہو جاتے ہیں ۔ قدرت نے مخلوقات کی بہتری کے لئے بے شمار ایسی چیزیں پیدا کر دی ہیں کہ جن سے وہ اپنی صحت قائم رکھ سکیں اور مختلف بیماریوں سے شفا حاصل کریں۔ لیکن افسوس! کہ بعض ناواقف لوگ ان سے فائدہ نہیں اٹھاتے اور بعض اشیاء کے متعلق کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو بیکار محض ہے یہ کس کام کی چیز ہے ۔ حالانکہ۔

خدا نے کوئی چیز بیکار نہیں بنائی

حتیٰکہ حقیر ترین جانور پاخانے کا کیڑا ہے جس کے متعلق عامیوں کی رائے تو رہنے دیجئے بقراط جیسا فاضل طبیب ایک عرصہ تک اس کے بیکار محض ہونے پر فتویٰ لگاتا رہا یہاں تک کہ اس حقیر ترین چیز کی بدولت اسے بینائی جیسی نعمت دوبارہ حاصل ہو گئی کہتے ہیں کہ بقراط کا ایک ہمعصر علاج العین میں یکتائے دہر تھا۔ وہ ایک سرمہ بنایا کرتا تھا۔ جس کو ایک سلائی لگاتا دن کے وقت ستارے نظر آ جاتے۔ مادرزاد اندھوں کے

سواوہ اندھے جن کی بینائی کسی مرض کی بدولت زائل ہو گئی ہوتی پس اس کی ایک ہی سلائی سے دوبارہ بینا ہو جاتے۔ اس کو پتہ چلا کہ میرا ہمعصر اور یگانۂ روزگار حکیم بقراط چشمۂ فیض ہے۔ جس سے ہزاروں بندگان خدا روزانہ سیراب ہوتے ہیں۔ وہ نابینا ہے ضرور وہاں چل کر یہ سرمہ اس کو لگانا چاہیے۔ اس خیال سے بقراط کے شہر قوس میں پہنچا۔ اس کے مطب میں جا کر دیکھا تو خلقت کا ایک ٹھاٹھیں انتا ہوا سمندر تھا۔ بقراط محض نبض دیکھ کر سب کی تشخیص کرتا اور دوا دیتا۔ اس منظر سے اس کے دل میں بقراط کے تجربہ اور تبحر علمی کا سکہ بیٹھ گیا۔ مطب سے فارغ ہوتے ہی یہ آگے بڑھا۔ علیک سلیک کے بعد اپنے آنے کا مقصد بتایا۔ بقراط نے پوچھا کہ اگر میں آپ کے سرمہ سے اچھا ہو جاؤں تو نسخہ بتا دو گے اس نے کہا ہرگز نہیں۔ صرف آپ کے لئے ایک سلائی دے دوں گا اگر دوبارہ مانگو گے تو سمجھ لینا جواب ہے۔ بقراط اس کے بخل کا اندازہ کر کے ایک ہی سلائی کی خیر منانے لگا۔ معالج العین نے سلائی کے دونوں سروں پر سرمہ لگا کر کہا کہ لیجئے یہی آپ کا حصہ ہے۔ بقراط نے ایک سرا آنکھ میں لگایا جس سے وہ فوراً بینا ہو گیا اور دوسرا سرمہ کے اجزا معلوم کرنے کے لئے زبان پر رکھ لیا اور اس کے تمام اجزا بتانے لگ گیا۔ معالج العین ان اجزا کی تصدیق کرتا اور اس کی حذاقت کی داد دیتا جاتا تھا اسی طرح بقراط نے تمام اجزا گن ڈالے مگر ایک چیز کا پتہ نہ چلتا تھا۔ بقراط کو نہایت تردد ہوا آخر معالج العین سے ملتجی ہوا کہ صرف ایک جزو کا پتہ نہیں چلتا برائے مہربانی وہ بتا دیجئے اس نے کہا کہ وہ پاخانے کا کیڑا ہے۔ یہ سنتے ہی بقراط کا خیال پلٹ گیا کہ جس کو میں مدت العمر سے حقیر سمجھا کرتا تھا حقیقتاً وہی میرے لئے آب حیات ثابت ہوا۔ فوراً کہنے لگا۔

خدا نے کوئی چیز بیکار نہیں بنائی

اسی طرح ہینگ کے متعلق بعض ناواقف اشخاص خیال کرتے ہیں کہ یہ تو بدبودار

اور متعفن چیز کس مصرف کی ہے۔ ذائقہ کچھ نہیں۔ بو مکروہ ہے۔ یہ تو بیکار محض ہے اور بالکل بے حقیقت چیز ہے۔ انہیں پاخانے کے کیڑے کے اس واقعہ سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ کیونکہ جس طرح بقراط کو اپنے خیالات بدلنے پڑے تھے اسیطرح ہینگ کو بے حقیقت سمجھنے والے یقیناً اپنے خیالات بدلنے پر مجبور ہونگے اس میں کوئی شک نہیں کہ تیزی بو کی وجہ سے ہینگ متروک الاستعمال ہو رہی ہے لیکن یقین جانئے کہ یہ جواہرات کے ساتھ تولنے کے قابل ہے۔ بعض امراض کے علاج میں کوئی چیز بھی اس کی ہمسری کا دعوےٰ نہیں کر سکتی۔ اس کی بو ہی ایک ایسی لاجواب کیفیت ہے جو اختناق الرحم ہسٹیریا کے لئے بے مثل شے ہے۔ دورہ پر دورہ پڑ رہا ہو ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو رہے ہوں جہاں اس کا لخلخہ سنگھایا معاً دورہ رک گیا۔ نہ تحلیل ہونے والی ریاح کو تحلیل کرنا۔ معدہ اور انتڑیوں سے بلغم صاف کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ اس کے استعمال سے آپ کو ثابت ہو جائے گا کہ واقعی

خدا نے کوئی چیز بیکار نہیں بنائی

چنانچہ ہینگ کے اوصاف پر اکثر اوقات بعض احباب سے بحث و مباحثہ بھی ہوا آخر ان کو میرے دلائل اور تجربات کے سامنے سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ یہی وجہ تھی کہ پرانے زمانے کے لوگ ہمیشہ اپنے گھروں میں ہینگ کا استعمال کیا کرتے تھے جس سے ان کی صحت اچھی رہتی تھی۔ لیکن آج کل مغربی فیشن کی اندھا دھند تقلید کرنے والے اپنے بزرگوں کی مروجہ اور مفید عمل باتوں کو فراموش کر چکے ہیں۔ علاوہ اور مفید چیزوں کے ہینگ جیسی صحت بخش چیز کا استعمال تقریباً مفقود ہو چکا ہے۔ اس کی بجائے کھانا ہضم کرنے کے لئے سوڈا واٹر اور بادی دور کرنے کے لئے سگریٹ وغیرہ کا استعمال اپنا عمل بنا رکھا ہے۔ جس کا نتیجہ ملک میں بیماری اور مفلسی کے تسلط کی صورت میں ہم دیکھ رہے ہیں۔ ان واقعات کو دیکھ کر میرے دل

میں یہ خیال پیدا ہوا کہ ایسی لاجواب اور اکسیر صفت دوا جو محض ناواقفیت کی وجہ سے متروک الاستعمال ہو رہی ہے۔ پبلک کو اس کی خوبیوں سے آگاہ کیا جائے اور فرقۂ اطبّاء کو توجہ دلائی جائے کہ وہ اسے اپنا معمول بہ بنائیں۔

اس بنا پر میں نے رسالہ ہینگ تصنیف کیا۔ امید ہے کہ شائقین اس سے فائدہ حاصل کر کے راقم کو دعائے خیر سے یاد فرمائینگے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

(محمد اسماعیل امرتسری)

ہینگ

کے متعلق تفصیلی تذکرہ!

دوسری زبانوں میں ہینگ کے نام :- انگریزی :- ایسافٹیڈا (Asafetida)

عربی :- حلتیت

فارسی :- انگوزہ یا انغوزہ

ہندی :- ہینگ

ہینگ کا ذائقہ۔ اس کا ذائقہ تلخ و بو دار ہوتا ہے۔

ہینگ کا رنگ۔ عام طور پر رنگ سفید غباری ہوتا ہے۔

ہینگ کی ماہیت۔ یہ ایک قسم کی مولی کا رس ہے جسے انجدان کہتے ہیں۔ یہ رس منجمد ہو کر ہینگ کہلاتی ہے گویا یہ درخت انجدان کی گوند ہے۔ دو قسم کی ہوتی ہے ایک عام اور دوسری ہیرا ہینگ یہی دوائوں میں ڈالنی چاہیے۔

ہینگ کی تاثیر۔ اس کی تاثیر گرم و خشک ہے۔

ہینگ کا مصلح۔ کتیرا۔ بنفشہ۔ اور انارین اس کی اصلاح کرتی ہیں اور نقصان ہونے نہیں دیتیں۔ لہٰذا جہاں اس کے استعمال سے نقصان کا احتمال ہو ان چیزوں سے اس کی اصلاح کر لیا کریں۔

ہینگ کا بدل۔ اس کا بدل جاؤشیر اور سگبینج ہے۔

ہینگ کی مقدار خوراک۔ دو سے چار رتی تک دے سکتے ہیں۔

ہینگ کی نسبت۔ ستارہ مریخ کو ہینگ سے نسبت ہے۔ یعنی اسکی مزاج ستارہ مریخ جیسی ہے

خالص ہینگ کی پہچان۔ زمانہ دھوکہ بازوں سے خالی نہیں رہا جس طرح دیگر اشیاء میں ملاوٹ ہوتی ہے اسیطرح ہینگ بھی اس نقصان سے نہیں بچ سکی آج کل اس میں کئی طرح کی آمیزش کی جا رہی ہے۔ جو کہ ہینگ کے فوائد کو نقصان میں بدل دیتی ہے۔ اس لئے ہینگ خریدتے وقت یہ دیکھ لینا چاہیئے کہ ہینگ اصلی ہے یا نقلی۔ یہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیں۔

(۱) اول یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس میں کسی قسم کی چکناہٹ تو نہیں۔ پس خشک ہینگ کا ٹکڑا لے کر اس کو دیا سلائی سے آگ لگا دیں اگر مدم بتی کی طرح جلنے لگے تو اصلی ہے ورنہ نقلی۔

(۲) شیشے کے گلاس میں پانی ڈال کر اس میں خشک ہینگ کا ٹکڑا ڈال دیں۔ اگر پانی کا رنگ دودھ کیطرح سفید ہو جائے۔ اور کوئی چیز تہ نشین نہ ہو تو اصلی ورنہ نقلی۔ جتنا حصہ تہ نشین ہو گا وہی ملاوٹ ہو گی۔

(۳) سب سے اعلیٰ ہینگ کی خوشبو لطیف اور رنگ چمکدار ہوتا ہے اس کو ہیرا ہینگ کہتے ہیں۔ نہ بہت تیز اور نہ ہی ضرر رساں ہوتی ہے عموماً اس کو استعمال کرنا چاہیئے۔

سوزاک میں مبتلا چیختے چلاتے مریضوں کے لئے تسکین افزا

اکسیر سوزاک۔ جراثیم سوزاک کو ہلاک کر کے سوزش درد پیپ کو بند کرتی ہے زخم صاف ہو کر پیشاب کھل کر آنے لگتا ہے۔ بے چین زندگی میں سکھ نصیب ہوتا ہے۔ قیمت فی شیشی عہ/ ۸

ہینگ کے عام افعال و خواص

محرک ۔ دافع تشنج ۔ فالج ۔ مرگی ۔ لقوہ ۔ رعشہ ۔ حذر ہسٹیریا ۔ اورام الصبیان ہے ۔ امراض سر ۔ منہ ۔ کان ۔ ناک ۔ معدہ ۔ جگر ۔ شکم ۔ طحال ۔ چشم کو مفید ہے ۔ ورم و ریاح کو تحلیل کرتی ہے ۔ بھوک بڑھاتی ہے ۔ کھانا ہضم کرتی ہے ۔ نظر تیز کرتی ہے ۔ آواز کو صاف کرتی ہے ۔ مدر حیض و بول ہے ۔ گھر میں رکھنے سے وبائی امراض سے نجات رہتی ہے ۔ غذا کو جزو بدن بنا کر خون صالح پیدا کرتی ہے کاٹنے والے جانوروں کے زخم کو مفید ہے ۔ زہر کے اثرات کو دور کرتی ہے ۔ چوٹ کو آرام دیتی ہے ۔ پانی میں حل کر کے مکان کی نالیوں میں چھڑکیں تو فینائل سے بدرجہا بہتر ہے ۔ ویسے تو مرکبات ہینگ فوائد سے لبریز ہیں ۔ لیکن خالی ہینگ بھی پر از فوائد ہے ۔ جو ترکیب استعمال یہاں لکھی جاتی ہے ۔ اس ترکیب سے کھانا بہت سی امراض کو فائدہ دیتا ہے ۔ مثلاً استسقاء ہر قسم ۔ امراض سردی ۔ بادی معدہ ۔ جگر ۔ سینہ ۔ طحال ۔ رعشہ ۔ لقوہ ۔ فالج ۔ صرع ۔ ام الصبیان ۔ ہسٹیریا وغیرہ کو مفید ہے ۔ کھائیں اور اس کے برقی اثرات سے مستفید ہوں ۔

صفتہٗ ۔ ہینگ بقدر دانہ نخود لے کر آٹے میں رکھ کر بھوبھل میں دبا دیں جب آٹا سرخ ہو جائے تو ہینگ کو نکالیں اور ہمراہ پانی استعمال کریں اسی طرح ہر روز کریں ۔

امراض مخصوص زناں میں ہینگ کی معجزہ نمایاں

جنوب محافظ نسواں:- یہ نہایت ہی مجرب المجرب لاجواب گولیاں ہیں۔ جن کے استعمال سے بندش۔ کمی و درد حیض۔ اختناق الرحم یعنی ہسٹیریا۔ درد کمر۔ درد سر۔ نفخ معدہ۔ ضعف معدہ وجگر وغیرہ عوارضات جڑ سے جاتے رہتے ہیں بدن میں خون کی کمی پوری ہو جاتی ہے۔ چہرہ کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے ایام باقاعدہ آنے لگتے ہیں۔ حمل قرار پا جاتا ہے۔ راقم کا دعوے ہے کہ امراض زناں میں اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں۔ تیار کریں اور استعمال کر اکر اس کی سحر کاریوں کا تماشا دیکھیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ زعفران۔ کشتہ فولاد۔ ہر ایک سہ ماشہ صبر سقوطری مصطفےٰ مرکی۔ ہر ایک یک تولہ۔ جملہ ادویہ خوب باریک کر کے شہد کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا دیں۔ ایک ماہ لگاتار صبح و شام ہمراہ پانی تازہ یا دودھ استعمال کریں۔ دوران استعمال میں ترش۔ گرم۔ قابض اشیاء تیل گڑ اور جماع سے پرہیز ضروری ہے

کشتہ فولاد۔ یوں تو کشتہ فولاد کی کئی ایک نادر ترکیبیں ہیں اور جو میسر آئے اس میں ڈال سکتے ہیں۔ مگر جو کشتہ یہاں لکھا جاتا ہے۔ نہایت ہی اعلےٰ درجہ کا ہے۔ اس کشتہ کا نسخہ میں ڈالنا افضل ہے۔ علاوہ ازیں ضعف جگر ضعف باہ وغیرہ امراض کو بھی مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بال سفید نہیں ہوتے

صفتہٗ۔ برادہ فولاد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ خشک۔ ہر یک یک پاؤ ہلیلہ سیاہ ½ سیر آب کیلہ ۲ سیر (پھل اتارنے کے بعد جو ڈنڈا باقی رہتا ہے اسے کوٹ کر پانی نکالتے ہیں جو کہ آب کیلہ کہلاتا ہے۔) جملہ ادویہ علاوہ فولاد کے

آب کیلہ میں تین شبانہ روز بھگو چھوڑیں۔ بعدہٗ اسے جوش دے کر مل کر چھان لیں پھر حاصل شدہ پانی میں برادہ فولاد ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب ایک سیر رہ جائے تو اتار کر دھوپ میں رکھ دیں اور ہر روز تین چار بار ہلا دیا کریں خشک ہونے پر اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔ مذکورہ گولیوں میں ڈالیں۔

اگر کشتہ استعمال کرنا مطلوب ہو تو ضعفِ جگر کے لئے ۲ رتی ہمراہ دہی ایک پاؤ پانی نصف پاؤ ۔ دھرڑ کا بنا کر استعمال کریں۔ ضعف جگر دور ہوگا۔ خون دورہ کرے گا چہرہ کا رنگ گلاب کے پھول کی مانند سرخ ہوگا۔ موسم برسات میں عجیب تحفہ ہے۔ اگر دورانِ استعمال میں ترش اشیاء نمک کچ اور غسل سے پرہیز کریں اور نان گندم کی چُوری بغیر نمک و میٹھے کے استعمال کریں تو کایا کلپ کا کام دے گا۔

صبر سقوطری مصفّٰی سوہاگہ سیاہ حسب ضرورت لیکر اس کو پانی میں ڈالکر اچھی طرح حل کریں اور رکھ چھوڑیں جب میل کچیل نیچے بیٹھ جائے تو نتار کر آگ پر خشک کر لیں۔ صبر سقوطری مصفّٰی تیار ہے۔

(۲) اکسیر المستورات یہ مایۂ ناز گولیاں بھی امراض زناں کے لئے مفید بلکہ اکسیر ہیں مذکورہ امراض دور ہو کر حمل قرار پا جائے گا۔ بے اولادوں کی مونس ہیں۔ صفتہٗ ہینگ۔ اجوائن خراسانی۔ اندرجو شیریں۔ کوٹھ۔ واوڑنگ۔ صبر سقوطری مصفّٰی۔ مرمکی۔ زیرہ سفید۔ کشتہ فولاد۔ ہر یک ۶ ماشہ ترپھلہ ۴ تولہ گوگل ۲ تولہ۔ جملہ ادویہ باریک کر کے آب برگِ لاجونتی میں ۲ گھنٹہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر دو گولی ہمراہ شیر گرم دیں اور اس کا طلسمی اثر ملاحظہ کریں۔

(۳) اکسیر حیض گولیاں۔ یہ گولیاں حیض کو باقاعدہ جاری رکھنے کیلئے اکسیر ہیں۔ صفتہٗ۔ ہینگ ۱ تولہ۔ صبر سقوطری ۲ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ دارچینی ۳ ماشہ مرمکی ۱½ تولہ شہد میں گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ پانی دیویں۔

یہ گولیاں بھی عورتوں کی مونس وغم خوار ہیں۔ بے قاعدگی حیض۔

(۱۴) **حبوب ممدزناں** ہسٹیریا وغیرہ دور ہو کر ثمر اولاد سے بہرہ مند ہونے کا موجب ہیں

صفتہ:- ہینگ۔ اجوائن دیسی۔ زعفران۔ کافور بھیم سینی ہموزن۔ تمام ادویہ باریک کرکے آب گھیکوار میں ایک ہفتہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا دیں۔ ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم ½ سیر و بادام روغن ا تولہ ملا کر بوقت خفتن دیں۔

(۱۵) **حبوب اکسیر النساء** اگر عورت کے رحم میں ریح اور سردی کا غلبہ ہو جس کی وجہ سے بوقت جماع درد ہو۔ رطوبت سرخ وسفید جاری ہو کمی وبیشی حیض ہو یا کمزوری رحم اور انقلاب الرحم وغیرہ عوارضات کیلئے مفید ہیں۔

صفتہ:- ہینگ۔ اشوک کی چھال۔ ہر یک ۳ ماشہ ریوند چینی۔ زعفران۔ مصری ہر یک ۶ ماشہ جوکھار ۹ ماشہ ہیرا کسیس ا ماشہ تمام ادویہ باریک کرکے شہد سے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر ایام حیض سے ایک ہفتہ پہلے دودھ سے شروع کریں اور اس کا فوری اثر ملاحظہ کریں اس کے ساتھ ہی۔ ہینگ۔ روغن کنجد میں ملا کر شافہ کریں۔

(۱۶) **حبوب عسر واحتباس الطمث** جن عورتوں کا حیض بند ہو گیا ہو یا بالکل معمولی آتا ہو اور سخت درد ہوتی ہو تو اس کے استعمال سے جملہ شکایات دور ہو کر حیض کشادہ ہوگا۔

صفتہ:- ہینگ۔ جندبیدستر۔ مجیٹھ۔ تخم کرفس۔ اجوائن خراسانی تخم بھنگ ہر یک ۳ ماشہ برگ پودینہ۔ مرمکی۔ ہر یک ۷ ماشہ سداب۔ ابہل۔ ہر یک ۲ تولہ مؤخر الذکر دواشیار کو تین پاؤ پانی میں جوش دیکر ½ حاصل کریں۔ باقی ادویہ باریک کر کے جوشاندہ مذکور میں کھرل کر کے گولی بقدر کنار دشتی بنا دیں۔ ایام سے ایک ہفتہ پیشتر ہمراہ پانی استعمال کریں۔ اور بعد حیض ایک ہفتہ تک استعمال جاری رکھیں:۔

(۷) حبوب عسر و احتباس الطمث ۲؎ یہ گولیاں بھی بند حیض کو جاری کرنے کیلئے تریاق کا اثر رکھتی ہیں۔

صفت:۔ ہینگ۔ مرکی۔ مرجان۔ ہر یک ۲ رتی۔ گلقند ۶ ماشہ جملہ ادویہ باہم ملا کر بارہ گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی صبح دوپہر و شام دیویں۔ چار ہی روز میں حیض جاری ہوگا۔

(۸) حبوب عسر و احتباس الطمث ۳؎ یہ کم قیمت گولیاں بھی حیض کو بآسانی جاری کرنے میں لاثانی ہیں۔

صفت:۔ ہینگ۔ صبر زرد۔ ہموزن دونوں کو خوب مخلوط کر کے شہد یا پانی سے گولی بقدر نخود بنا کر دن میں دو تین مرتبہ دودھ سے دیویں۔

(۹) حبوب اختناق الرحم ۱؎ یہ وہی بیماری ہے جسے ہسٹریا یا باؤگولہ کہتے ہیں۔ مرگی کی طرح عورتیں بیہوش ہو جاتی ہیں۔ عوام اسے غلبۂ آسیب تصور کر کے تعویذ دھاگہ تک ہی علاج محدود رکھتے ہیں مگر درحقیقت یہ رحم کا مرض ہے اور آسیب کو اس سے دور کا بھی تعلق نہیں۔ ہینگ اس مرض میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ دورہ کے وقت سرکہ میں ہینگ ملا کر بطور لخلخہ سنگھانا ہوش میں لاتا ہے اور حبوب ذیل تریاقی اثر رکھتی ہیں۔ مجربات خاص میں سے ہے۔

صفت:۔ ہینگ ۱ تولہ جند بیدستر۔ سنبل الطیب ہر یک ۶ ماشہ زعفران ۲ ماشہ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ تمام ادویہ باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا دیں صبح و شام ایک یا دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔ اور عطر گلاب کا شافہ رحم میں رکھیں۔

(۱۰) حبوب اختناق الرحم ۲؎ ہینگ۔ کونین سلفاس۔ کافور۔ جدوار خطائی۔ ہم وزن جملہ ادویہ پانی میں خوب کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ دودھ صبح و شام استعمال کرا کر اس کا فوری اثر ملاحظہ کریں۔

(۱۴۱) حبوب اختناق الرحم ہینگ۔ نمک سیاہ۔ تخم لیموں۔ زنجبیل۔ سافج ہندی۔ پوست خربزہ۔ سہاگہ سفید۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ فرفیون۔ بیخ سہانجنہ۔ گل مدار۔ ہموزن۔ جملہ ادویہ باریک کرکے آب مولی یا ادرک میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر ہمراہ عرق مکویا کاسنی دیویں۔

(۱۴۲) حبوب اختناق الرحم ہینگ ۱ ماشہ بالچھڑ ۲ ماشہ گل بابونہ۔ اصل السوس۔ ہر یک یک تولہ جملہ ادویہ باریک کرکے گولی بقدر نخود بناکر صبح دوپہر شام ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیویں۔

(۱۴۳) حبوب اختناق الرحم یہ گولیاں ہسٹیریا کیلیے گو مختصر ہیں لیکن فوائد عظیم رکھتی ہیں صفت۔ ہینگ ۲ ماشہ۔ کچور ۳ تولہ قند سیاہ میں گولی بقدر کنار دشتی بناکر بدرقہ مناسب سے دیویں۔

(۱۴۴) حبوب اختناق الرحم جب مریضہ کو ہسٹیریا کے دورے پر دورے پڑ رہے ہوں اس وقت یہ گولیاں استعمال کرائیں۔ دورے رک جائینگے مریضہ کے حواس قائم ہوں گے۔

صفت۔ ہینگ ۳½ ماشہ زنجبیل ۳ تولہ سہاگہ سفید ۱½ تولہ نمک خوردنی ۹ ماشہ جملہ ادویہ باریک کرکے آب مولی یا ادرک سے گولی بقدر کنار دشتی بناکر دورے کے وقت پانی میں گھول کر حلق میں ٹپکا دیں۔

(۱۴۵) سفوف ہسٹیریا یہ سفوف بھی اسی مرض کا بے خطا اور مجرب علاج ہے۔ بنا کر اس کی سحر کاریاں ملاحظہ فرماویں۔

صفت۔ ہینگ ۱½ تولہ نمک سنگ۔ نمک دریا۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ نمک سنچل۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ رس لیموں۔ ۲ سیر۔ ہمہ ادویہ کوفتہ بیختہ رس لیموں میں ڈالیں جب خمیر اٹھ آئے تو زمین میں دفن کر دیویں۔ ۲۱ روز کے بعد نکال کر کام میں لاویں

اسے ۳ ماشہ ہمراہ آب گرم دیویں۔

(۱۶) حبوب اکسیر عقر جو عورتیں اولاد جیسی نعمت غیر مترقبہ سے محروم ہیں اور جو گھر اس چراغ سے بے آباد ہیں۔ ان کے لئے اس کا استعمال اشد ضروری ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کی گود گوہر اولاد سے کبھی خالی نہ ہوگی۔

صفتہٗ۔ ہینگ افیم جوزبوا ہر یک ۳ ماشہ زعفران ۲ ماشہ سپاری ۳ ماشہ مشک عنبر ہر یک یک ماشہ قند سیاہ حسب ضرورت تمام ادویہ کھرل کر کے گولی بقدر نخود بناویں اندر طہر عورت و مرد ایک ایک گولی تین یوم تک کھاویں بعد اختتام مقاربت کریں حمل قرار پا جائے گا۔ اگر پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے ورنہ تیسرے ماہ ضرور کامیابی ہوگی۔

(۱۷) ضماد شباب النساء عورتوں کی جوانی اور خوبصورتی کا رعب زیادہ تر عورتوں کے پستان ہی ظاہر کرتے ہیں۔ اور یہ تب ہو سکتا ہے جبکہ پستان خوبصورت۔ گول۔ چھوٹے سخت اور ابھرے ہوئے ہوں لیکن اگر کسی وجہ سے ان میں یہ صفات نہ ہوں بلکہ وہ بڑے اور نیچے لٹکے ہوئے ہوں تو دونوں کی زندگی بے لطف ہو جاتی ہے۔ نہ ہی عورت جوان اور خوبصورت معلوم ہوتی ہے اور نہ ہی مرد اس کو چاہتا ہے۔ بلکہ اس سے نفرت کرتا ہے۔ ایسی عورتوں کے لئے یہ ضماد نہایت ہی عجیب ہے۔ اس کے استعمال سے لٹکی ہوئی چھاتیاں سخت اور ابھر آئیں گی۔ چھوٹی ہو جاویں گی۔ بڑھاپے میں جوانی کا لطف آئے گا۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ بین مچھلی۔ صدف صادق کا اندرونی چمکدار حصہ ہموزن پانی میں پیس کر ضماد کریں اور سینہ بند محکم باندھیں۔

(۱۸) اکسیری بھاپ درد ورم رحم یہ بھاپ کا نسخہ نہایت ہی مجرب المجرب تیر بہدف اور جادو اثر ہے۔ درد ورم رحم سے تڑپتی چیختی مریضہ کو ایک ہی بار استعمال سے تسکین دینے والا لاجواب نسخہ ہے

تجربہ اس کی بہترین خوبیوں کا شاہد ہے۔ کہنہ سے کہنہ ورم دور ہو گا۔

صنعتہٗ۔ ہینگ۔ پھٹکری ہر یک یک تولہ باؤبڑنگ ۵ تولہ مکو ۱/۲ پاؤ برگ نیم (الحی نوشتہ)
اکاس بیل ہر یک ۱/۲ سیر جملہ ادویہ کو پانی دس سیر میں ایک بڑے دیگچے میں ڈال کر
خوب جوش دیں۔ اور چارپائی کی الٹی طرف دیگچہ رکھ کر بطریق مروجہ بھاپ دیں
اوپر کپڑا اوڑھے رکھیں ہوا سے بچاؤ رکھیں صبح و شام اسی کو جوش دے کر بھاپ
لیا کریں۔ طہارت کے وقت بھی اور دن میں تین چار بار اسی جوشاندہ سے جائے
مخصوصہ کو دھویا کریں۔

۱۹۔ **حبوب اکسیر حاملہ** یہ گولیاں صحیح معنوں میں حاملہ کی محافظ ہیں۔ حاملہ کی قے۔ نفخ
درد اعضاء وغیرہ کو مفید ہے۔ ہاضمہ درست ہو جاتا ہے
بھوک خوب لگتی ہے جنین کی حفاظت رہتی ہے! ور اسقاط حمل سے نجات ہوتی ہے
صنعتہٗ۔ ہینگ۔ کافور قلب الحجر۔ ہموزان لے کر عرق سونف میں کھرل کر کے
گولی بقدر رائی کرتی بنا کر بدرجہ مناسب سے دلویں۔

۲۰۔ **حبوب عسر الولادت** یہ نہایت ہی مجرب المجرب گولیاں ہر قسم کے دردزہ اور
عسر ولادت کیلئے نہایت مفید ہیں۔

صنعتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ مرمکی۔ جند بیدستر۔ ہوبیر۔ اجوائن خراسانی ہر یک
یک تولہ بیخ حنظل۔ قرنفل ہر یک ۴ ماشہ جملہ ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے
گولیاں بقدر ۳ ماشہ بنا کر ہمراہ عرق گاؤزبان دلویں۔

۲۱۔ **سفوف مشکل کشا زناں** یہ سفوف بھی عورتوں کی مشکل کے وقت کام آنے کی چیز ہے
یعنی دردزہ کی تکلیف کو رفع کرتا ہے بچہ مردہ یا زندہ
کو فوراً باہر لاتا ہے اور بچہ جننا آسان کرتا ہے۔

صنعتہٗ ہینگ ۲ ماشہ مر۔ جاؤشیر سکبینج۔ بیروزہ۔ ہر یک ۳ ۱/۲ ماشہ باریک کر کے

ھمراہ جوشاندہ میتھی یا سداب دیویں۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

۲۲ **معجون عسر الولادت** ضرورت کے وقت یہ دوا اپنا نہایت کامیاب اثر دکھاتی ہے بچہ کو بآسانی باہر نکالتی ہے مخرج جنین اور مدر حیض ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۶ ماشہ ابہل ۶ ماشہ مرمکی۔ جند بیدستر عیہ سائلہ ہر یک یک تولہ شہد۔ دو چند معجون بناویں بوقت ضرورت ۳ ماشہ ھمراہ دودھ گرم دیویں۔

۲۳ **جوشاندہ وردِ زہ** بچہ پیدا ہونے کے وقت سخت تکلیف ہو۔ بچہ پیدا نہ ہوتا ہو جان کا خطرہ لاحق ہو اس وقت یہ نسخہ استعمال کرائیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ نمک سنگ۔ ہموزن لیکر پانی میں جوش دے کر پلاویں فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

۲۴ **بیرون آوردن مردہ جنین** صرف ہینگ کا حمول کرنے سے ہی مردہ جنین خارج ہوگا۔

۲۵ **اکسیر زچہ** بچہ پیدا ہونے کے بعد اگر آنول نہ نکلے تو نہایت خطرناک ہوتی ہے۔ بس یہ علاج کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ کٹ۔ سونف۔ مین پھل۔ ہموزن تیل میں ملاکر نیم گرم کرکے روئی سے تر کرکے اندام نہانی میں رکھیں آنول فوراً باہر آئے گی۔

اکسیر سوت زناں اگر عورت ایام چلہ میں لعارضہ پرسوت مبتلا ہو۔ جس کی وجہ سے تپ لرزہ۔ کھانسی۔ نفخ شکم۔ اسہال۔ درد رحم وغیرہ عوارضات لاحق ہوں۔ ان کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ دورتی نمک ۱ ماشہ باریک کرکے اس جوشاندہ سے دیں دیودار۔ کٹھ شیریں۔ فلفل دراز کوفتہ سچھڑے۔ گشنیز۔ چرائتہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ گج پیپل بیخ کٹائی خورد و کلاں۔ گوکھرو کلاں۔ جوالن۔ بگو۔ انیس۔ کاکڑاسنگی ہر یک ۳ ماشہ جوش دے کر استعمال کرے۔

امراض مخصوصہ بچگان میں ہینگ کی مسیحائیاں

۲۷ حبوب ام الصبیان ۱ جو بچے ام الصبیان جیسی نامراد مرض میں مبتلا ہو کر اپنی ماؤں کی گودیوں کو خالی کر دیتے ہیں۔ ان کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں ایام رضاع میں ہر ہفتہ استعمال کرنے سے پھر مرض کا دورہ نہیں ہوتا۔

صفت۔ ہینگ۔ جائفل۔ جلوتری۔ صبر سقوطری ہر یک ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ باریک کرکے گولی بقدر رائی بنا دیں۔ صبح و شام ہمراہ پانی یا شیر مادر میں گھول کر دیویں اور روئی کہنہ لے کر نمک۔ روغن کنجد و پانی ڈال کر اس قدر پکا دیں کہ پانی خشک ہو جاوے۔ اس روئی کو بچہ کی چھاتی پر رکھ کر کپڑا لپیٹیں۔ حفظ ماتقدم کے طور پر ایک گولی ہر ہفتے کے بعد کھلا دیا کریں۔ پھر مرض عود نہیں کرے گی۔

۲۸ حبوب ام الصبیان ۲ جن کی اولاد ام الصبیان میں مبتلا ہو کر مرجاتی ہو یا مبتلا ہونے کی استعداد رکھتی ہو انہیں چاہیے کہ یہ گولیاں تیار کرکے ان پر مداومت کرائیں اور اس کا معجزنما اثر دیکھیں۔ دورہ کی حالت میں دینے سے دورے بند ہوں گے مداومت کرنے سے استعداد مرض جاتی رہے گی۔ صفت۔ ہینگ۔ گاؤلوچن۔ زعفران ہر یک ۳ رتی عود صلیب۔ جند بیدستر مشک ہر یک ۲ رتی۔ برگ سداب ۲ رتی۔ آب برگ کریلہ حسب ضرورت۔ جملہ ادویہ کھرل کرکے گولی بقدر باجرہ و بقدر رائی بنا دیں چھ ماہ کے بچے کو چھوٹی گولی اور بڑے کو بڑی گولی ہر شب دیویں اور دورہ کے وقت ہر دو گھنٹہ کے بعد ایک گولی دیویں مرض دور ہوگا بچہ زندہ رہیگا

۲۹ حبوب ام الصبیان ۔ ہینگ ۴ رتی طوطیا ۲ رتی مشک ½ رتی پنچال مرغ ۱ ماشہ نوشادر۔ اسپند ہر یک ½۱ ماشہ جائفل تیلیہ ۲ عدد۔ الائچی خوردہ ۵ عدد گل سرخ ۲ ماشہ فلفل سیاہ۔ باؤبڑنگ۔ گوند سہانجنہ ہر یک ۴ ماشہ ریوند چینی ۱ تولہ جملہ ادویہ بول خر سیاہ میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بناکر دودھ میں گھسکر دیویں۔

۳۰ حبوب ام الصبیان ہینگ بریان۔ جدوار۔ پیپتہ ہر یک ۶ ماشہ سہاگہ بریان عصارہ ریوند۔ مرچ سیاہ ہر یک ۹ ماشہ طوطیا ۲ رتی جملہ ادویہ آب ادرک میں کھرل کر کے گولی بقدر ماش بناکر ہر چہار گھنٹہ کے بعد شیر مادر میں گھسکر دیویں۔

۳۱ اکسیر اطفال ۔ یہ دوا بچوں کے اکثر امراض کے دفعیہ کے لئے تریاق ہے۔ اعصابی صدری۔ صفراوی اور امعائی مرض میں بالخصوص مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۱۰ ماشہ کو روغن گاؤ ½ تولہ میں بریاں کریں۔ اور افیم۔ فلفل سفید ہر یک ½۳ ماشہ کتھہ ۷ ماشہ برگ نیم ۱۱ عدد باہم کھرل کر کے سفوف تیار کریں۔ ۳ چاول شیر مادر میں ملاکر دیویں۔

۳۲ تشنج بچگان یہ نسخہ بچوں کے تشنج کے دورہ کے وقت تیر بہدف ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ کستوری ہموزن باریک کر کے ۲ چاول شہد میں ملاکر دیویں۔

۳۳ بخور ام الصبیان ام الصبیان کے دورہ کے وقت اس دوا کی دھونی دیویں آرام ہوگا۔ صفتہٗ ہینگ۔ اجوائن جرمل ملاکر دھونی دیویں

۳۴ بال رکھشک گولیاں یہ گولیاں بچوں کی تمام امراض مثلاً بخار۔ کھانسی۔ اسہال قے۔ بدہضمی۔ درد شکم وغیرہ کو دور کرنے میں لاثانی ہیں۔

صفت۔ ہینگ بریاں ½ تولہ اتیس۔ کاکڑاسنگی۔ ناگرموتھہ۔ پیپل۔ طباشیر۔
بیل گری۔ بیج سفید ہر یک یک تولہ۔ کشنیز۔ اسگندھ بالا۔ جاوتری۔ مرچ سیاہ۔ مصطگی
رومی۔ زہر مہرہ خطائی۔ ملٹھی مقشر۔ اندر جو شیریں۔ سہاگہ بریاں۔ پودینہ خشک
گل سرخ ہر یک ۶ ماشہ گل انار ناشگفتہ ۵ عدد افیم ۱ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کر
کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ شیر مادر دیویں۔

۳۵ نفخ بچگان ہینگ۔ سیندھا نمک۔ زنجبیل۔ الائچی خورد۔ بھارنگی۔ ہم وزن
سفوف بنا کر بمطابق عمر ۱ ماشہ تک پانی کے ہمراہ دیویں۔

۳۶ محافظ اطفال بچوں کی اکثر امراض اور امراض وبائیہ سے محفوظ رکھنے کے
لئے عجیب الاثر گولیاں ہیں۔

صفت۔ ہینگ۔ سوہاگہ بریاں۔ ہموزن۔ شیرہ ادرک میں کھرل کر کے
گولی بقدر دانہ مونگ بنا کر بدرجہ مناسب سے دیویں۔

۳۷ سفوف کرم شکم بچگان بچوں کے دیدان کے لئے اچھا خاصا مفید سفوف ہے
صفت۔ ہینگ ۳ ماشہ بادیان۔ پوست ہلیلہ زرد
ہر یک ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۲ ماشہ سفوف بنا کر ایک رتی صبح و شام ہمراہ شیر مادر دیویں۔

۳۸ حبوب کرم شکم بچگان یہ گولیاں بھی بچوں کے ہر قسم کے کرموں کے لئے مجرب ہیں
صفت۔ ہینگ۔ چاکسو۔ رسونت ہر یک ۲ ماشہ ریلوا
۱ ماشہ مرچ سیاہ ½ رتی برگ نیم ۲۰ عدد عرق ککروندہ میں کھرل کر کے گولی بقدر
دانہ جوار بنا کر ہر روز ہمراہ آب استعمال کریں۔

۳۹ حبوب صرع وام الصبیان بچگان اگر کوئی بچہ مرگی جیسی نامراد مرض میں گرفتار
ہو یا ڈبہ کے دورے پڑتے ہوں تو اس
کا استعمال ان تمام عوارضات پر برق کی طرح اثر کرے گا۔

صفت۔ ہینگ۔ عصارہ ریوند۔ مرکی۔ جمالگوٹہ مدبر ہموزن۔ جملہ ادویہ باریک کرکے گولی بقدر ½ رتی بنادیں اور بوقت مناسب سے دیویں۔

جمالگوٹہ مدبر کی ترکیب ۱

اول جمالگوٹہ حسب ضرورت لیکر پوٹلی بناکر گوبر بھینس میں پانی ملاکر بیچ پوٹلی چھوڑ کر پکاویں۔ بعدہٗ نکال کر دھو کر چھلکا و پتہ دور کریں۔ اور دوبارہ پوٹلی بناکر شیر بھینس میں جوش دیں اور نکال کر کام میں لاویں۔

ترکیب ۲

جمالگوٹہ ۱ حصہ گوند کتیرا ۲ حصہ گوند کتیرا باریک کرکے ایک پوٹلی میں درمیان جمالگوٹہ رکھ کر باندھیں اور پانی ایک سیر میں چھوڑ کر پکادیں جب پانی خشک ہو جائے تو جمالگوٹہ نکال کر پتہ دور کرکے کام میں لاویں۔

حبوب طلسمی

یہ گولیاں کیا ہیں۔ ام الصبیان۔ مرگی۔ تشنج بچگان اور عورتوں کے ہسٹیریا کے لیے جادو اثر ہیں۔ بناکر اثرات ملاحظہ کریں۔

صفت۔ ہینگ۔ افیم۔ جندبیدستر۔ کافور بھیم سینی ہموزن جملہ ادویہ باریک کرکے شہد کی مدد سے گولی بقدر مرچ سیاہ بناکر صبح و شام پانی سے دیویں۔

ضعیف الباہ کو منٹوں میں چاک و چوبند کردینے والا تحفہ۔۔۔۔۔

نہ کھانے کی ضرورت نہ لگانے کی ضرورت:۔ یہ زیرہ کی شکل کی دوائی ہے صرف سوراخ احلیل میں رکھوانے سے اسمیں حیرت انگیز تبدیلی پیدا ہو جائے گی عضو فوراً پھولنا شروع ہو جائے گا۔ اس میں پہلے سے دگنی بلکہ سہ گنی موٹائی پیدا ہو جائے گی اور اس قدر تیزی و تندی پیدا ہوگی کہ برداشت نہ ہو سکے گی۔ بالکل بے ضرر ہے ممسک ادویہ کے شائقین کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قیمت باوجود اتنے اثرات کے ایک روپیہ فی زیرہ۔

امراض مخصوص مرداں میں ہینگ کی شاندار تجلیاں

طلاء برقی یہ طلاء دیکھنے میں گو مختصر ہے لیکن بلحاظ فوائد نہایت قیمتی طلاء ہے اور طویل بے معنی نسخہ جات طلاء سے بدرجہا بہتر ہے

رگیں۔ پٹھے جو بباعث کثرت عیاشی جلق یا بد اعتدالیوں کی وجہ سے سست ہوگئے ہوں۔ کجی یا لاغری آگئی ہو۔ ان شکایات کے لئے یہ طلاء ایک نادر دوائی ہے لطف یہ ہے کہ کوئی آبلہ وغیرہ نہیں ہوتا۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۵ تولہ زردی بیضہ مرغ ۱۴ عدد دونوں کو خوب کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ آتشی شیشی **پتال جنتر**...... روغن کشید کریں پھر اس میں خاسفورس ۳ ماشہ زعفران۔ بیر بہوٹی۔ خراطین ہر یک ۴ ماشہ.. کولنیر یڈاس (Concenzadas) ۱۰ قطرہ ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔ اس تیل میں سے دن کے وقت دھواں اور رات کو شعلے برآمد ہونگے اندھیرے میں لگایا جا سکتا ہے۔ خود بخود روشنی پیدا ہو گی حشفہ و سیون چھوڑ کر پشت و پہلو قضیب پر مالش کر کے برگ پان باندھیں۔ صبح کھول دیں۔ ہفتہ عشرہ میں مکمل فوائد ظاہر ہوں گے۔

پتال جنتر سے روغن کشید کرنے کے مختلف طریقے

(۱) ایک آتشی شیشی کو گل حکمت کر کے ادویہ ڈال دیں شیشی کے منہ میں چند لوہے کی باریک تاریں نصب کر دیں کہ شیشی الٹا نے سے ادویہ نہ گریں اور ادویہ پگھل کر شیشی کا منہ

بند نہ ہو جائے یہ تاریں گرم ہو کر تیل
کو بآسانی خارج کرنے میں بھی مدد دیں
گی۔ اب اس شیشی کو دوسری شیشی کے
منہ میں دے کر گڑھا زمین میں کھود
کر دوسری شیشی کو دفن کر دیں۔ اوپر
اُپلے چن دیں تیل نکل کر نچلی شیشی میں
آجائے گا۔ سرد ہونے پر آہستہ سے نکال لیں

ترکیب ۲

ایک مٹکے کا اوپر کا حصہ مع گلہ علیحدہ
کر دیں نچلے فراخ حصے میں ایک سوراخ
کریں جس سے آتشی شیشی کی گردن باہر نکل
آئے۔ اب آتشی شیشی کو بدستور سابق تاریں
دے کر اس کا گلہ مٹکے کے سوراخ سے نیچے
کر دیں اور مقام وصل کو گل حکمت کریں
اس کو چولہے پر رکھ کر نیچے پیالی رکھ دیں۔ آتشی شیشی کے گرد ریت ڈال دیں
اور اوپر اُپلے چن دیں۔ تیل نکل کر نیچے پیالی میں آئے گا۔ اس طریق سے روغن
نکالنے کا یہ فائدہ ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ تیل نکل رہا ہے یا نہیں۔ اور کس
مقدار میں نکل رہا ہے۔

ترکیب ۳

ایک مٹی کا مستعمل کوزہ لیں۔ اگر چرب شدہ ہو تو بہتر ہو گا اس کے پیندے
میں چند سوراخ کر دیں۔ اب ایک گڑھا زمین میں کھودیں۔ بہتر ہے کہ گڑھا

اتنا چوڑا ہو جس میں صرف پیالی آسکے۔ گڑھے میں پیالی رکھ کر اوپر کوزہ رکھ دیں اور گڑھے کے کناروں کو مٹی لگادیں تاکہ کوزہ اچھی طرح آجائے اور کوئی سوراخ نہ رہے۔ اوپر اپلے چن دیں۔ تیل نکل کر پیالی میں جمع ہوگا۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکالیں تاکہ اردگرد کی مٹی نہ گرے۔

ترکیب ۴



ایک مٹکے کو توڑ کر اس کا پیندا جدا کردیں۔ اور اوپر والے حصہ کو اوندھا چولہا پر رکھیں اور اس کے گلے پر دوا سے بھرا ہوا کوزہ رکھ دیں جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے اور کوزہ کے مقام وصل کو اچھی طرح مٹی لگا دیں چولہے میں کوزہ کے سوراخ کے نیچے پیالی رکھ دیں اور مٹکے کے حصہ میں اوپلے بھر دیں۔ تیل نکل کر پیالی میں گرے گا اس ترکیب سے روغن کشید کرنے میں طریق نمبر ۲ کی طرح تیل نکلنے کا پتہ لگ جاتا ہے۔ کہ تیل کس مقدار میں نکل رہا ہے۔

ترکیب ۵

ایک مٹکہ لے کر اس کے پہلو میں سوراخ کر دیں اور آتشی شیشی کی گردن اس کے سوراخ سے گزاریں۔ پہلے آتشی شیشی میں ادویہ ڈال دیں۔ مقام وصل کو گل حکمت کرکے مٹکے کو ریت سے بھر دیں۔ نیچے آگ



جلادیں۔ آگ کی حرارت سے ریت گرم
ہوگی اور تیل نکلے گا۔ اس طریق سے
یہ فائدہ ہوگا کہ آگ اپنی مرضی کے
مطابق گھٹا بڑھا سکتے ہیں۔ آگ
برابر اور نرم ہوگی لہذا تیل بھی
اچھی طرح اور مصفےٰ ہوگا۔

ترکیب ۶



ایک چینی کا پیالہ لے کر اس پر ایک
باریک کپڑا تان کر باندھیں۔ کپڑا پر ادویہ
جوکوب کرکے ڈال دیں۔ کپڑے کے
اوپر پیالہ کے کناروں پر چاروں طرف
آٹے کا حلقہ بنادیں۔ اس حلقہ پر توا
رکھیں توا پر کوئلے ڈال دیں۔ تیل نکل
کر پیالہ میں گرے گا یہ طریق لطیف ادویہ مثل لونگ۔ بیر بہوٹی۔ الائچی وغیرہ
کا تیل نکالنے کے کام آتا ہے۔

ترکیب ۷

یہ طریق بھی بہت ہی لطیف ادویہ
کا تیل نکالنے کے لئے جن کو زیادہ آنچ
آجانے سے جل جانے کا خوف ہو استعمال
کیا جاتا ہے۔ نیز اس میں یہ فائدہ ہے
کہ جب تیل کو دیکھنا چاہیں۔ برتن اٹھاکر

دیکھ سکتے ہیں۔ ایک مستعمل چرب شدہ کوزہ لے کر اسکے پیندے میں سوراخ کریں۔ اس میں ادویہ ڈال کر چینی کی پیالی پر رکھیں برتن کے منہ پر ایک توار کھ دیں اوپر کوئلے جلادیں آگ کی گرمی سے برتن گرم ہو کر تیل نکلے گا۔

ترکیب عـ۸

ایک ہنڈیہ لے کر اس کے درمیان اینٹ رکھ دیں۔ اینٹ کے اوپر پیالی رکھ دیں اینٹ کے چاروں طرف ادویہ ڈال دیں اور چولہے پر رکھ دیں ہنڈیہ کے اوپر ایک کڑاہی ٹھنڈے پانی سے بھر کر رکھ دیں کہ اچھی طرح ہنڈیہ پر آجاوے اور کوئی سوراخ نہ رہے۔ بہتر ہے کہ آٹا لگادیں تاکہ بخارات

باہر نہ نکل سکیں۔ نیچے آگ جلادیں ادویہ بخارات بن کر بصورت تیل اوپر اٹھیں گی اور کڑاہی کے پیندے سے ٹکرائینگی لیکن کڑاہی کے ٹھنڈا ہونے کے باعث نیچے پیالہ میں تیل گرے گا جب کڑاہی کا پانی گرم ہو جائے تو نکال کر ٹھنڈا پانی ڈال دیں اس طریق سے مصفٰا اور لطیف تیل بغیر کسی قسم کی بد بو کے نکلتا ہے گندھک اور لوبان کا تیل اسی طرح حاصل کیا جاتا ہے۔

نوٹ:۔ اگر پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے شیشی یا برتن میں ڈالے جاویں اور سوراخوں کے اوپر رکھے جائیں تو اس سے تیل خوب نکلتا ہے ادویہ خام نہیں رہتیں۔ پتھر گرم رہتا ہے۔ اور اس کی گرمی سے تیل نکلتا ہے۔

ترکیب ۹

ایک روی کڑاہی حاصل کریں۔ جس کے پیندے میں اتنا سوراخ کرلیں کہ کوزہ اوپر آسکے۔ کوزہ میں ادویہ ڈال کر کڑاہی میں سوراخ کے اوپر رکھ کر مقام اتصال پر مٹی لگا کر نصف کڑاہی ریت سے بھر دیں۔ اب ایک ایسی بوتل لیں جس کی نچلی سطح اندر کی جانب ابھری ہوئی ہوتی ہے اس ابھری ہوئی سطح کی نوک میں سوراخ کردیں اور کوزہ میں لگا کر مقام اتصال کو مضبوط گل حکمت کردیں۔ کڑاہی کے نیچے آگ جلا دیں تیل بصورت بخار کوزہ میں سے نکل کر سوراخ کی راہ بوتل میں ابھار کے گرداگرد جمع ہوگا اور تمام تیلوں سے لطیف ہوگا۔ اس طریق سے تھوڑی چیزوں کا تیل نکل سکتا ہے۔ اور کھانے کیلئے نکالا جاتا ہے۔ یہ طریق ایک کیمیاگر کا عطیہ ہے۔



کوزہ میں بجائے ادویہ کے اگر قلعی یا سکہ یا جست ڈالیں تو اس کا روح بصورت نمکین عرق ابھار کے ارد گرد جمع ہوجائیگا جو کہ جریان۔ احتلام وغیرہ کو مفید ہے۔

۴۲ طلاء معظم اکسیر اعظم خاص الخاص۔

نہایت مجرب نسخہ ہے۔ جو لوگ عضو کے دراز یا فربہ ہونے کے قائل نہ ہوں وہ اس طلاء کو تیار کر کے استعمال کریں اور درازی اور فربہی کے علاوہ بے پناہ سختی و تندی کا مشاہدہ کریں۔ ہر عمر اور ہر موسم میں فائدہ رساں ہے۔ ایک قابل قدر تحفہ ہے

صفت۔ ہینگ مالکنگنی۔ اجوائن خراسانی۔ کٹھ تلخ۔ حرمل۔ اندر جو تلخ۔ لونگ

مغز انڈا۔ بیخ مدار۔ لوبان کوڑیہ۔ کنگن خار سرخ۔ عقر قرحا۔ دار ہلد۔ بیر بہوٹی۔ تخم دھتورہ۔ جائفل۔ افیم۔ خراطین۔ کچلہ۔ بلادر۔ میٹھا تیلیہ۔ رنگ سفید۔ بیخ کنیر سفید سہاگہ سفید۔ گندھک آملہ سار۔ ہڑتال ورقیہ۔ سم الفار سیاہ۔ سم الفار سفید۔ ہر یک یک تولہ۔ زردی بیضۂ مرغ ۲۰ عدد

(۱) کچلہ۔ بلادر۔ میٹھا تیلیہ۔ رنگ سفید۔ بیخ کنیر بول گاؤ میں پکاویں۔ کہ نرم ہو جاویں۔ (۲) سہاگہ سفید پیالی میں ڈال کر آب لہسن اتنا ڈالیں کہ سہاگہ ڈوب جائے۔ آگ پر رکھ کر خشک کریں اسی طرح سات بار تر و خشک کریں۔

(۳) گندھک کو آب حرمل سبز میں ایک گھنٹہ تک پکاویں اور آب جذب کریں۔

(۴) ہڑتال ورقیہ کو روغن زرد میں بریاں کرے کہ ورقیہ روغن میں حل ہو جائے۔

(۵) سوڈا بازاری۔ ۵ تولہ کو ½ سیر پانی میں حل کر کے سم الفار زرد و سیاہ کو کڑاہی میں رکھ کر بطور چوبہ پکاویں کہ محلول ہو جائے۔

بعدہٗ جملہ اشیاء باریک کر کے ملا کر زردی بیضۂ مرغ میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کر کے محفوظ رکھیں۔ تین تولہ تیل میں ایک تولہ سیماب ڈال کر کھرل کریں۔ سیماب ناپید ہو گا۔ بس روغن تیار ہے۔ حسب طریق استعمال کریں۔ جب بھی ضرورت پڑے تین تولہ تیل میں ایک تولہ پارہ کھرل کر کے استعمال کرائیں۔

۳۴ طلاء بے نظیر :- یہ طلاء نہایت قوی الاثر ہے۔ سستی و کجی کو دور کرے گا اور کافی نعوذ پیدا ہو گا۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ سم الفار سفید۔ سم الفار سیاہ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ جائفل جلوتری۔ لونگ۔ رنگ سفید۔ عقر قرحا۔ بیخ کنیر سفید۔ مالکنگنی ہم وزن لے کر خوب باریک کر کے روغن چنبیلی۔ ۱ تولہ میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر

تیل نکالیں۔ اور بطریق معروف استعمال کریں۔

طلاء معظم غوکی یہ طلا مجلوق نامرد کے عضو کو قوی اور بڑھانے کے لئے مفید ہے استعمال کر کے قدرت کا تماشا دیکھیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ ہر یک ۶ ماشہ زلو ۱۰ عدد۔ مینڈک صحرائی ۱ عدد کوٹ کر زردی بیضۂ مرغ میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر روغن نکالیں اور استعمال کریں۔

۵۴ طلاء نادر یہ مختصر الاجزا طلا بلحاظ فوائد طلاؤں کا سرتاج ہے پہلے ہی روز کے استعمال سے فائدہ ظاہر ہو گا اور چند روز کے استعمال سے اس قدر زور ہو گا کہ برداشت مشکل ہو جائے گی۔

وہ مرد جو پہلے ایک عورت کے نام سے گھبراتا ہو اس کے استعمال سے ایک ہی وقت میں دس عورتوں کو خوش کر سکے گا۔ صفتہٗ۔ ہینگ ۱ تولہ۔ چربی خنزیر ۵ تولہ ہر دو ادویہ کو متواتر تین یوم کھرل کریں۔ رات کو مالش کر کے بنگلہ پان باندھیں۔

نوٹ۔ چونکہ اسلامی برادری میں خنزیر کا خارجی، داخلی استعمال حرام ہے اس لئے مسلم حضرات کو اس کے استعمال کی جرأت نہ کرنی چاہیے۔

ضماد مایوسین علاج کرا کر مایوس شدہ مجلوق ذرا اس ضماد کا استعمال کر کے بھی دیکھیں مجلوق کو پورا مردنہ بنا دے تو کہنا۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ چیونٹی سرخ۔ (جو آم کے درخت پر یا اس کے نیچے ملیں گی) سیماب۔ قرنفل۔ بیر بہوٹی۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۱ تولہ۔ روغن چنبیلی ۲ تولہ جملہ ادویات کو متواتر چھ گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ بقدر ۱ ماشہ لیپ کر کے برگ پان باندھیں۔

۳۸ ضماد اکسیری یہ ضماد بھی نامرد مخلوق کے لئے لاثانی ہے اس کا استعمال پہلے ہی روز فائدہ دیتا ہے۔ اگر چہ تھوڑی دیر تکلیف ہوتی ہے لیکن فائدہ جلد ہوتا ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ لونگ۔ ہریک ۳ ماشہ مرچ سیاہ تخم مرچ سرخ ہریک ۱ ماشہ عقرقرحا۔ بیر بہوٹی۔ ہریک ۶ ماشہ۔ پتہ روہو مچھلی۔ پتہ گاؤ نر ہریک ۶ عدد جملہ اشیاء کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بناویں اور شراب برانڈی میں حل کر کے لیپ کریں

۳۹ طلاء کچی ہینگ۔ افیم۔ دارچینی۔ ہموزن۔ روغن کنجد۔ تینوں کے برابر۔ تیل میں پہلے افیم ملا کر پھر ہینگ و دارچینی ملا دیں عضو کو گرم پانی سے دھو کر کپڑے سے خوب ملیں تاکہ سرخ ہو جائے۔ حشفہ وسیون چھوڑ کر مالش کر کے دو ٹکڑے لکڑی کے رکھ کر سیدھا کر کے باندھیں۔ صبح کھول کر گرم پانی سے دھو کر پھر باندھیں۔

۴۰ طلائے شباب ایام شباب کی بداعتدالیوں سے جس قدر شکایات اور عام کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ ان کے ازالہ کے واسطے یہ طلاء نہایت مفید ہے۔ تازہ قوت پیدا کر کے نامرد کو مرد بناتا ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ قرنفل۔ جاوتری۔ زعفران۔ مالکنگنی۔ اجوائن خراسانی لہسن۔ کافور بھیم سینی۔ سہاگہ۔ چرک گوش انسان۔ شنگرف۔ پوست بیخ کنیر سفید بیر بہوٹی جوز بوا۔ خراطین۔ میٹھا تیلیہ۔ گھونگچی سفید عقرقرحا۔ دارچینی جند بیدستر ہریک ۱/۲ تولہ چربی ریچھ۔ چربی شیر۔ ہریک ۱/۴ تولہ۔ جونک خشک ۷ عدد مغز سر کنجشک نر خانگی ۶ عدد مغز غوک ۴ عدد بھلاور ۱۰ عدد۔ پیاز نرگس مغز و چربی سانڈہ۔ مغز و چربی نیولہ ہریک ۲ عدد جملہ کوٹنے والی ادویہ کو باریک کر کے باقی ادویہ ملا کر دو دن خوب کھرل کریں۔ اول بھنگ نمک طعام

پانچ پانچ تولہ کو بارہ سیر پانی میں جوش دے کر ناف کے نیچے کے حصہ کو پیڑو۔ کنج ران اور عضو مخصوص وغیرہ کو گرم پانی سے دھوئیں۔ جب سات یوم ہو جائیں تو پھر طلاء کا استعمال کریں۔ حشفہ وسیون چھوڑ کر مالش کر کے برگ پان باندھیں صبح کھول کر ایک گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے دھوئیں۔ اگر کچھ دانے نکلیں تو طلاء موقوف کر کے روغن چنبیلی لگادیں۔ آرام آنے پر پھر لگائیں۔

طلاء طلسمی یہ طلاء بھی مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے۔ فوائد نام سے ظاہر ہیں۔ واقعی اپنے طلسمی اثر میں لاثانی ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ عقر قرحا۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ مغز جمالگوٹہ۔ جند بید ستر ہر یک ۲ تولہ سیماب گندھک سم الفار سفید۔ سم الفار زرد۔ ہڑتال ورقیہ۔ رتک سفید۔ قرنفل۔ خراطین۔ ہر یک یک تولہ بچھناک سیاہ زعفران۔ ہر واحد ۶ ماشہ بیر بہوٹی۔ ۳ تولہ چربی شیر روغن چنبیلی ہر واحد ½ پاؤ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد مار سیاہ ایک بالشت سر کی طرف سے اعدد پارہ گندھک کی کجلی کریں۔ پھر ہر دو سم الفار ہڑتال و بچھناک ڈال کر دو یوم کھرل کریں۔ باقی ادویہ علاوہ مار سیاہ ڈال کر دو یوم کھرل کریں۔ پھر مار سیاہ علیحدہ کوٹ کر ملا لویں اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں پاؤ یا سوا پاؤ کے قریب تیل بر آمد ہوگا۔ آتشی شیشی میں بند کر کے ۲۰ روز گھوڑے کی لید میں دفن کر چھوڑیں بعدہٗ نکال کر استعمال کریں۔

طلاء شاہجہانی اس طلاء کی اس طرح حکایت بیان کرتے ہیں۔ کہ بادشاہ شاہجہان کے زمانہ میں بادشاہ کے کسی امیر کی شادی ہوئی چونکہ امیر مذکور مجلوق تھا اس لئے وہ جماع پر قادر نہ ہو سکا۔ ہر چند ادویہ کا استعمال کیا لیکن بے سود۔ اس وجہ سے وہ بہت بدنام ہو گیا۔ اس بدنامی سے وہ اپنے آپ کو زندہ در گور سمجھنے لگا۔ اور زہر کھا کر اس جہان فانی سے

عالم جاودانی کو کوچ کرنے کا عزم مصمم کر لیا۔ اس واقعہ کی خبر ایک لائق حکیم کو جو کہ اس شہر میں رہتا تھا ہوئی۔ چنانچہ وہ حکیم امیر موصوف کے پاس پہنچا جس نے اسے ایک طلاء تیار کر کے دیا جس کے استعمال سے ایک ہفتہ عشرہ بعد وہ عورت پر قادر ہونے کے لائق ہو گیا۔ امیر مذکور نے پچاس ہزار درہم بطور انعام حکیم مذکور کو دئے وہ طلاء یہ ہے۔

صفت،۔ ہینگ: کچھناک سیاہ بلادر کلاہ بریدہ۔ کچلہ۔ پوست بیخ کیر سفید گل موبزج۔ فرفیون۔ اجوائن۔ مغز حبہ سفید حب السلاطین۔ اندر جو تلخ۔ اسپند بھپکر مول۔ مازو۔ انزروت سفید۔ زرد چوب۔ عقر قرحا۔ دار چینی۔ زعفران مشک۔ مومیائی۔ قرنفل۔ سیماب۔ گندھک۔ سم الفار سفید۔ سم الفار زرد ہڑتال ورقیہ۔ بورہ ارمنی۔ خراطین۔ بیر بہوٹی۔ جونک۔ سانڈہ دم بریدہ قیمہ کردہ۔ جند بیدستر۔ برادہ عاج۔ گوہ دم بریدہ خشک۔ موم سفید۔ چربی شیر۔ چربی مینڈک ہر یک ۲ تولہ۔

اول پارہ و گندھک کو خوب کھرل کر کے باقی سمیات ملا کر کھرل کریں پھر ادویہ ہینگ تا قرنفل ڈالکر کھرل کریں۔ بعدہٗ ادویہ خراطین تا چربی مینڈک ڈال کر خوب کھرل کریں۔ زردی بیضۂ مرغ ۱۰ عدد روغن نرگس روغن زنبق ایک ایک پاؤ۔ روغن گاؤ ½ سیر ادویہ کھرل کردہ میں ملاویں۔ اب ایک ہنڈیہ لے کر اس کے نیچے چند باریک سوراخ نکالیں ایک پیالہ نیچے رکھ کر مٹی سے اچھی طرح گل حکمت کر دیں۔ اور ادویہ بمعہ ایک عدد مار سیاہ ڈال دیں اور منہ سر پوش سے بند کر کے اچھی طرح گل حکمت کریں بعدہٗ اسی ہنڈیہ کو لید اسپ میں ماہ ساون و بھادوں دفن کر دیں۔ بعدہٗ نکالیں۔ پیالہ میں جو روغن چکیدہ ہو بحفاظت رکھیں اور استعمال کریں۔

۱۲۔ طلاء کرامت

یہ طلاء ہر قسم کی کمزوری سستی خصوصاً مجلوق کے نہایت مفید ہے موٹائی و درازی پیدا کرے گا۔ بعد استعمال ہی قدر معلوم ہو گی۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ رتنک سفید۔ مغز پنبہ دانہ بھلاور شہد۔ شیر مدار ہر یک ۵ تولہ سم الفار سفید ۲½ تولہ جملہ ادویہ باریک کر کے گولیاں بنا کر روغن کشید کریں۔ تقریباً چھ سات تولہ روغن برآمد ہو گا۔ اس روغن میں پارہ۔ گندھک۔ آملہ سار ہر یک یک تولہ کجلی کریں مصطگی رومی بیر بہوٹی خراطین، زلو۔ مغز مینڈک صحرائی ہر یک ۶ ماشہ پتہ روہو مچھلی ۳ عدد واسٹر کنیا ۲½ ماشہ تین یوم کھرل کریں۔ مالش کر کے برگ پان باندھیں۔ صبح کھول دیں۔

۱۳۔ طلاء نفیس

یہ نہایت نفیس اور لاثانی طلاء ہے ۱۲ یوم میں نامرد مجلوق مرد ہو گا۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۱ تولہ افیم ۱½ ماشہ کژدم سیاہ ۱ عدد عودسک ۶ ماشہ۔ ان ادویہ کو پیس کر ایک عدد موش خاردار کا شکم صاف کر کے بھر دیں۔ اور دھوپ میں رکھ دیں۔ بعدہٗ قیمہ کر لیں اور ایک سانپ پھندار کے پھن کو لے کر قیمہ کر کے دونوں قیموں کو ملا کر گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں :۔

۱۴۔ سہل الحصول پٹی و طلاء

یہ کم قیمت سہل الحصول علاج مجلوق مایوس الحال کے لئے بتر بہدف ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے لاثانی ہے۔ جملہ شکایات دور ہو کر سطری۔ درازی اور تیزی پیدا ہو گی۔

صفتہٗ۔ ہینگ بقدر ضرورت لیکر شیر بُز میں کھرل کر کے پٹی لگا دیں اور عضو پر رکھ کر باندھیں ۲۴ گھنٹہ کے بعد پٹی بدل دلویں۔ سات پٹی لگانے کے بعد طلاء ذیل لگا دیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ سہاگہ سفید۔ ہر یک ۶ ماشہ روغن دار چینی۔ روغن قرنفل ایک ایک تولہ ہر چہار ادویہ کو اس قدر کھرل کریں کہ یک جان ہو جاویں۔ مالش کر کے برگ پان باندھیں۔

۵۵ ضماد مقوی۔ منغظ و مصلب یہ ضماد بھی مخلوق کی جملہ شکایات کے ازالہ کے لئے مفید ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ پھٹکری سول ہر یک ۵ تولہ برگ پان ۵۰۰ عدد ایک ایک برگ ڈال کر کھرل کر کے گولیاں بناویں۔ آب دہن سے گھس کر ضماد کریں اور برگ پان باندھیں۔

۵۶ پٹی معظم و مسمن قضیب اس پٹی کے استعمال سے عضو میں فربہی و درازی پیدا ہوگی اور حد درجہ خیز ش ہوگی۔ تمام گندہ مواد بصورت پسینہ خارج ہوگا۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ شہد۔ کھرل کر کے برگ پان پر لگا کر پٹی باندھیں۔

۵۷ ضماد مقوی دافع کجی ہینگ۔ آب ادرک میں حل کر کے عضو پر ضماد کریں اس پر سفوف خراطین چھڑکیں اور اوپر قیمہ گوشت بکری نیم گرم باندھیں۔ صبح کھول دیں ہفتہ عشرہ تک فوائد ظاہر ہوں گے۔ اگر عضو آگے سے موٹا اور نیچے سے باریک ہو تو باریک جگہ پر عمل مذکور کریں۔

۵۸ طلاء سبز ہینگ تولہ شہد ۵ تولہ ہر دو اشیا کو کانسی کے تھال میں کانسی کے برتن سے گھوٹیں کہ سبز ہو جائے مالش کر کے برگ پان باندھیں

تقویت و نعوظ قضیب تھوڑی سی ہینگ سوراخ احلیل میں رکھیں منٹوں میں چاک و چوبند کر دے گا۔

۶۰ **ضماد مقوی** یہ لیپ ضرورت کے وقت نہایت فائدہ مند ہے۔ لیپ کرتے ہی عضو میں قوت و ہیجان پیدا ہو جاتا ہے اور کمال تندی آجاتی ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ پارہ۔ شہد ہموزن کھرل کر کے ضماد کریں۔

۶۱ **ضماد معظم و مسمن۔** ہینگ ۱ حصہ پیشاب گاؤ۔ ۵ حصہ کھرل کر کے حشفہ چھوڑ کر تمام عضو پر ضماد کریں اور برگ پان باندھیں صبح گرم پانی سے دھوئیں۔ فربہی درازی پیدا ہو گی۔

۶۲ **ضماد سرتاج** ہینگ۔ زعفران۔ ایک ایک ماشہ مغز ارنڈ ۱ تولہ شیر بز میں کھرل کر کے نیم گرم ضماد کر کے برگ پان باندھیں۔

۶۳ **ضماد مجلوقی** ہینگ۔ خراطین چھ چھ ماشہ روغن دارچینی۔ ۱ تولہ اچھی طرح کھرل کر کے استعمال کریں۔ اوپر بنگلہ پان باندھیں۔ ہفتہ عشرہ میں فوائد ظاہر ہوں گے۔

۶۴ **ضماد عجیب** نہ عضو پر طلاء کی ضرورت اور نہ ہی کسی ضماد کی ضرورت۔ بلکہ کمر پر لیپ کرنے سے ہی خیزی اور قوت جماع حاصل ہوتی ہے

صفتہٗ۔ ہینگ ۱½ ماشہ فلفل سیاہ۔ عقرقرحا۔ افربیون۔ ہر یک ۲½ ماشہ روغن بلسان۔ روغن قسط۔ پانچ پانچ ماشہ فلفل دراز۔ جوز بری۔ ہر یک ۲ ماشہ مندرجہ خشک اشیاء کو خوب باریک کر کے روغن میں حل کر کے کپڑے پر لیپ کر کے کمر پر باندھیں اور باہ کے عجائبات کا مشاہدہ کریں۔

۶۵ **تکمید برائے مجلوق** جب کہ مریض مجلوق کی حالت نہایت ردّی ہو۔ کمزوری کجی ٹیڑھاپن موجود ہو عضو بالکل لاغر اور پتلا ہو تو طلا کرنے سے پیشتر تکمید کا استعمال ضرور کریں انشاء اللہ العزیز بالکل صحت ہو گی۔

صفت، ہینگ۔ قرنفل۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ کابچیل۔ اسگند۔ خولنجان
ریوند چینی۔ دارچینی۔ تخم پنواڑ۔ نارجیل کہنہ۔ مغز پستہ۔ مغز چرونجی۔ زنجبیل
موچرس۔ پلاس پاپڑہ۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ ہر یک
ایک تولہ۔ بیر بہوٹی۔ مالکنگنی۔ ہر یک ۳ تولہ۔ قند سیاہ۔ سرشف۔ تخم نزب۔ مغز
پنبہ دانہ۔ مغز بادام ہر یک ۲ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک کر کے
چربی شیر ۲ تولہ پگھلا کر ملالیں اور برانڈی ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے دو عدد پوٹلیاں
بنا دیں۔ روغن کنجد کو توا پر ڈال کر آگ پر رکھیں۔ ایک پوٹلی توا پر تیل میں چھوڑ
دیں جب گرم ہو جائے تو اس کو اٹھا کر دوسری رکھ دیں اور اس گرم پوٹلی سے
تمام عضو پر اس کے اوپر نیچے ادھر ادھر ٹکور کریں۔ جب سرد ہونے کے قریب
ہو تو اسے عضو پر ملیں تاکہ اس سے نکلا ہوا روغن عضو میں جذب ہو جائے جب
بالکل سرد ہو جائے تو دوسری گرم پوٹلی سے ٹکور کریں اور پہلی کو پھر توا پر رکھ دیں
اسی طرح ایک گھنٹہ تک ہر روز ٹکور کریں۔ فراغت کے بعد پان کا پتہ باندھ کر سو
جایا کریں۔ دس روز کے بعد پوٹلیاں اکٹھی کر لیں اور بقدر ۲ تولہ لے کر پان پر پھیلا
کر عضو پر باندھا کریں۔ صبح کھول دیا کریں اور سب دوائی ختم کر دیں۔

"طلائے نشاط المعشوق" اس طلا میں عیش و عشرت کے تمام خزانے بند ہیں
پوری تعریف خلاف تہذیب سمجھ کر صرف اتنا لکھنا
کافی ہے کہ اس کے استعمال سے مدخولہ دست بستہ غلام رہے گی۔

صفت، ہینگ ا تولہ روغن زنبق ۵ تولہ دونوں کو شیشی میں ڈال کر ایک
ہفتہ دھوپ میں رکھیں بعدہٗ چھان کر لوقت ضرورت استعمال کریں۔ طرفین کو
کمال لذت حاصل ہو گی۔

طلائے ممسک یہ نسخہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہے امساک کا امساک اور تیزی کی تیزی۔ بار بار جماع کرنے سے بھی انتشار کم نہ ہوگا

صنعتہ۔ ہینگ۔ شہد میں حل کرکے ایک گھنٹہ پیشتر طلاء کریں اور اس کا برقی اثر ملاحظہ کریں۔

۶۸ **حبوب ممسک** یہ گولیاں امساک کے لئے پُرتاثیر ہیں لطف یہ ہے کہ اس کے استعمال سے کسی قسم کا نقصان نہیں ہوتا۔ تمام قوتیں قائم رہتی ہیں۔

صنعتہ۔ ہینگ۔ قرنفل۔ جاوتری۔ شنگرف۔ جدوار۔ مصطگی رومی زعفران۔ افیم ہموزن کوفتہ بیختہ کرکے آب پیاز سفید میں سہ یوم کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناویں ایک یا دو گولی قبل جماع دو گھنٹے ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

۶۹ **معجون شباب** یہ معجون موسم سرما کے لئے عجیب تحفہ ہے۔ نامرد کو مرد اور مرد کو شیر مرد بنا دیتی ہے مغلظ و مولد منی ہے۔

صنعتہ۔ ہینگ۔ سرسوں۔ تخم جرجیر ہریک ۵ ماشہ تخم گندر تخم شلغم۔ تخم پیاز تخم ترب۔ ہلیون۔ چلغوزہ۔ مرچ سیاہ حب الزلم۔ شقاقل۔ بوزیدان بہمن سرخ وسفید۔ تودری سرخ وسفید۔ اندر جو۔ ہریک ۱۰ ماشہ زنجبیل۔ خرفہ۔ دار فلفل ہریک ۱۵ ماشہ روغن نارجیل۔ روغن پستہ ہموزن جتنے میں ادویہ تر ہو سکیں شہد بقدر ضرورت معجون بناکر اوّل صبح وشام ہمراہ دودھ دیویں۔

معجون مولد منی یہ معجون تقویت باہ اور مولد منی کے لئے نہایت عجیب ہے۔

صنعتہ۔ ہینگ ۶ ماشہ تخم نیزہ تیزک۔ تخم کونچ۔ مغز چلغوزہ ہریک ۱۰ ماشہ۔ زنجبیل وشقاقل۔ بوزیدان خصیۃ الثعلب ہریک ۴ ماشہ

جملہ ادویہ باریک کرکے روغن بادام میں چرب کرکے مصری و شہد ہر یک ۲۰ تولہ کا قوام کرکے معجون بنا دیں۔ اور بقدر ۹ ماشہ دودھ سے استعمال کریں۔

۱۔ **سفوف مقوی** اس سفوف کے استعمال سے کمی خون کے ضعیف البدن لوگوں کو کافی قوت پیدا ہوتی ہے۔

صفتہ:- ہینگ۔ ہیرا کسیس۔ ہموزن سفوف کرکے ۱ ماشہ دودھ سے دیں۔

۲۔ **حبوب منغظ** مجلوق کے ابتدائی علاج میں نہایت مفید ہے۔ کم قیمت اور سہل الحصول ہونے کی وجہ سے قابل قدر ہے۔ جریان۔ ضعف باہ۔ ضعف ہاضمہ کے لئے مفید ہے۔ مجلوق کے معدہ کی اصلاح کرے گا۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے کافی سے زیادہ نعوظ حاصل ہوگا۔

صفتہ:- ہینگ۔ عقرقرحا۔ ہموزن۔ شیر برگد میں سہ روز کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ہمراہ عرق سولف استعمال کریں۔

۳۔ **معجون مبہی** ضعیف البدن لوگوں کے لئے تحفہ خاص ہے۔ وقت سے دو گھنٹہ پہلے استعمال کرنے سے جماع پر قادر کر دیگا۔ عجیب چیز ہے۔

صفتہ:- ہینگ بریان در روغن۔ ۱ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ شہد میں معجون بنا کر ۲ ماشہ ہمراہ آب گرم دیویں۔

۴۔ **مقوی باہ بیضہ مرغ** اس ترکیب سے ہینگ کا استعمال حد درجہ مقوی باہ ہے عضو کو قوی کرتا ہے شہوت کو تیز کرتا ہے بدن میں بجلی کی طرح طاقت پیدا ہوگی۔ عجیب فوائد ظاہر ہوں گے۔

صفتہ:- ایک انڈا لے کر اس میں سوراخ کرکے ہینگ ۱ ماشہ ڈالیں اور منہ بند کرکے مٹی کا لیپ کرکے بھوبھل میں دبا دیں پک جانے پر نکال کر استعمال کریں۔

مقوی اعصاب گولیاں
یہ گولیاں بلغمی مزاج اصحاب کے لئے تحفہ بے بہا ہیں ضعف اعصاب خصوصاً رعشہ کے لئے اکسیر صفت ہیں

صفتہ۔ ہینگ۔ جند بیدستر۔ زعفران ہر یک ۲ ماشہ اسطوخودوس۔ ہلیلہ کابلی۔ پودینہ ہر یک ۵ ماشہ قرنفل ٹرزید۔ غاریقون۔ عقرقرحا ہر یک ۳ ماشہ فرائی سلفاس ۳ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۱ ماشہ۔ الب ڈ آرسنیک ½ ماشہ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بناویں۔ صبح و شام غذا کے ½ گھنٹہ بعد ہمراہ شیر ۲ تولہ پانی ایک پاؤ ملا کر دیویں۔

کچلہ مدبر کی چند ضروری ترکیبیں
کئی طرح سے کچلہ مدبر کیا جاتا ہے مگر یہاں آسان ترین اور مفید ترین تراکیب لکھی جاتی ہیں۔

(۱) کچلہ حسب ضرورت لیکر ریت کے درمیان تہ بہ تہ رکھیں اور پانی سے برتن بھر دیں۔ جب نرم ہو جائیں تو نکال کر چھیل کر پتہ دور کر کے ریتی سے رگڑ یں اور پوٹلی بنا کر دودھ میں جوش دے کر رکھ لیں۔ تیار ہے۔

ترکیب ۲
کچلہ حسب ضرورت لیکر دودھ میں ایک ہفتہ بھگوئیں ہر روز دودھ تازہ ڈالیں۔ ایک ہفتہ کے بعد نکال کر گھی میں بریاں کریں۔ پھول جائیں گے۔ پتہ و چھلکا دور کریں۔ تیار ہے۔

ترکیب ۳
کچلہ ایک پاؤ کو ایک سیر گندم کے ہمراہ بھٹی میں بریاں کرائیں جب اچھی طرح بریاں ہو جائیں تو نکال لیں مدبر ہو گا۔

ترکیب (۴) کچلہ حسب ضرورت لے کر جوشاندہ ببول میں اس قدر جوش دیں کہ

نرم ہو جائے۔ نکال کر رکھیں۔ کچلہ مدبّر ہو گا۔ لطف یہ ہے کہ کڑواپن بھی دور ہو گا مگر فوائد میں کوئی کمی واقع نہ ہوگی۔

ترکیب ۵

کچلہ حسب ضرورت لے کر کاسۂ چینی میں آب گھیگوار کے اندر دو ہفتہ بھگو رکھیں۔ نرم ہو جائیں گے چھلکا و پتہ دور کر کے آب ادرک میں دو ہفتہ بھگوئیں بعدہٗ کوٹکر استعمال کریں۔

نوٹ کچلے جب نرم ہوں اسی وقت کوٹکر رکھ لیں۔ خشک ہونے پر سخت ہو جائیں گے پھر کوٹنا مشکل ہو جائے گا۔

۶، حبِ فولادی اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ اور مقوی اعصاب گولیاں ہیں مجلوق کے حواس باختہ کو درست کرتی ہیں۔ خصوصاً مالیخولیا مراقی کو نیست و نابود کرتی ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۵ رتی کونین سلفاس۔ سم الفار دو دو رتی جدوار ۲ ماشہ فاسفیٹ آف آئرن۔ اکسٹرکٹ ہائیو سائمس ہر یک ½۲ ماشہ شہد سے گولی بقدر ½ رتی بناویں۔ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

عضو کی مردہ رگوں کو از سرِ نو بیدار کرنے والا

عضو کو فربہ اور فولاد کی طرح مضبوط کرنے والا

برقی طلاء اکسیر مجلوق، جلق اور کثرت عیاشی سے پیدا شدہ خارجی عوارضات مثل سستی۔ کجی۔ لاغری وغیرہ کا ہفتہ عشرہ میں قلع قمع کرنے کے لئے ایک عجیب طلاء ہے شیشی سے دن کے وقت دھواں اور رات کو چنگاریاں برآمد ہوتی ہیں مگر بالکل بےضرر بغیر آبلہ ڈالے اپنا برقی اثر کرے قیمت فی شیشی عہ

امراضِ دماغ و چشم میں ہینگ کی اعجاز نمایاں

،، حبوب مرگی ۱ — واقعی یہ گولیاں مرگی جیسی لا علاج مرض کے لئے بمنزلہ تریاق ہیں پندرہ بیس برس کی مرض نیست و نابود ہو گی۔

صفت۔ ہینگ ا تولہ زبدالبحر ۲ تولہ کرم بیٹی شتر ۳ ماشہ روغن ستیاناسی ا تولہ سب کو کھرل کر کے گولی بقدر دانہ مونگ بنادیں ہر روز ایک گولی ہمراہ بوٹی آب ککر ٹھیڈی ا تولہ دیویں۔

۸، حبوب مرگی ۲ — یہ گولیاں بھی مرگی جیسی نامراد مرض کے لئے عجیب تحفہ ہیں۔

صفت۔ ہینگ ا ماشہ جند بید ستر ۲ ماشہ اکسٹرکٹ جٹماسی (Ext. Jatamansi a a) کھرل کر کے گولی بقدر ½ رتی بنا کر صبح و شام پانی سے دیویں۔

۹، حبوب مرگی ۳ — یہ گولیاں بھی مرگی کے لئے نہایت لاجواب چیز ہے علاوہ ازیں دوران سر کہنہ کو بھی دور کریں گی۔

صفت۔ ہینگ۔ عقر قرحا۔ سم الفار۔ استخوان سر آدمی سوختہ ہر یک ۴ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۴ رتی شکر دیسی۔ ۳ ماشہ زنجبیل ۲ ماشہ عرق بھنگرہ میں کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنا کر صبح و شام استعمال کریں۔

۸۰ حبوب مرگی ۴ — یہ گولیاں بھی مرگی کے لئے فوائد عظیم الشان رکھتی ہیں۔ مرض کہنہ کا ہمیشہ کے لئے قلع قمع ہو جاتا ہے۔

صفت۔ ہینگ۔ نمک سیاہ۔ کشتہ ہڑتال ورقیہ ہر یک ۳ ماشہ مغز کمر بجوہ۔ عقر قرحا۔ ہر یک ا تولہ فلفل گرد ۶ ماشہ آب ککر ٹھیڈی میں کھرل کر کے

گولی بقدر نخود بنا دیں۔ اور صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔ گولیوں کے استعمال سے پیشتر معجون ذیل سے دماغ کا تنقیہ کر لیں۔

معجون منقی دماغ پوست ہلیلہ۔ سنا مکی۔ عناب۔ ہر یک ۹ ماشہ گل سرخ۔ تربد سفید مصطگی۔ ہر یک یک تولہ سقمونیا ۳ ماشہ ایلوا ۲ تولہ شحم حنظل اعدد جملہ ادویہ باریک کر کے روغن بادام میں چرب کر کے شہد سے معجون بنا کر ۳ ماشہ دلویں۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ ہڑتال ورقیہ ۵ تولہ آب بھنگل زرد دودھ والی اسیر میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں پھر حرمل ۵ تولہ باریک کر کے ایک کوزہ میں زیر و بالا رکھ کر گل حکمت کر کے ۲ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا یہ کشتہ ہر قسم کے تپ اور تپدق کو بھی مفید ہے۔

۸۱ **طلسمی سرمہ دافع مرگی** نہ کھانے کی ضرورت نہ لگانے کی ضرورت نہ سونگھنے کی ضرورت صرف آنکھ میں بطور سرمہ ڈالنے سے مرگی دور ہوگی۔

صفتہ۔ ہینگ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ پوست ہلیلہ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ بچ۔ سیندھا نمک۔ کوڑ۔ سرسوں۔ مغز تخم سرس ہموزن جملہ ادویہ پیشاب بکری میں کھرل کر کے خشک کر لیں اور استعمال کیا کریں۔

۸۲ **ٹوٹکہ مرگی** ہینگ بقدر دانہ نخود ہمراہ سکنجبین سادہ استعمال کیا کریں۔

۸۳ **سفوف مرگی** دورہ کے بعد اس کا استعمال ازحد ضروری ہے۔ اس سے پھر دورہ نہیں ہوتا صفتہ، ہینگ جدوار عود صلیب ہموزن سفوف بنا کر دو رتی سے ۳ رتی دیں

۸۴ **سفوف مرگی** ہینگ۔ بھنگ۔ ہم وزن سفوف بنا کر ۲ رتی کی ۔ اومت سے مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

۸۵ **سموم مرگی** ہینگ۔ عقرقرحا۔ جند بید ستر۔ ہموزن باریک کر کے کپڑے میں پوٹلی بنا کر دورہ کی حالت میں اور دورہ کے بعد سنگھائیں۔

۸۶ **سعوط مرگی** ہینگ ۱ تولہ گوسفند نر کے پیشاب ۱۱ تولہ میں ڈال کر ۴۰ یوم بکری کی مینگن میں دفن کریں۔ بعدہٗ چھان کر ناک میں ٹپکائیں۔

۸۷ **ضماد مرگی** ہینگ۔ زنجبیل۔ افیم۔ ہم وزن باریک کر کے پانی میں حل کر کے تالو کے بال صاف کر کے ضماد کریں۔ اگر مرض شدید ہو تو پچھ لگا کر ضماد کریں۔

۸۸ **حبوب ہذیان وسہر** ہذیان اور بے خوابی میں جب کہ نیند نہ آتی ہو اور طبیعت میں سخت بے چینی ہو ان گولیوں کے استعمال سے چین نصیب ہو گا۔

ہینگ۔ کافور۔ ہموزن کھرل کر کے بقدر ۳ رتی بنا کر بوقت خفتن ہمراہ آب دیویں

حبوب درد سر دائمی و عارضی درد خواہ کسی سبب سے ہو یہ گولیاں ہر حالت میں مفید ہیں بنا کر اس کی سحر کاریوں اور طلسمی اثر سے ضرور مستفید ہوں۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۳ ماشہ کافور ریاحی۔ ۲ ماشہ سقمونیا ولائتی۔ زنجبیل ۶ ماشہ عرق سولف و گلاب میں گولی بقدر نخود بنا کر بدرقہ مناسب سے دیویں۔

ضماد جملہ اقسام درد سر ہینگ۔ سنڈھ۔ انبہ ہلدی۔ پوست بیخ آنبہ ہر یک ۸ ماشہ افیم ۲ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ پانی میں کھرل کر کے لیپ کریں۔

۹۱ **اکسیر درد شقیقہ** درد شقیقہ جب کہ بلغم کی وجہ سے ہو۔ یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۲ رتی۔ آب لہسن۔ ۱ تولہ میں ملا کر درد کی مخالف جانب ناک میں ٹپکائیں۔

۹۲ **وصیہ کرمہائے دماغی** بعض اوقات دماغ میں ایسے کرم پیدا ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے دردناک امراض مثل صرع درد شدید وغیرہ ہو جاتی ہیں۔ جب کبھی ان کرموں کی وجہ سے کوئی تکلیف لاحق ہو تو اس نسوار کا استعمال کریں جس سے کرم وغیرہ دور ہو کر تمام شکایات کافور ہو جاتی ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ باؤبڑنگ۔ تمباکو دیسی ہموزن باریک کر کے رکھیں اول مریض کے سر پر گوبر بھینس گرم کر کے کنپٹیوں تک لیپ کر دیں اور کپڑا باندھیں۔ کان و منہ میں عطر الائچی کا پھایہ رکھیں۔ اور نسوار لے کر ناک میں بھی پھایہ عطر مذکور کا رکھیں۔ اس سے جب چھینکیں آئیں گی تو مغز سے بہت سے کرم براہ بینی خارج ہوں گے۔ دوبارہ پھر یہ عمل کریں۔ جب تک کرم خارج ہوتے رہیں۔ اس عمل پر تکرار کریں حتیٰ کہ تمام کرم نکل جائیں۔

۹۳ **حبوب لقوہ** یہ گولیاں لقوہ کے لئے نہایت مفید ہیں کھلا یا بند منہ اس کے استعمال سے اچھا ہو جائے گا۔

صفتہٗ۔ ملاحظہ ہو نسخہ نمبر ۱۰۹ امراض گوش و دندان و گلو۔ ان گولیوں کو آب لہسن میں گھس کر دانتوں کی جڑوں میں ملیں۔

۹۴ **اکسیر لقوہ** لقوہ کا آسان اور صحیح علاج ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۱ ماشہ آرد ماش ۱/۲ سیر عقر قرحا ۱ تولہ

کسٹرائل ۲ تولہ ہینگ کو پانی میں حل کر کے آرد گوندھ کر نرم آگ پر پکا دیں ایک طرف خام رہنے دیں۔ کسٹرائل سے چرب کر کے عقرقرحا چھڑک کر گردن کے پٹھوں پر باندھیں۔

۵۔ اکسیر سکتہ — سکتہ و فالج کے لئے ایک آسان ترین نسخہ ہے۔
صفت۔ ہینگ بقدر دانہ نخود شراب یا ماء العسل کے ہمراہ دیویں اگر کسی کو سکتہ کا دورہ پڑ جائے تو ہینگ کو شہد اور عرق سونف میں حل کر کے حلق میں ٹپکا دیں۔ فوراً ہوش آئے گی۔

۶۔ طلاء رعشہ — اگر سردی کی وجہ سے رعشہ کا عارضہ ہو تو اس روغن کی مالش کریں
صفت۔ ہینگ جند بید ستر۔ عقرقرحا ہر یک ۳ ماشہ روغن زیتون ۵ تولہ میں خوب کھرل کر کے مالش کریں۔

۷۔ حبوب تشنج — یہ گولیاں تشنج یعنی کسی عضو کے کھینچ کر اکڑ جانے کو مفید ہیں چند روز کا استعمال مرض کو جڑ سے گنوا دے گا۔
صفت۔ ہینگ۔ عقرقرحا۔ جاؤشیر۔ قسط شیریں۔ ہر یک ۳ ماشہ۔ جند بید ستر فلفل سیاہ۔ ہر یک ۱½ ماشہ شہد سے گولی بقدر نخود بنا دیں صبح و شام ۳ گولی ہمراہ آب تازہ دیویں۔ دوا کے دوران استعمال میں قبض نہ ہونے دیں چنانچہ رفع قبض کے لئے اطریفل زمانی ۷ ماشہ یا حب ملین ۳ عدد بوقت خواب استعمال کریں اور ہر دوسرے تیسرے روز ان کا استعمال جاری رکھیں۔ اطریفل زمانی بازار سے تیار شدہ مل سکتی ہے اور حب ملین کا نسخہ خود تیار کر سکتے ہیں۔ نسخہ یہ ہے۔

حب ملین — تمام نسخہ جات قبض کشا ان گولیوں کے سامنے ہیچ ہیں اپنے اثرات کے لحاظ سے ایک لاثانی چیز ہے جن لوگوں کو

دائمی قبض ہو اور اس کی وجہ سے مختلف عوارضات میں گرفتار ہوں تو دو گولی سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ صبح بافراغت اجابت ہو گی اور کسی قسم کی تکلیف نہ ہو گی۔

صفتہ۔ عصارہ حنظل۔ سقمونیا۔ مصبر۔ رب السوس خالص۔ عصارہ ریوند ولائتی (ایکسٹرکٹ ریہائی) جملہ اشیاء ہموزن لے کر گولی بقدر نخود بناویں۔

عصارہ حنظل چونکہ عصارہ حنظل بازار سے تیار شدہ نہیں مل سکتا لہذا موسم پر خود تیار کر لیا کریں۔ حنظل حسب ضرورت لے کر کتر لیں اور تھوڑا پانی ملا کر تین چار یوم رکھ چھوڑیں پھر جوش دے کر پانی جذب کریں اور خوب مل کر پانی نکال لیں۔ پانی کو اچھی طرح صاف کر کے آگ پر خشک کریں۔ عصارہ حنظل تیار ہے۔

۹۸ **معجون لاجواب** یہ نہایت عجیب لاجواب معجون ہے جس کے استعمال سے فالج۔ مرگی۔ لقوہ۔ نسیان۔ اور تمام امراض بلغمی دماغی کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ باہ و ہاضمہ کو طاقت بخشتی ہے۔

صفتہ۔ ہینگ۔ سداب۔ بکھان بید۔ زراوند مدحرج۔ حب الغار۔ جند بیدستر۔ رائی۔ چیتہ۔ ہر یک ۱۵ ماشہ عقرقرحا۔ کلونجی۔ کٹھ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ نیچ ہر یک ۳۰ ماشہ شہد بلادر ۱۳ ماشہ جملہ اشیاء سفوف بنا کر روغن اخروٹ میں چرب کریں سہ گنا شہد ملا کر معجون بنا دیں اور چھ ماہ غلہ گندم یا جو میں دفن کر چھوڑیں بقدر ۳ ماشہ ہر روز استعمال کریں

۹۹ **حبوب کزاز** کزاز گردن کے اکڑ جانے کو کہتے ہیں۔ یہ گولیاں اس مرض میں نہایت مفید ہیں۔

صفتہ۔ ہینگ۔ مرچ سیاہ۔ چھ چھ ماشہ سداب ا تولہ باریک کر کے

گولی بقدر نخود بنا کر ایک گولی دو گھنٹہ کے بعد ہمراہ آب گرم دیویں۔

اکسیر مالیخولیا مالیخولیا ایک مشہور تباہ کن مرض ہے جس کے لئے یہ علاج واقعی اکسیر ہے۔

صفتہ۔ ہینگ ۳ ماشہ صندل سفید ا تولہ سوڈا بائیکارب ۸ ماشہ سفوف بنا کر ۲ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت افسنتین دیویں چونکہ یہ شربت بازار سے نہیں مل سکتا لہٰذا نسخہ ملاحظہ فرمالیں اور خود تیار کرلیں۔

شربت افسنتین افسنتین رومی ۲ تولہ گل سرخ ۲ تولہ کاسنی نیمکوب ۷ تولہ املی ۷ تولہ رات کو مٹی کے برتن میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر مل کر چھان لیں اور ترنجبین ا پاؤ مصری ۳ پاؤ قوام کرکے شربت بنائیں

اکسیر موتیا موتیا کے آغاز میں بدرجہ غایت مفید ہے۔

صفتہ۔ ہینگ ۷ ماشہ صبر ا تولہ بادیان ۲ تولہ جملہ اشیاء نیم کوب کرکے پانی میں ڈال کر جوش دیں۔ نصف پاؤ پانی حاصل کرکے نصف پاؤ شہد خالص ملا کر محفوظ رکھیں اور سوتے وقت آنکھوں میں لگایا کریں۔

پردہ چشم ہینگ سرکہ میں حل کرکے لگاویں چند بار کے استعمال سے آرام ہوگا۔

ایک ہی ہفتہ میں بلا تکلیف آتشک کو نیست و نابود کر نیوالی "اکسیر آتشک"

آتشک کے لئے اس سے زیادہ مفید بے ضرر دوائی آپ کو کہیں سے نہ مل سکے گی کیونکہ اس سے نہ تو منہ آتا ہے اور نہ ہی قے دست بلکہ ایک ہفتہ میں آتشک کے خبیث مادے کو جذب کرکے جسم کندن کی طرح صاف کر دیتی ہے۔ قیمت صرف پانچ روپے۔

امراضِ گوش و دنداں و گلو میں ہینگ کی اکسیر نمایاں

۱۰۳ روغن قرحہ گوش کان میں جب کہ زخم ہو گیا ہو درد رہتی ہو رطوبت نکلتی ہو تو تیار کر کے استعمال کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ بچھناک۔ پیپل۔ بھقوم ہموزن جوکوب کر کے روغن سرسوں میں ڈال کر پکائیں بعدہٗ صاف کر کے رکھیں۔ ایک ایک قطرہ ڈالیں ایک ہفتہ میں آرام ہو گا۔

۱۰۴ روغن اکسیر گوش یہ روغن جملہ امراض کان مثل درد۔ کھجلی۔ قرحہ بہرہ پن وغیرہ کو مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ جوکھار۔ مولی کھار۔ سجی کھار۔ سیندھا نمک۔ پوست سہانجنہ۔ سنڈھ۔ دیودار۔ سولف۔ بچ۔ رسونت۔ پپلامول۔ ناگرموتھہ سونچل نمک۔ ہر یک یک تولہ جملہ ادویہ کو ۱۶ گنا پانی میں پکاویں جب چوتھائی رہ جائے تو مل کر چھان لیں اور کڑاہی میں ڈال کر ۴ گنا تیل اور تیل سے ۴ گنا عرق لیموں۔ ڈال کر نرم نرم آگ پر پکاویں کہ تیل رہ جائے محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

۱۰۵ روغن درد گوش سردی کی وجہ سے ہونے والے درد کان میں مفید ترین روغن ہے:۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ باؤبڑنگ۔ لوٹا سجی۔ ہر یک ۶ ماشہ روغن زرد ۱ تولہ روغن سرسوں ۸ تولہ بول مادہ گاؤ ۴ ا تولہ۔ جملہ اشیا ۵ا تولہ پانی میں حل کر کے رات بھر رکھ چھوڑیں صبح مل کر چھان لیں ا؎ر تیل و بول گاؤ

ملا کر آگ پر رکھیں کہ روغن باقی رہ جائے اتار کر استعمال کریں۔

۱۰۶۔ **روغن تریاق گوش** درد گوش سے بے چین مریض کو تسکین دینے والا لاجواب تیل ہے۔ کان کے کیڑوں کو مارتا ہے پھنسیوں کو رفع کرتا ہے۔ ثقل سماعت یعنی بہرہ پن کو فائدہ دیتا ہے۔

صفتہٗ: ہینگ۔ اجوائن۔ سنڈھ۔ ملیٹھی۔ عقر قرحا۔ بورہ ارمنی۔ شحم حنظل ہر یک ۶ ماشہ افسنتین رومی ۱ تولہ ہلدی۔ لہسن مقشر۔ قسط تلخ۔ مغز بادام ہر یک ۲ تولہ پیاز ۲ عدد جملہ ادویہ نیم کوب کر کے آب پنہ گاؤ میں تر کریں صبح کو آب برگ مرزنجوش۔ آب کریلہ آب ترب ہر یک ۲ تولہ سرکہ انگوری ۵ تولہ روغن کنجد۔ ۲۵ تولہ ملا کر جوش دیں۔ جب تمام دوائیں جل جائیں تو اتار کر سرد کر کے چھان لیں۔ صرف ایک قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

۱۰۷۔ **بہرہ پن** اگر کسی کو اونچا سنائی دے۔ تو ہینگ پانی میں حل کر کے کان میں ڈالیں:۔

۱۰۸۔ **ٹوتھ پلز** یہ گولیاں درد دنداں و داڑھ اور ورم مسوڑہ کو نہایت فائدہ مند ہیں۔ مدت کی درد صرف ایک گولی رکھنے سے دور ہو گی اور تمام رطوبت سردی۔ بادی۔ کا گندہ پانی وغیرہ سب نکل جاتا ہے۔

صفتہٗ: ہینگ۔ عقر قرحا۔ نرکچور۔ مرچ سیاہ۔ نمک سیاہ۔ بموزن باریک کر کے شہد میں گولی بقدر کوکن بیر بنا کر سایہ میں خشک کریں جس دانت یا داڑھ میں درد ہو اس کے نیچے ایک گولی رکھکر دبادیں اور منہ نیچے کر دیں تاکہ رطوبت خارج ہو جائے:۔

۱۰۹۔ **تریاق الاسنان** ان گولیوں سے بھی درد دانت بہت جلد کافور ہو گی۔

صفتہ، ہینگ۔ جند بیدستر۔ مر۔ فلفل۔ زراوند مدحرج۔ بنڈھ میعہ۔ افیم۔ اجوائن خراسانی۔ ہموزن باریک کر کے شہد میں گولیاں بنا دیں یا ویسے ہی روئی کے پھاہہ کو تر کر کے دانتوں میں رکھیں اور اثر ملاحظہ کریں

۱۱۰ درد دنداں — ہینگ۔ بریاں۔ شیر بکری میں حل کر کے ملیں آرام ہو گا۔

۱۱۱ درد داڑھ — ہینگ۔ بادبڑنگ ہموزن جو کوب کر کے دو تین چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں بنا دیں اور مقام درد پر رکھ کر نصف ساعت دبا دیں

۱۱۲ درد دنداں — سرد مواد کی وجہ سے درد دنداں سے تڑپنے مریض کے لئے لاثانی چیز ہے

صفتہ، ہینگ۔ فلفل گرد۔ عقرقرحا۔ کچور۔ نمک لاہوری۔ ہموزن باریک کر کے رکھیں۔ بوقت ضرورت شہد میں ملا کر ملیں۔

۱۱۳ کرم خوردہ دانت — ہینگ بقدر دانہ نخود کرم خوردہ دانت میں رکھیں۔ آرام ہو گا۔

۱۱۴ منجن دنداں — یہ منجن اکثر امراض دنداں کو مفید ہے اس کے استعمال سے دانت فولاد کی طرح مضبوط ہو جاتے ہیں۔ اور موتیوں کی طرح سفید براق چمکنے لگتے ہیں۔

صفتہ، ہینگ۔ عقرقرحا۔ فلفل گرد۔ ہر یک ۹ ماشہ نمک لاہوری نمک سونچل۔ نمک سنگ۔ نمک سانبھر۔ سپاری بریاں۔ کچور۔ مصطگی رومی۔ کتھ سفید۔ پھٹکری بریاں۔ مازو۔ بادبڑنگ۔ کافور۔ ہر یک ۳ ماشہ باریک کر کے بقدر ضرورت برش سے استعمال کریں۔

۱۱۵ اکسیر خناق۔ مرض خناق میں جب کہ ورم تحلیل نہ ہوتا ہو اور پک گیا ہو جس کی علامت یہ ہے کہ ورم نیچے لٹک گیا ہو اور رنگ زرد ہو گیا ہو اس کے پھوڑنے اور پیپ نکالنے کے لئے یہ نسخہ اپنی سحر کاریوں کی وجہ سے لاثانی ہے۔

صفتہ: ہینگ ۳ ماشہ بورہ ارمنی۔ ا تولہ پنچال ابابیل ۹ ماشہ شیر گاؤ ا پاؤ روغن کنجد۔ ½ پاؤ جملہ اشیاء باہم ملا کر نیم گرم غرغرے کریں۔

۱۱۶ تعلق العلق جب گلے میں جونک پھنس جاتی ہے تو مشکل سے چھوٹتی ہے اور باہر آتی ہے اس نسخہ کے عمل سے جونک چھوڑ جائے گی اور باہر آجائے گی۔

صفتہ: ہینگ کو سرکہ میں حل کر کے غرارے کریں۔

۱۱۷ صفائی گلو ہینگ پانی میں حل کر کے پیویں گلے کی رکاوٹ رلیشہ وغیرہ دور ہو کر آواز صاف ہو جائے گی۔

۱۱۸ معجون ملحن اس معجون کا استعمال آواز کو خوش الحان کرتا ہے۔ موذنوں قاریوں۔ گویوں۔ واعظوں۔ وکیلوں۔ پروفیسروں اور لیکچراروں کے لئے عجیب تحفہ ہے۔ گلے کی رکاوٹ رلیشہ وغیرہ دور ہو کر آواز کوئل کی مانند ہو جائے گی۔

صفتہ: ہینگ ۔ رائی۔ فلفل گرد۔ ہموزن کوفتہ بیختہ شہد میں معجون بنا دیں ہر روز ½ ۱ ماشہ استعمال کریں۔

کثرت احتلام کو شرطیہ دور کرنیوالی گولیاں "احتلامی"

یہ گولیاں احتلام کے لئے ایک موثر دوائی ہے لطف یہ ہے کہ احتلام کو دور کر کے زائل شدہ قوت کو واپس لاتی ہیں۔ قیمت ۴۰ گولی عہ

امراضِ صدر میں ہینگ کی سحر کاریاں

حبوب اکسیر دمہ اس مرض کا جڑ سے جانا تو کارے دارد۔ البتہ جب مریض کو دورے پر دورہ پڑ رہا ہو۔ دل سخت بے چین ہو اس وقت یہ گولیاں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں۔ دورے رک جائیں گے۔ **صفتہ**: ہینگ افیم۔ ہموزن توا پر بریاں کریں۔ ان دونوں کے برابر مصبر اور سہاگہ سفید اضافہ کر کے آب سہانجنہ میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا دیں۔

۱۲۰ **حبوب دمہ** ہینگ۔ کافور۔ ہموزن شہد میں گولی بقدر ۲ رتی بنا کر ہر تیسرے گھنٹہ کے بعد بدرقہ مناسب سے دیویں۔ دورہ کی حالت میں فائدہ ہوگا۔

۱۲۱ **حبوب اکسیر سرفہ** یہ گولیاں بلغمی کھانسی کے لئے نہایت ہی مفید ہیں خصوصاً جب کہ کھانسی کے ساتھ درد اعضاء درد معدہ و سینہ ہو۔ نیز لقوہ کو بھی فائدہ رسان ہے۔

صفتہ: ہینگ بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ نمک خوردنی۔ پوست بلیلہ ہر یک ۶ ماشہ پوست بیخ سہانجنہ لودھ ہر یک ۲ تولہ دارچینی۔ گل دھاوا۔ سیندھا نمک۔ پیپلا مول۔ عقرقرحا ہر یک تولہ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ باریک کر کے شہد کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر صبح و شام ایک گولی بدرقہ مناسب سے دیویں۔

گندھک آملہ سار مدبر کی مشہور تراکیب ۱ ایک برتن لے کر اس میں دودھ بقدر دو سیر ڈالدیں اس پر ایک کپڑا تن کر باندھ دیں۔ برتن کے کنارے پر حلقہ آرد گندم لگا دیں۔ کپڑے پر گندھک ڈال کر اوپر توا رکھیں تو اپر آگ یا کوئلے رکھیں یعنی بمطابق شکل نمبر ۶ عمل کریں تاکہ گندھک پگھل کر دودھ میں گرے جب تمام گندھک پگھل کر دودھ میں گر پڑے تو نکال کر دوبارہ یہی عمل کریں اسی طرح چار پانچ بار کے عمل سے گندھک مدبر ہو جائے گی یہ گندھک اعلیٰ درجہ کی مصفی خون مقوی معدہ وہاضم۔ دافع امراض جلد۔ خارش۔ نافع امراض باردہ۔ الجبہ۔ معائیہ۔ عصبیہ۔ ہے دودھ سے بقدر ۱/۲ ماشہ استعمال کر سکتے ہیں۔

ترکیب ۲

گندھک ۵ تولہ لے کر ۲ تولہ روغن زرد ملا کر گرم کریں۔ جب پگھل جائے تو پاؤ بھر دودھ میں ڈالیں گھی اوپر رہ جائے گا اور گندھک نیچے بیٹھ جائے گی۔ اب گندھک کو نکال کر کپڑے سے صاف کر کے دوبارہ عمل مذکور کریں چھ سات بار کے عمل سے گندہک مدبر ہو گی دودھ و گھی ہر بار تازہ استعمال کریں۔ یہ گندھک بھی اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے۔ گھی دودھ سے علیحدہ کر لیں یہ گھی مالش کے کام آئے گا جس سے کھجلی و خارش دور ہو گی۔ دودھ کو پھینک دیں یا پی لیں۔ اس موقعہ پر ایک مریض کا مختصر حال دلچسپی سے خالی نہ ہو گا۔ ایک مریض جو کہ خارش کی وجہ سے سخت نالاں تھا ہر چند کہ علاج کرائے لیکن "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی" کا مصداق بنا۔ ایک دن وہ دارالسنیاس میں بھی برائے علاج حاضر ہوا۔ اتفاقاً اس دن گندہک کو مدبر کیا جا رہا تھا اور گندہک پر عمل مذکور کیا جا رہا تھا۔ یعنی ایک سیر دودھ

اور آٹھ تولہ گھی صرف کیا۔ یہ دودھ معہ گھی کے مریض مذکور کو رات کو پلا دیا گیا۔ جس سے خوب اسہال ہوئے اور صبح کو خارش کا نام تک نہ رہا۔

ترکیب ۳

گندھک اور نمک سانبھر ہموزن لے کر خوب کھرل کریں اور پانی گرم ڈال کر خوب حل کریں جب گندھک تہ نشین ہو جائے تب نتھار لیں اسی طرح ۵ تولہ گندھک پر ۴ سیر نمک خرچ کریں۔ تمام گندھک سفید ہو جائے گی یہ گندھک امدبر ہو گی اور نہایت کثیر الفوائد ہو گی۔ خارش۔ بہق۔ بواسیر وغیرہ امراض کے لئے کایا کلپ کا کام دے گی

۱۲۲ اکسیر قہ یہ کھانسی کا کم خرچ بالانشین نسخہ ہے خصوصاً خشک کھانسی کو مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ بقدر ایک رتی ہمراہ بیضہ مرغ استعمال کریں۔

۱۲۳ جمود الصدر جب سینہ بباعث سردی بند ہو جائے اور سانس تنگی سے آئے تو یہ دوا کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ شراب کہنہ میں حل کر کے ایک ایک گھونٹ پلا دیں۔

ٹوٹکہ درد پسلی نہایت برق اثر نسخہ ہے درد کو منٹوں میں رفوچکر کرتا ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ بارہ سنگا۔ ہموزن پانی میں پیس کر سینہ پر لیپ کریں اور اس پر ٹکور کریں۔

سفوف سرد۔ موسم گرما میں بے چین طبیعتوں کو تسکین دینے کیلئے۔ پیاس کی شدت کو دور کرنے کے لئے ہاتھ پاؤں کی تلیوں کی جلن دور کرنے کے لئے۔ بچوں کی زرد سبز دستوں کو روکنے کے لئے گرمی کے بخاروں میں تفریح پیدا کرنے والا لاجواب سفوف ہے غرضیکہ موسم گرما کے لئے ایک بے بہا تحفہ ہے۔ قیمت فی شیشی ۸؍

امراض معدہ، جگر و طحال میں ہینگ کی صحت بخشیاں

۱۲۵ **جوب اکسیر وجع الفواد** سینہ کے مقام پر جہاں دو پسلیاں آپس میں ملتی ہیں وہاں یہ درد ہوتی ہے جس کو وجع الفواد یا درد کوڑی کہتے ہیں۔ یہ گولیاں اس مرض میں تریاق کا اثر رکھتی ہیں

صفت۔ ہینگ بست پودینہ۔ مٹھا تیلیہ مدبر۔ اجوائن دیسی۔ ولا اجوائن۔ پیپلامول مصطگی رومی۔ زنجبیل۔ دانہ الائچی خورد ہر یک ۴ ماشہ کافور ۳ ماشہ عقرقرحا ۶ ماشہ آب کٹائی خورد۔ آب سہانجنہ۔ ایک ایک پاؤ۔ جملہ ادویہ باریک کرکے ہر دو آب میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بناکر عرق سونف سے دیں۔

مٹھا تیلیہ مدبر کرنے کی ترکیب۔ مٹھا تیلیہ حسب ضرورت لے کر پوٹلی بنادیں اور حسب ضرورت دودھ ملے ہوئے پانی میں ڈال کر پکادیں۔ جب اچھی طرح پک جائے تو نکال لیں مدبر ہوگا اسی طرح بول مادہ گاؤ میں پکانے سے بھی مٹھا تیلیہ مدبر ہو جاتا ہے۔

۱۲۶ **ٹوٹکہ وجع الفواد** ہینگ ۲ رتی مویز منقہ میں لپیٹ کر ایک گھونٹ گرم پانی سے دیویں۔ ایک ہی خوراک میں صحت ہو گی شاذ و نادر ہی دوسری خوراک کی ضرورت پڑے گی۔

۱۲۷ **جوب تریاق معدہ** یہ گولیاں جملہ امراض معدہ خصوصاً درد معدہ کو نہایت مفید بلکہ اکسیر ہیں۔

صفت۔ ہینگ ۴ تولہ ترپھلہ (ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ) ترکٹا (سنڈھ فلفل دراز

فلفل سیاہ ۱ ۲ تولہ - دار چینی - تولہ اجوائن ۳ تولہ نمک سیاہ ۵ تولہ آب لیموں
½ سیر کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بناکر صبح و شام ہمراہ آب گرم دیویں۔

۱۲۸ سفوف درد معدہ

ہینگ ۳ ماشہ - سنڈ - سہاگہ بریان - ہر ایک ۳
تولہ نمک لاہوری - اتولہ گل مدار ۹ ماشہ - مرچ
سیاہ - الائچی کلاں ہر دو ۶ ماشہ جملہ ادویہ آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر
کے خشک کریں بعدہٗ آب گھیکوار میں کھرل کر کے خشک کریں پھر آب لیموں
میں کھرل کر کے گولیاں بقدر کوکنار دشتی بناکر ہمراہ آب گرم دیویں۔

۱۲۹ سفوف درد معدہ

ہینگ بریاں جوکہار - سہاگہ بریان - ہر یک ۶ ماشہ
نوشادر نمک لاہوری - مرچ سیاہ - ایک
ایک تولہ پیپر منٹ ۳ ماشہ سفوف بناکر ا ماشہ ہمراہ عرق سولف نیم گرم کر کے دیویں۔

۱۳۰ سفوف ہاضم ۱

یہ کم قیمت اور مختصر سا سفوف مقوی معدہ و ہاضم و دافع
ریاح شکم ہے۔

صفت۔ ہینگ - اجوائن - سندھا نمک - پوست ہلیلہ ہموزن سفوف کر
کے ا ماشہ دن میں تین بار دیویں۔

۱۳۱ سفوف ہاضم ۲

ہینگ - زنجبیل - فلفل سیاہ - ہر یک ۳ ماشہ - سندھا
نمک ۶ ماشہ سفوف بناکر ایک ماشہ ہمراہ آب بعد غذا دیویں

۱۳۲ سفوف ہاضم ۳

ہینگ - نوشادر - نمک سیاہ - نمک سانبھر ہر یک ۶ ماشہ
اجوائن اتولہ سفوف بناکر ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ بعد از غذا دیویں۔

۱۳۳ حبوب ہاضم ۱

ہینگ - سندھا نمک - سہاگہ سفید - جوکہار - نوشادر
مرچ سیاہ ہموزن جملہ اشیاء عرق لیموں میں کھرل
کر کے گولی بقدر کوکن بیر بناکر ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

۱۳۴ **حبوب هاضم ۲** ہینگ بریان ۹ ماشہ گندھک آملہ سار مدبر۔ نوشادر دیسی ہر یک ۲ تولہ۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ ہر یک ۳ تولہ گل مدار خشک۔ سہاگہ بریاں۔ لونگ۔ جوکھار۔ ہر یک یک تولہ۔ ست لیموں ۳ تولہ نمک سیاہ ۵ تولہ جملہ ادویہ ہمراہ آب کھرل کرکے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر منہ میں رکھ کر چوسیں۔

۱۳۵ **حبوب هاضم ۳** جن لوگوں کو بعد غذا خراب ڈکار آتے ہوں یا معدہ بھاری معلوم ہوتا ہو اور طبیعت بے چین ہو جایا کرتی ہو۔ یا غذا کے فوراً بعد پاخانہ کی حاجت ہو جاتی ہو۔ ان کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں
صفت:۔ ہینگ۔ پودینہ۔ سونف۔ اجوائن۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ آملہ۔ انار دانہ گل سرخ۔ الائچی دانہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل گرد۔ بابونہ۔ نمک سونچل۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ نمک بڑ۔ ہموزن۔ جملہ ادویہ آب تلسی میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر دونوں وقت بعد غذا دیویں۔

۱۳۶ **اکسیر معدہ** ایک ویدک دوائی خانہ میں ہر ماہ سیروں بکنے والی دوا ہے سہل الحصول اور مجرب ترین نسخہ ہے۔ فوائد استعمال کرنے پر ہی ظاہر ہونگے۔
صفت:۔ ہینگ۔ سہاگہ بریاں۔ آرد شدہ ہموزن آب بہا بھنگرا میں آٹھ پہر کھرل کرکے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر ہمراہ آب دیا کریں

۱۳۷ **سفوف مفید ڈکار ۱** کھانا ہضم نہ ہونے کے باعث ترش اور کڑوے ڈکار آنے کو مفید ہے۔
صفت:۔ ہینگ بریاں۔ اجمود۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ کالی زیری۔ ہموزن سفوف بنا کر بعد غذا کھلاویں۔

۱۳۸ **سفوف مفید ڈکار ۲** ہینگ ۳ تولہ۔ نمک سنگ۔ نمک دریا۔ نمک سیاہ زنجبیل۔ فلفل دراز ایک ایک تولہ آب لیموں ۲ سیر

میں کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے بیس روز زمین میں دفن کریں۔ بعدہٗ نکال کر
سفوف بنا کر ۳ ماشہ ہمراہ آب گرم دیویں ایک ہی خوراک میں فائدہ ہوتا۔

۱۳۹ **حبوب دردِ شکم** ہینگ۔ ایلوا۔ زنجبیل ہر یک ۶ ماشہ برگ پودینہ خشک
نمک لاہوری۔ ایک ایک تولہ جملہ ادویہ آب گھیکوار میں کھرل
کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ۲ گولی ہمراہ عرق سونف دیں۔

۱۴۰ **اکسیر سقوط اشتہا** جس کو بھوک بالکل نہ لگتی ہو۔ کھانے کو دل نہ چاہتا ہو
جملہ نعمتوں سے محروم ہو اس کے لئے نہایت عجیب الاثر
نسخہ ہے بھوک خوب لگے گی کھانا ہضم ہو گا۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۱ تولہ نوشادر۔ زیرہ سفید۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ
ہر یک ۲ تولہ تیزاب گندھک ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ۔ باریک کر کے کھرل کریں اور
اور گولی یا سفوف بنا کر بقدر ۲ رتی دن میں دو تین بار دیویں۔

۱۴۱ **اکسیر شکم** یہ گولیاں تمام امراض شکم کا واحد تیر بہدف علاج ہے۔ درد
شکم۔ باد گولہ۔ قراقر۔ درد معدہ و ریحی امراض کو مفید ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ سہاگہ بریاں۔ نمک سونچل۔ زنجبیل ہموزن۔ آب لیموں
سہانجنہ میں کھرل کر کے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر دو گولی گرم پانی سے دیویں۔

۱۴۲ **چورن دلبہار** یہ چورن ذائقہ میں ایسا لذیذ ہے کہ ذرا سا زبان پر ڈالتے
ہی طبیعت خوش ہو جائے گی۔ اور بادی و بدہضمی دور ہو گی۔

صفتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ ۱ تولہ نوشادر کانی۔ مرچ سیاہ۔ دانہ الائچی کلاں
نمک لاہوری۔ سہاگہ بریاں۔ ست لیموں۔ ہر یک ۵ تولہ پیپرمنٹ ۶ ماشہ
چورن بنا دیں اور استعمال کریں۔

۱۲۳ **حبوب بہار**

یہ گولیاں بھی نہایت خوش ذائقہ ہیں۔ امراض شکم و معدہ بدہضمی۔ درد شکم۔ باؤگولہ۔ وغیرہ کو مفید ہیں۔

صفت:۔ ہینگ بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ ست لیموں۔ جوکھار۔ ہریک ۶ ماشہ نوشادر۔ نمک سیاہ۔ پپلی۔ زیرہ سفید بریاں۔ اجوائن دیسی۔ زنجبیل۔ قرنفل گل مدار ہر یک یک تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ تمام ادویہ باریک کر کے آب پیاز میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر سایہ میں خشک کر کے استعمال کریں۔

۱۲۴ **حبوب مفید شکم**

یہ نہایت پُر تاثیر اور جادو اثر گولیاں ہیں۔ ہاضم طعام قبض کشا۔ ریح۔ تلی۔ درد شکم وغیرہ کیلئے مفید ہیں۔

صفت:۔ ہینگ۔ جوکھار۔ لوٹا سجی۔ نوشادر۔ سہاگہ سفید۔ تروی مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ مصبر۔ نمک دیسی۔ پوست ہلیلہ ہموزن۔ آب گھیکوار میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر پانی سے دیویں۔

۱۲۵ **چورن بے نظیر**

یہ چورن بدہضمی۔ طحال۔ امراض شکم۔ باؤگولہ۔ نفخ معدہ اور بواسیر تک کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔

صفت:۔ ہینگ بریاں۔ ۳ ماشہ بچ ۶ ماشہ پپلی ۹ ماشہ زنجبیل ۱ تولہ اجوائن آب گھیکوار میں کھرل کر کے ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیویں۔

۱۲۶ **ہنگواشٹک ہلیلہ**

یہ ہلیلہ امراض شکم کی لاجواب دوا ہے۔ معدہ کی کمزوری سے آنے والے اسہال۔ کا قلع قمع کرتا ہے۔

صفت:۔ ہینگ ۱ تولہ نمک سیاہ۔ ۱½ تولہ ہلیلہ زنگی ½ سیر آب لیموں ۲ سیر ہر چہار اشیاء کو ایک مرتبان میں ڈال کر ایک ماہ تک رکھ چھوڑیں آب لیموں جس قدر کم ہو جائے اور ڈالتے رہیں۔ پھر ضرورت کے وقت ایک ہلیلہ استعمال کریں۔

۱۴۷ **ہنگواشٹک چورن** یہ چورن معدہ کی قوت بڑھانے اور قوت ہاضمہ کو تیز کرنے اور جملہ ریاحی خرابیوں کو دور کرنے کے لئے لاثانی ہے۔ بدہضمی اپھارہ۔ دردشکم۔ جی متلانا وغیرہ شکایات کے لئے مفید ہے۔ صفتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ ۲½ تولہ زنجبیل۔ زیرہ سفید بریاں۔ پیپل خورد مرچ سیاہ۔ اجمود۔ نمک لاہوری۔ زیرہ سیاہ ہر یک ۱۰ تولہ۔ جملہ ادویہ باریک کر کے ۳ ماشہ بعد غذا دلویں۔

۱۴۸ **سفوف بدہضمی** بدہضمی کی جملہ شکایات دور کرنے کے اکسیر اعظم ہے۔ صفتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ زنجبیل دارچینی۔ شگوفہ اذخر زرشک۔ مرچ سرخ۔ دانہ الائچی کلاں۔ ہر یک ۳ تولہ نمک نلی ونوشادر نمک سانبھر ہر یک ۴ تولہ اچور۔ انار دانہ۔ پیتہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مرچ سیاہ۔ بالچھڑ۔ اجوائن۔ ہر یک ۵ تولہ تمام ادویہ کو آٹھ یوم آب لیموں کاغذی میں کھرل کر کے سفوف بنا دیں۔ ۳ ماشہ بعد غذا دلویں۔

۱۴۹ **سفوف تریاق معدہ** یہ چورن جملہ امراض معدہ کو مفید ہے اور معدہ کی تمام قوتوں کا محافظ ہے غذا کو جزو بدن بنا کر خون صالح پیدا کرے گا۔ اس کا برقی اثر ملاحظہ کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ دارچینی ایک ایک تولہ نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ زیرہ سیاہ ہر یک ۴ تولہ زنجبیل۔ دانہ الائچی۔ ہر یک ۳ تولہ فلفل دراز ۲ تولہ نمک لاہوری نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ ہر یک ۵ تولہ (ہر سہ نمک مدبر ہوں) جملہ ادویہ باریک کر کے ایک ماشہ ہمراہ آب استعمال کیا کریں۔

نمک مدبر کرنے کی ترکیب ہر سہ نمک کوزہ میں بند کر کے ایک من آگ دیں مدبر ہوں گے۔

۱۵۰ **جبوب عجیب** یہ گولیاں بھی نہایت خوش ذائقہ ہیں۔ درستی ہاضمہ۔ دردشکم کمی اشتہا۔ جملہ شکایات بادی وریاحی کو مفید ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ سوہاگہ بریاں۔ زیرہ سفید بریاں۔ زیرہ سیاہ پودینہ خشک۔ جوکھار۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ نمک کچلون۔ زنجبیل۔ جملہ ادویہ ہموزن لے کر کوفتہ بیختہ آب لیموں میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنادیں دو گولی بوقت ضرورت یا بعد غذا دیویں۔

۱۵۱ **سفوف احسن** جملہ امراض شکم و معدہ مثل دردشکم۔ ڈکار ترش۔ متلی۔ قے نفخ وغیرہ اور عظم طحال۔ کا قلع قمع کرنے کے لئے لاثانی ہے

صفتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ سوڈا بائیکارٹ۔ کافور۔ لونگ۔ جائفل۔ مصبر مصطگی رومی ہریک ۲ ماشہ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نوشادر فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ زنجبیل۔ پودینہ خشک۔ بادیاں۔ گل مدار۔ گل سرخ اجوائن۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ۔ طباشیر۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ الائچی سفید۔ دارچینی۔ ہموزن سفوف بناکر ا۔ سے ۳ ماشہ ہمراہ آب گرم دیویں۔

۱۵۲ **حب مراق** مراق پیٹ کی جھلی کو کہتے ہیں۔ جب اس میں سوزش ہوجائے تو مراق پیدا ہوجاتا ہے مریض وہمی ہوجاتا ہے۔ جھوٹی بھوک لگتی ہے ڈکار آتے ہیں۔ اور دل دھڑکتا ہے۔ نیند نہیں آتی۔ ہروقت ڈر۔ خوف۔ سستی اور کاہلی رہتی ہے۔ یہ گولیاں اس سوزش کو رفع کرکے تمام عوارضات کا قلع قمع میں لاثانی ہیں۔ تجربہ اس کی خوبیاں خود منوالے گا۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۴ ماشہ جند بید ستر۔ مشک ہریک ½ ماشہ کافور ۱ ماشہ شہد میں گولی بقدر دانہ ماش بناکر ہمراہ آب صبح وشام دیویں۔

۱۵۳ **حبوب نفیس** یہ گولیاں پیٹ کے بڑھاؤ کے لئے اکسیر ہیں۔ عورتوں کے حق میں خصوصیت سے ممد حیات ہیں۔ مانع ریح۔ مقوی معدہ اور مشتہی نیز دافع قبض ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۴ ماشہ سہاگہ سیاہ ۷ ماشہ اجوائن۔ ۹ ماشہ۔ سہاگہ سفید ۶ ماشہ مرچ سیاہ ا تولہ آب گھیکوار میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر صبح وشام ہمراہ آب دیویں۔

۱۵۲ **معجون استسقاءِ طبلی** اس کا یہ نام اس لئے مشہور ہے کہ جب اندرونی ورم کو باد غلیظ بڑھا کر پیٹ کو بڑا کر دیتی ہے۔ جس سے باقی اعضا کمزور ہو جاتے ہیں اور شکم پر ہاتھ مارنے سے ڈھول کی مانند آواز آتی ہے۔ اس لئے یہ مرض طبلی کے نام سے مشہور ہے اس کے لئے ایک مفید نسخہ لکھا جاتا ہے استعمال کرکے فائدہ حاصل کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ تخم سویہ۔ تخم کشنیز۔ گل سرخ۔ جوکھار۔ چرائتہ۔ پپلا مول۔ ریوند چینی زیرہ سفید۔ ہر پانچ نمک۔ بادیاں۔ اجوائن۔ باؤبڑنگ۔ بیخ حنظل۔ کچور۔ ہموزن شہد۔ دوچند حسب دستور معجون بنادیں۔ ایک تولہ تک ہر روز ہمراہ آب گرم دیویں۔ اگر گرمی معلوم ہو تو تخم خیار۔ تخم خرفہ۔ تخم خربوزہ۔ تخم کاسنی ہموزن لے کر شیرہ بنا کر شربت بزوری ملا کر استعمال کریں۔

۱۵۴ **اکسیر دردِ جگر** درد جگر سے تڑپتے اور بے چین مریض کو منٹوں میں تسکین دینے والا لاجواب نسخہ ہے۔ صرف ایک ہی بار کے استعمال سے صحت ہوگی۔

صفتہٗ۔ ہینگ اصلی ۲ ماشہ۔ رات کو سادہ پانی میں حل کرکے رکھیں۔ صبح نہار

کر کڑاہی میں ڈال کر مصری۔ (جو حلوائی تیار کرتے ہیں) ۵ تولہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ نرم نرم آگ پر پانی خشک کریں اتار کر سفوف بنالیں۔ بعض وقت ذرا سی بے احتیاطی سے چاشنی منجمد ہو جاتی ہے۔ جو سفوف نہیں بن سکتی۔ لہٰذا احتیاط رکھیں۔ بوقت ضرورت ۲ رتی همراه گرم پانی دلویں۔

۱۵۵ اکسیر عظم الطحال

بڑھتی ہوئی تلی کے لئے یہ نسخہ نہایت مجرب لاجواب اور زود اثر ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ نمک سنگ۔ سجی۔ سہاگہ سفید۔ جوکھار۔ ہلدی۔ نمک سفید نمک سیاہ۔ نوشادر ہر یک ۵ تولہ برگ مدار خزاں دیدہ (جو خود بخود گرپڑے ہوں) ۳۰ عدد شیر مدار۔ روغن کنجد۔ دس دس تولہ۔ شیر و تیل ملا کر پتوں پر لیپ کر کے کسی برتن میں بمعہ ادویہ تہ بہ تہ رکھیں۔ بعدہٗ گل حکمت کر کے آگ دیں۔ ۳ ماشہ همراه آب دلویں۔

۱۵۶ حبوب عظم طحال

ان گولیوں سے بھی بڑھتی ہوئی تلی چند روز میں درست ہو جاتی ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ مصبر۔ سوہاگہ۔ نوشادر مصفا۔ لوٹا سجی۔ نمک لاہوری۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ جوکھار۔ ہلیلہ زرد۔ تربد سفید۔ ہم وزن کوفتہ بیختہ آب گھیکوار میں گولی بقدر کوکن بیر بنا کر همراه آب تازہ دلویں۔

نوشادر مصفےٰ کرنے کی ترکیب

نوشادر حسب ضرورت لے کر دو پیالوں میں بند کر کے بیری کی لکڑی جلا کر بطریقہ مروجہ جوہر حاصل کریں۔ یہ جوہر نوشادر مصفےٰ ہے۔

ترکیب ۲

نوشادر حسب ضرورت لے کر پانی میں گھول کر ایک پیالہ میں ڈالدیں اس پیالہ کو

تیز دھوپ میں رکھ دیں پیالہ کے نیچے ایک بڑا سا کاغذ رکھ دیں۔ دھوپ کی گرمی سے نوشادر اڑ کر پیالہ کے اطراف اور کاغذ پر گرتا جائے گا۔ اس کو اٹھالیں۔ اعلیٰ درجہ کا مصفا ہے۔

۱۵۷ **حبوب عظم طحال** ھوالشافی ہینگ۔ ایلوا۔ سہاگہ سفید۔ سجی سفید۔ نوشادر مصفا ہموزن جملہ ادویہ باریک کرکے آب گھیکوار میں گولی بقدر کوکن بیر بناکر ہمراہ آب تازہ دیویں۔

۱۵۸ **حبوب عظم طحال** ھوالشافی ہینگ۔ ایلوا۔ ریوند چینی۔ نوشادر۔ ہموزن۔ تیزاب فاروقی میں خمیر کرکے گولی بقدر نخود بناکر استعمال کریں۔

مادہ حیات کو دہی کی مانند منجمد کرنے والا۔
عورتوں و مردوں کے جریان کو مکمل دور کرنے والا۔
سفوف جوہر حیات

مایوس العلاج نوجوان اپنی زندگی بچانیکے لئے ایک دفعہ اس دوا کو استعمال کریں۔ جریان احتلام۔ سرعت کو دور کرکے قدرتی امساک پیدا ہوگا قیمت فی شیشی ۱؍

جھوٹی شہوت کو دور کرکے طبیعت میں تسکین پیدا کرنے والا
(رفیق جوانی)

ایسے نوجوان جنہیں ذکاوت حس کی شکایت لاحق ہو کسی حسین و جمیل عورت کو دیکھتے ہی یا بوس و کنار کرتے ہی یا محض تصور ہی سے کپڑے خراب ہو جاتے ہوں! احتلام۔ جریان سے زندگی حرام ہو رہی ہو ایسی حالت میں یہ دوا واقعی رفیق جوانی ہے جھوٹی شہوت کو دور کرکے طبیعت میں تسکین پیدا کرتی ہے اور جریان۔ احتلام قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۱؍

امراض امعاء و معدہ میں ہینگ کے نادر اثرات

۱۵۹ **اکسیری سفوف اسہال و پیچش** یہ سفوف ہر قسم کے اسہال خونی و پیچش کے لئے نہایت مفید ہے
تجربہ ان کی خوبیوں کا شاہد ہے۔ پہلے ہی روز فائدہ ہوگا۔
صفتہا۔ ہینگ۔ جوز بوا۔ ہر یک ۴ ماشہ کتھ سفید۔ بلکھڑ۔ مغز تخم آم۔ مازو۔ شنگرف۔ افیم۔ تخم جامن۔ سہاگہ بریاں۔ ہر یک ۲ تولہ سفوف بنا کر ۱ ماشہ ہمراہ لعاب تخم بالنگو۔ ۴ ماشہ لعاب صمغ عربی ۳ ماشہ دیویں۔

۱۶۰ **سفوف اسہال** اوصاف بالا سے کسی صورت میں بھی کم نہیں۔ مدتوں کی شکایت ایک ہی دن میں دور ہوگی۔
صفتہا۔ ہینگ۔ موچرس۔ اندرجو۔ بلکھڑ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز تیتیں۔ پکھان بید۔ جائفل۔ زنجبیل۔ مغز خستہ آم۔ افیم۔ سیماب۔ گندھک ہم وزن۔ پارہ۔ و گندھک کی کجلی بنا کر باقی ادویہ ملا کر سفوف بنا دیں۔
۲ سے ۸ رتی تک ہمراہ دہی استعمال کرا دیں۔

۱۶۱ **حبوب اسہالی** ہینگ۔ مرچ سیاہ۔ برگ نیم۔ جائفل۔ زعفران ہم وزن۔ شیر گاؤ میں کھرل کر کے گولی بقدر دانہ ماش بنا کر ہمراہ آب باسی دیویں۔

۱۶۲ **حبوب اسہالی آبی** ہینگ۔ فلفل سیاہ۔ افیم ہم وزن۔ آب پودینہ میں دو روز کھرل کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر بدرقہ مناسب سے دیویں۔

۱۶۳ **حبوب اسہال بادی** ہینگ مرچ سیاہ۔ ہر یک یک تولہ۔ پودینہ ۳ ماشہ آب ادرک میں کھرل کرکے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیویں۔

۱۶۴ **اکسیر پیچش** یہ نسخہ پیچش کے لئے نہایت مجرّب ہے۔ صرف پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔

صفتہ: ہینگ ۳ ماشہ موچرس ۴ ماشہ لونگ ۲ ماشہ افیم ۱ ماشہ جملہ ادویہ باریک کرکے ۲ رتی چاولوں کی دھوون کے ساتھ دیویں۔

۱۶۵ **حبوب پیچش بادی و ریحی** ہینگ ۱ تولہ ست پودینہ ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۱½ تولہ آب پودینہ میں کھرل کرکے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر عرق سولف سے دیویں۔

۱۶۶ **حبوب پیچش و اسہال** ہینگ۔ کافور۔ تخم مرچ سرخ۔ ہم وزن باریک کرکے گولی بقدر ایک رتی بنا دیں ۱ سے ۳ گولی بدرقہ مناسب سے دیویں۔

۱۶۷ **حبوب جملہ اقسام پیچش و اسہال** ہینگ ۶ ماشہ برگ نیم ۳ ماشہ کافور۔ کتھہ۔ ہر واحد ایک تولہ آب سادہ میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر بدرقہ مناسب سے دیویں۔

۱۶۸ **حبوب قبض کشا** یہ گولیاں دائمی قبض کے لئے اکسیر ہیں۔ جملہ نقائص دور ہو کر پاخانہ باقاعدہ آنے لگے گا۔

صفتہ: ہینگ۔ ایلوا۔ ہر یک یک تولہ۔ پودینہ۔ ہیرا کسیس گوگل۔ انیسون۔ رسونت۔ ہر یک دو تولہ عرق سولف میں کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بنا کر ہمراہ آب گرم دیویں۔

۱۷۰ کرم شکم یہ گولیاں کرم شکم کے دفعیہ کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ باؤبڑنگ۔ نمک لاہوری ہر یک ۳ ماشہ۔ کمیلا ۹ ماشہ آب پوست انار میں کھرل کرکے گولی بقدر کنار دشتی بناکر ہر روز استعمال کریں۔

۱۷۱ اکسیر کرم شکم ہینگ۔ سرنا۔ کمیلا۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ ہر یک یک تولہ باریک کرکے گلقند ۵ تولہ ملا کر ایک تولہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

۱۷۲ کرم شکم و امعاء جب بچوں کی آنتوں میں کیڑے پڑ جاتے ہیں۔ تو بچہ کا پیٹ پھولا رہتا ہے۔ اور اکثر اپنی ناک نوچا کرتا ہے۔ اجابت بے قاعدہ ہوتی ہے۔ منہ سے بہت رال بہتی ہے۔ ان کے لئے یہ گولیاں نہایت مؤثر ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ تخم حنظل افتیتن۔ زیرہ سیاہ ہر یک ۶ ماشہ کمیلا باؤبڑنگ۔ مصبر۔ ہر یک ۲ تولہ نمک سونچل۔ ۳ تولہ آب ادرک میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا دیں۔ ۶ ماہ سے ایک سال کے بچہ کو گولی ہمراہ آب انار ترش یا عرق سونف میں گھس کر دیویں۔ بڑوں کو مطابق عمر زیادہ دے سکتے ہیں۔

۱۷۳ اکسیر قولنج یہ درد عموماً بدہضمی۔ دائمی قبض اور بعض اوقات تانبہ پیتل کے غیر قلعی شدہ برتنوں میں کھانے سے پیدا ہوتا ہے۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد درد اٹھتا ہے۔ اور مریض ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہے فوری تسکین کے لئے یہ سفوف استعمال کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ۔ اجوائن۔ پیپل ہر یک ۲ تولہ نوشادر ۱ تولہ جملہ ادویہ باریک کرکے۔ ۶ ماشہ ہمراہ آب گرم دیویں۔ اور مقام درد پر گرم پانی کی بوتل پھیرتے رہیں۔

۱۷۴ **شیاف درد قولنج** ہینگ۔ گوگل۔ نمک۔ زنجبیل۔ صابن دیسی شہد۔ ہم وزن۔ باریک کر کے روغن کنجد ملاکر شیاف بناویں۔ اور مقعد میں رکھیں۔ یا گرم پانی میں ملاکر حقنہ کریں۔ فوراً آرام ہوگا۔

۱۷۵ **جوشاندہ درد قولنج** ہینگ ۲ ماشہ نمک لاہوری ۴ ماشہ باریک کر کے سنڈھ پوست بیخ ارنڈ۔ ہر یک ۴ ماشہ ملاکر ۷ تولہ پانی میں جوش دے کر پلادیں۔ جلد صحت ہوگی۔

۱۷۶ **اکسیر درد قولنج** درد خواہ کیسی شدت سے ہوتا ہو اس کے باندھنے سے بفضل ایزدی آرام ہوگا۔ درد گردہ کو بھی مفید ہے

صفتہٗ۔ ہینگ۔ تخم سویہ۔ السی۔ بچ۔ سنڈھ۔ تخم میتھی۔ گڑ ہریک ۲ ماشہ کوفتہ بیختہ آرد ماش ایک پاؤ میں ملاکر عرق سولف میں گوندھ کر دو ٹکیہ بنادیں۔ ان ٹکیوں کو پکادیں کہ ایکطرف خام رہے۔ اس طرف روغن ارنڈ یا روغن گل ملیں اور نیم گرم باندھیں۔ جب سرد ہو جائے تو دوسری باندھیں اسی طرح بار بار گرم کر کے باندھتے جاویں۔

۱۷۷ **بواسیر بادی** بواسیر بادی کے لئے یہ گولیاں تجربہ کے قابل ہیں اپنے افعال میں بہت کم خطا کرنے والی چیز ہے۔

صفتہٗ۔ ککر ٹھڈی بوٹی کا پانی نکال کر آگ پر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو کر خشک ہونے لگے تو اتار کر ایک ظرف گلی میں منجمد رکھیں ایک پاؤ لیکر ہینگ ۱ تولہ۔ رسونت۔ ایک تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ ملاکر ہمراہ آب ککر ٹھڈی کھرل کر کے گولی بقدر کوکن بیر بناکر صبح و شام ایک گولی پانی سے لویں بعدہٗ کوئی چرب لقمہ کھلادیں۔

ککرچھڈی بوٹی کی پہچان یہ ایک مشہور بوٹی ہے اس کو ککر وندہ بھی کہتے ہیں اس کے پتے برنگ آسمانی اور کاسنی کے مشابہ ہوتے ہیں عموماً گندی جگہ اور قبرستانوں میں ہوتی ہے ذائقہ تلخ اور بدبودار ہوتا ہے بہت اکسیری بوٹی ہے سدہ کھولتی ہے ورم تحلیل کرتی ہے۔ درد گردہ۔ بواسیر جلندھر کو مفید ہے۔ مرگی کو فائدہ دیتی ہے کرم امعاء ومعدہ کو ہلاک کرتی ہے۔

۱۷۸ **بواسیر ہردو قسم** یہ گولیاں بواسیر خونی۔ بادی کو مفید ہونے کے علاوہ درد ریحی کو بھی فائدہ کرتی ہے۔

صفتہ۔ ہینگ ۶ ماشہ سہاگہ بریاں۔ نوشادر۔ نمک لاہوری۔ ہر یک ۹ ماشہ آب ادرک آب برگ سہانجنہ ہر یک ۲۰ تولہ جملہ ادویہ باریک کرکے ہردو آب میں ملا کر کاسہ چینی میں ڈال کر منہ پر باریک کپڑا باندھ کر دو ہفتہ تک دھوپ میں رکھیں جب خمیر ہو کر گولی باندھنے کے لائق ہو جائے تو گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ عرق سونف دیویں۔

۱۷۹ **ریح البواسیر** ہینگ ۱ تولہ ایک موٹی مولی کے درمیان دے کر ملتانی مٹی کا لیپ کرکے خشک کریں اور بھوبھل میں پکاویں جب گل جائے تو مولی بمعہ ہینگ کوٹ کر گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ ناخورہ دیویں۔

۱۸۰ **مسہائے بواسیر** ہینگ۔ افیم ہر یک ۳ ماشہ روغن کنجد میں اچھی طرح حل کرکے بوقت اجابت مسوں پر لگاویں۔ جلن۔ سوزش دور ہو کر مسے مرجھا جائیں گے۔

امراض گردہ و مثانہ میں ہینگ کے شافی اثرات

۱۸۱ لعوق اکسیر درد گردہ — یہ نہایت عجیب اور لاجواب نسخہ اپنا فوری اثر دکھانے میں اپنا ثانی آپ ہے۔ درد گردہ میں جب کہ مریض سخت بے چین ہو اس کے استعمال سے ایک گھنٹہ میں درد کافور ہوگا

صفت۔ ہینگ۔ جوکھار۔ لوٹا سجی۔ سہاگہ خام۔ نوشادر۔ مرچ سیاہ نمک سفید نمک سندھا۔ قلمی شورہ۔ ہموزن تمام ادویہ اچھی طرح باریک کر کے سرکہ تند ولایتی سے لعوق بناویں۔ ۳ ماشہ ہر پندرہ منٹ کے بعد دیویں اول تو پہلی خوراک ہی سے درد دور ہوگی ورنہ تین خوراکوں سے ضرور فائدہ ہوگا

۱۸۲ ضماد درد گردہ — ہینگ ۳ ماشہ آرد ماش۔ سفوف سویہ ہر ایک ۳ تولہ آب برگ ترب۔ آب برگ گلو۔ ہر یک ۱ تولہ میں ملا کر روٹی پکا کر سفال تابہ پر ایک طرف پکاویں۔ اور دوسری طرف مقام درد پر باندھیں فوراً درد دور ہوگی۔

۱۸۳ سفوف ریح الکلیہ و قروح الکلیہ — گردوں میں اگر ہوا بھر جائے یا قرحہ ہو ہو جائے جس سے سخت تکلیف ہو اس وقت اس سفوف سے فائدہ حاصل کریں۔

صفت۔ ہینگ سہاگہ۔ نوشادر۔ ہموزن باریک کر کے ۳ رتی ہمراہ عرق سونف یا آب گرم دیویں۔

۱۸۴ حبوب درد گردہ و ریگ گردہ — یہ گولیاں ہمہ صفت موصوف ہیں زیادہ تعریف کی محتاج نہیں۔ تمام ریگ وغیرہ

خارج ہو جائے گی۔ درد بند ہو گی۔

صفت ۔ ہینگ ۶ ماشہ کرم شب تاب ۱ تولہ باریک کر کے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر ہمراہ پانی دیویں۔

۱۸۵ ضماد احتباس البول احتباس البول سے تڑپتے مریض کو فوری تسکین دینے والا لاجواب ضماد ہے۔

صفت ۔ ہینگ کو شیر مادہ خر میں گھس کر مثانہ پر ضماد کریں دن میں دو تین بار یہ عمل کریں۔

۱۸۶ جوشاندہ سنگ مثانہ سرد مزاج کے مریضوں کو مفید ہے۔ پیشاب جاری کریگا اور سنگ مثانہ خارج ہو گا۔

صفت ۔ ہینگ ۳ ماشہ پودینہ ۵ تولہ کوٹ کر ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر ۵ تولہ رہنے پر چھان کر پلاویں۔

نیا خون اور نئی جوانی پیدا کرنیوالا

چہرہ کا رنگ گلاب کی طرح سرخ شگفتہ و شاداب کرنیوالا

(نوجیون جوہر فولاد)

اس کے استعمال کرتے ہی رگ و ریشہ جسم میں خون لہریں مارنے لگ جاتا ہے اس کے ایک قطرہ خوراک میں خون کے سینکڑوں قطرے پنہاں ہیں۔ معدہ و جگر کی اصلاح ہو جاتی ہے بھوک خوب لگتی ہے جو کھائیں ہضم ہو جاتا ہے۔ چہرہ کا رنگ سرخ اور بارونق بنانا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے مردہ دلوں کو وجیہہ اور خوبصورت بارعب جوانمرد بنانا اس کا کام ہے تندرست اگر استعمال کریں تو بال کبھی سفید نہ ہوں۔ قیمت فی شیشی ع۱۔

امراضِ مفاصل میں ہینگ کے حیرت انگیز اثرات

۱۸۷ **حبوب اکسیر گنٹھیا**[۱] یہ گولیاں گنٹھیا کے لئے نہایت مفید ہیں اس سے بڑھ کر اور کوئی نسخہ اس مرض کے لئے ملنا محال ہے۔ مدتوں کا مرض جڑ سے جاتا رہے گا۔

صفت: ہینگ سوہاگہ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ ایک ایک تولہ گوگل بھینسیا۔ نوشادر۔ زنجبیل۔ نمک سونچل۔ کچلہ مدبر۔ ہر یک ۲ تولہ جملہ ادویہ کو روغن گاؤ میں چرب کر کے آب بیخ سہانجنہ ایک سیر میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ روغن گاؤ ایک گولی استعمال کریں۔

۱۸۸ **حبوب اکسیر گنٹھیا**[۲] یہ گولیاں اس مرض کے لئے تریاقی اثر رکھنے کے علاوہ امراض باردہ۔ نقرس وغیرہ کو مفید ہیں۔ اعلےٰ درجہ کی قبض کشا ہیں۔

صفت: ہینگ۔ اجوائن دیسی۔ سورنجاں شیریں۔ بادیان۔ سنا مکی ہر یک ۲ ماشہ مصبر مصفےٰ ۱ تولہ آب گھیکوار میں گولی بقدر نخود بنا دیں۔ ۲ گولی ہمراہ عرق بادیان بوقت خفتن استعمال کریں۔

۱۸۹ **حبوب گنٹھیا**[۳] ہینگ۔ زنجبیل ہموزن آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر کے گولی بقدر ۱ ماشہ بنا دیں۔ اور ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

۱۹۰ **سفوف درد گنٹھیا** گنٹھیا میں مریض جب کہ درد سے ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہو۔ اس وقت استعمال کرا دیں جادو اثر دوا ہے۔

صفت: ہینگ ۲ ماشہ کلونجی ۱ تولہ سفوف بنا کر ۳ ماشہ چائے سے دیویں۔

۱۹۱ جبوب دافع اوجاع ہر قسم یہ گولیاں بادی۔ سردی۔ اور بلغمی دردوں کے لئے اکسیر ہیں۔

صفتہ۔ ہینگ۔ باؤبڑنگ۔ نمک سیاہ۔ فلفل دراز۔ سمندر پھل۔ جوکھار۔ اجوائن۔ ہلیلہ زرد سجی کھار۔ ہم وزن پانی کی مدد سے گولی بقدر کوکن بیر بنا کر بدرقہ مناسب سے دیویں۔

۱۹۲ جوشاندہ اکسیر دردریح یہ نہایت تکلیف دہ درد جب کبھی ہوتی ہے تو زندگی حرام کر دیتی ہے مریض کو درد کی وجہ سے رات کو نیند بھی نہیں آتی۔ اس جوشاندہ سے اپنی اس تکلیف کو رفع کریں۔

صفتہ۔ ہینگ ۳ ماشہ قند سیاہ۔ ۱ تولہ پوست ہلیلہ ۲ تولہ ایک سیر پانی میں جوش دے کر ½۲ چھٹانک باقی رہنے پر مریض کو پلا دیں۔ ایک ہی بار کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

۱۹۳ پلٹس درد ہر قسم جسم کے کسی مقام پر خواہ کیسی ہی درد کیوں نہ ہو اسی پلٹس کے استعمال سے ضرور فائدہ ہوگا۔

صفتہ۔ ہینگ۔ نمک۔ زنجبیل۔ بین پھل ہر یک ۲ ماشہ باریک کر کے آرد ماش بقدر ضرورت ملا کر روٹی بنا کر ایک طرف توا پر پکا کر دوسری طرف روغن گل لگا کر مقام درد پر باندھیں۔

۱۹۴ اکسیری روغن دافع اوجاع یہ روغن ہر قسم کی دردوں کے لئے بہتر ہدف ہے مدتوں کی درد صرف ایک ہی بار کے استعمال سے جاتی رہتی ہے ایک اسراری نسخہ ہے۔

صفت ها۔ ہینگ ۵ تولہ پنچال کبوتر صحرائی۔ پنچال مرغ۔ برگ ارنڈ۔ برگ مدار۔ حرمل سبز۔ ہر واحد یک سیر۔ پہلی سہ اشیاء کو باریک کر لیں اور بوٹیوں کو الگ کوٹ کر ایک گھڑے میں تہ بہ تہ رکھیں اور پانچ سیر پانی ڈال کر رکھ چھوڑیں دوسرے روز نرم آگ پر پکادیں کہ ۲ سیر پانی رہ جائے۔ اچھی طرح مل کر چھن لیں۔ اس میں روغن تلخ ۲ سیر ملا کر آگ پر رکھیں کہ صرف تیل رہ جائے۔ صاف کر کے محفوظ رکھیں۔ سورنجاں شیریں و تلخ ہم وزن باریک کر کے الگ رکھیں بوقت ضرورت تھوڑا سا یہ سفوف تیل میں ملا کر مقام درد پر مالش کر کے روئی باندھیں فوراً درد دور ہو گی۔

۱۹۵ **چوٹ لگنا** ہینگ روغن زرد میں ملا کر مالش کریں۔ درد وغیرہ کو آرام ہو گا۔

قادر مطلق کی قدرت کا کرشمہ

گورا چٹا اور سشر طبیہ لڑکا پیدا ہو گا

دنیا بھر کے حکیموں اور ڈاکٹروں نے اس مسئلہ پر مہر تصدیق ثبت کر دی ہے کہ لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کا انحصار عورتوں کے خصیۃ الرحم کی مزاج پر منحصر ہے۔ حمل کے پہلے یا دوسرے ماہ اگر ان میں تبدیلی پیدا کر دی جائے تو حسب منشا اولاد پیدا ہو سکتی ہے اس اصول کی بنا پر ہم نے سائنٹفک طریقہ سے ایسی دوا ایجاد کی ہے جس کو حمل کے دوسرے ماہ کے شروع میں صرف تین روز استعمال کرنے سے شرطیہ لڑکا پیدا ہو گا اور پھر لڑکا بھی الیسا شک ماہتاب۔ طاقتور و سڈول جسم ہو گا کہ خدائے قادر کی قدرت یاد آجائے گی قیمت تین خوراک ۵ روپیہ

امراض خبیثہ میں ہینگ کے برقی اثرات

۱۹۶ **اکسیر خنازیر** یہ عارضہ خنزیر کو بکثرت ہوتا ہے لہذا خنازیر کے نام سے موسوم ہے گلے کی ساری غدودیں پھول کر مالا کی طرح کے دانہ دانہ ہو جاتی ہیں۔ اسی لئے بعض اسے کنٹھ مالا کہتے ہیں۔ بڑی نامراد اور خبیث مرض ہے جس کے قلع قمع کے لئے یہ نسخہ مفید ہے۔

صفت ہینگ ۔ زراوند مدحرج ۔ ایرسا ۔ بیخ میتھی ۔ فرفیون ۔ مرمکی ہرایک ۲ تولہ کمیلا ۔ پوست ہلیلہ زرد ہر یک ۱۵ تولہ جملہ ادویہ باریک کر کے روغن بادام میں چرب کریں ۳ ماشہ ہمراہ شہد ۲ تولہ ملا کر صبح کو چٹائیں۔

۱۹۷ **سفوف اکسیر خنازیر** یہ سفوف بھی خنازیر کا بہترین علاج ہے اندر ہی اندر خشک ہو جائے گی۔

صفت ہینگ ۔ اشق ۔ حلبہ ۔ چرائتہ ۔ قسط تلخ ۔ فلفل مویہ ۔ فلفل سیاہ فرفیون ۔ بیروزہ ۔ زراوند مدحرج ہموزن باریک کر کے ۲ ماشہ بدرقہ مناسب دیویں

۱۹۸ **روغن محلل خنازیر** خنازیر جو بہتی نہ ہوں اور زخم وغیرہ نہ ہوں اس روغن کے استعمال سے معدوم ہو جائے گی۔

صفت ہینگ ۔ تخم سرس ۔ سم اسپ مشکی ۔ ہموزن بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں اور روئی کے پھایہ سے لگادیں انشاء اللہ بہت جلد تحلیل ہوں گی۔

۱۹۹ **ضماد خنازیر** خنازیری ۔ گلٹیوں کو تحلیل کرنے کے لئے یہ ضماد نہایت مفید ہے

صفت ہینگ ۔ ایلوا ۔ مرمکی ۔ اکلیل الملک ۔ السی ایرسا ۔ ہر یک ۲ ماشہ ۔ اشق ۔ چرائتہ ۔ قسط تلخ ۔ حلبہ فلفل سیاہ فلفل مویہ

ذراوند مدحرج۔ فرفیون۔ بیروزہ ہر یک یک ماشہ باریک کرکے آب گلو سبز بگل روغن ملاکر ضماد کرکے لگادیں۔

۲۰۰ روغن ناسور یہ روغن ناسور کہنہ وجدید کے لئے اپنا ثانی آپ ہے۔

صفت:۔ ہینگ۔ قرنفل ہر یک ۲ تولہ روغن سرسوں ۳ پاؤ تیل کو آگ پر رکھیں جب جل جاوے تو اتار کر لونگ ڈال دیں جب لونگ پھول جائیں تو ہینگ پیس کر ڈال دیں۔ جب تیل نیم گرم رہ جائے تو کافور ۱ تولہ باریک کرکے ڈال دیں۔ سرد کرکے شیشی میں رکھیں اور روئی تر کرکے لگادیں۔

۲۰۱ مرہم زخم کہنہ یہ مرہم ہر قسم کے پھوڑے۔ پھنسی کے لئے اکسیر اعظم ہے لاہور سور۔ ناسور۔ گھمبیر۔ وغیرہ کا قلع قمع کرنے کے لئے لاثانی ہے۔

صفت:۔ روغن سرسوں۔ ½ سیر خوب گرم کریں۔ پھر اتار کر ہینگ کاربالک ایسڈ۔ کافور۔ لونگ دو دو تولہ ڈال دیں سرد ہونے پر گھوٹ کر رکھیں اور زخموں پر لگادیں۔

۲۰۲ دفعیہ نارو العینی رشتہ یہ ایک نہایت تکلیف دہ مرض ہے۔ ایک قسم کا کیڑا عموماً برساتی جمع شدہ پانی میں ہوتا ہے جب اس پانی میں نہایا جاتا ہے۔ یا ہاتھ پاؤں دھوئے جاتے ہیں تو مساموں کے راستہ بدن میں داخل ہو کر جلد میں پیوست ہو جاتا ہے چند یوم کے بعد جلد میں ایک دنبل سا پیدا ہو جاتا ہے۔ جسے نارو کہتے ہیں یہ کیڑا لمبائی میں اگرچہ ½ فٹ سے ۲ فٹ تک لمبا ہوتا ہے لیکن اس قدر باریک ہوتا ہے کہ بغیر خوردبین کے نظر نہیں آتا۔ جب جلد میں داخل ہو جاتا ہے تو پرورش پاکر موٹا ہو جاتا ہے ہینگ اس کے لئے برقی اثر رکھتی ہے۔

صفت: ہینگ بقدر ایک رتی ہر روز ہمراہ پانی استعمال کریں۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے کیڑا مر کر صحت ہوگی

۲۰۲ ضماد داد

ہینگ سرکہ میں گھس کر ضماد کریں اور دھوپ میں بیٹھیں بہت جلد آرام ہوگا۔

۲۰۳ اکسیری روغن

یہ روغن مرض جذام۔ ناسور۔ خارش اور دیگر تمام جراحات کے لئے مفید ہے۔

صفت: ہینگ۔ مصبر۔ جوکھار۔ سجی سرخ بیج۔ کتھ سفید۔ زرد چوب دار ہلد۔ چونہ انبجھ۔ مثل۔ ہڑتال ورقیہ گندھک آملہ سار۔ سندھور۔ طوطیا برگ تلسی۔ نمک شور۔ تخم دھتورہ۔ نمک سانبھر۔ نمک سونچل۔ رسونت۔ سفیدہ کاشغری۔ فلفل سیاہ۔ ہموزن جملہ ادویہ باریک کر کے شیر زقوم میں ایک دفعہ تر و خشک کریں۔ بعدہٗ ایک بار شیر مدار میں تر و خشک کریں۔ پھر چھ گنا روغن سرسوں اور چہار گنا بول مادہ گاؤ میں ملا کر انہیں کڑاہی میں پکا دیں جب صرف تیل رہ جائے تو محفوظ رکھیں اور ضرورت کے وقت استعمال کریں۔

۲۰۴ احراق النار

اگر کوئی عضو جل جائے اور سخت سوزش ہو تو ہینگ ۲ تولہ دہی یا لسی ½ سیر میں ملا کر لگا دیں۔ فوراً ٹھنڈک پڑ جائے گی آبلہ نہیں پڑے گا دو تین روز میں زخم خشک ہوگا۔

نسل انسانی کو برقرار رکھنے والی اور عورتوں کے شباب کی محافظ پہاڑوں کے مشکل سفر کرنے کے بعد حاصل شدہ اکسیری چیز۔

قلب البجھا

جو کہ سیلان الرحم۔ کثرت حیض۔ اسقاط حمل۔ اٹھرا۔ بانجھ پن کا قلع قمع کرنے کے لئے اکسیر سے بڑھ کر فائدہ مند ثابت ہوئی ہے اس کے استعمال سے کوئی گھر گوہر اولاد سے خالی نہ رہے گا رطوبات فاسدہ کو خشک کرنے والی اور بوڑھی کو بھی . . . بنانے والی لاجواب چیز ہے قیمت فی تولہ ۵۔

امراضِ وبائی ہیضہ وغیرہ میں ہینگ کے جادو اثرات

۲۰۶ حبوب ہیضہ ۱ یہ ایک اکسیری حکمی گولیاں ہیں۔ صرف چار گولیوں میں صحت ہوگی۔ اپنا برقی اثر دکھانے میں لاثانی ہیں استعمال کرا کر اس کی سحر کاریوں کا مشاہدہ کریں۔

صفت لہٗ۔ ہینگ۔ فلفل سیاہ۔ مصبر۔ پیتہ اصلی۔ ہر یک ۳ تولہ کافور۔ زعفران تخم لیموں۔ جوہر پیپر منٹ۔ پوست بیخ مدار ہر یک ۶ ماشہ نارجیل دریائی ۲ تولہ مرمکی ۱ تولہ جملہ ادویہ آب ادرک میں کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنادیں ہر اجابت کے بعد ایک گولی ہمراہ عرق گلاب دیویں۔

۲۰۷ حبوب ہیضہ ۲ مرض ہیضہ میں جب کہ مریض کی حرارت غریزی بالکل مفقود ہو چکی ہو اس وقت استعمال کراویں حرارت غریزی میں انتعاشی حالت قائم رکھنے کے لئے مفید ہے۔

صفت لہٗ۔ ہینگ۔ زعفران۔ فلفل سیاہ ایک ایک ماشہ پیاز انگا جدوار خطائی ہر یک ۳ ماشہ ناریل دریائی۔ ۴ ماشہ پوست بیخ مدار ۶ ماشہ لیموں کاغذی ۵ عدد آب ادرک میں کھرل کرکے گولی بقدر مرچ سیاہ بنا کر ہر دو گھنٹہ کے بعد دیویں۔

۲۰۸ حبوب ہیضہ ۳ جب مریض ہیضہ میں مبتلا ہو قے دست شدت سے جاری ہوں۔ نبض ساقط اور کمزور ہو پیاس کی شدت اور پیٹ میں سخت درد ہو۔ دل گھبراتا ہو تو سکنجبین سادہ ۵ تولہ سرکہ تیز ۲ تولہ نمکین گرم پانی میں ملا کر پیٹ بھر پلا کر قے کراویں تاکہ مادہ صاف ہو جائے

بعدہٗ یہ گولیاں استعمال کریں۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ تخم مرچ سرخ۔ افیم۔ کافور ہموزن کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر ایک ایک گھنٹہ کے بعد ہمراہ آب دیویں۔ پیاس لگے تو سکنجبین لیموں پلاویں۔

۲۰۹ **حبوب ہیضہ ۴** ہینگ۔ نہایت تیز سرخ مرچ۔ قلعی انجھ۔ ہلدی ہموزن آب سہاجنہ میں کھرل کر کے گولی بقدر ایک رتی بنا دیں۔ ہر نصف گھنٹہ کے بعد ایک گولی تا صحت دیویں اگر مریض کو قے اور پیاس کی شدت ہو تو مندرجہ ذیل نسخہ گھول کر پلاویں۔ جو کہ ہر قسم کی قے بند کرنے اور شدت پیاس کو روکنے کے لئے مفید ہے۔

صفتہٗ۔ گلقند۔ ۵ تولہ۔ کاسنی۔ کشنیز۔ دانہ الائچی کلاں ہر یک یک تولہ خوب گھوٹ کر ۳ پاؤ پانی ملا کر چھان کر برتن گلی میں رکھیں اور تھوڑا تھوڑا مریض کو پلا دیں۔

۲۱۰ **حبوب ہیضہ ۵** ہینگ۔ کافور۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ ناریل دریائی ہموزن سفوف بنا کر عرق لیموں میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا کر آدھ گھنٹہ کے بعد دو گولی دیویں دست و قے فوراً بند ہوں گے۔

۲۱۱ **حبوب ہیضہ ۶** ہینگ۔ پوست بیخ مدار۔ مرچ سیاہ۔ گل مدار ناشگفتہ۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ نمک سونچل۔ لہسن۔ پپیتہ۔ کافور۔ زنجبیل پیپرمنٹ۔ ہموزن جملہ ادویہ آب ادرک میں کھرل کر کے گولی بقدر نخود بنا دیں ہمراہ عرق بادیان۔ ۴ تولہ عرق گلاب ۹ تولہ سکنجبین ۳ تولہ استعمال کریں

۲۱۲ **سفوف تریاق ہیضہ** ہیضہ میں جب کہ مریض شدت مرض میں مبتلا ہو قے۔ جی متلانا۔ ہاتھ پاؤں سرد ہونا وغیرہ

شکایات لاحق ہوں۔ اس وقت یہ سفوف اکسیر سے کم نہیں ۔ جملہ شکایات آناً فاناً دور ہوں گی ۔

صفتہٗ ۔ ہینگ ۳ ماشہ نمک خوردنی ۸ ماشہ نمک سونچل ۔ نمک سانبھر ۔ نوشادر ۔ املبید ہر یک ۴ ماشہ نمک سیاہ ۶ ماشہ سونٹھ فلفل سیاہ ۔ زیرہ سیاہ ۔ الائچی کلاں ۔ پودینہ خشک ۔ دارچینی ۔ لونگ سہاگہ بریاں ۔ ہر یک ۲ ماشہ ست لیموں ۔ ½ ماشہ لونگ گل مدار ۱½ تولہ سفوف بنا کر رکھیں ۔ ہر یک گھنٹہ کے بعد ۲ ماشہ ہمراہ جوشاندہ ذیل دیویں ۔ ردی سے ردی حالت میں بھی مفید ہے ۔

بادیان ۔ اجوائن ۔ پودینہ ۔ کچور ۔ فلفل دراز ۔ پوست ہلیلہ ۔ لویز منقی ہر یک ۳ ماشہ جوکوب کر کے ½ سیر پانی میں جوش دے کر ایک پاؤ پانی حاصل کر کے نمک ملا کر استعمال کریں ۔

۲۴۳ تریاقی گولیاں یہ گولیاں ہیضہ ۔ طاعون ۔ امراض شکم ۔ نیز پیچش وغیرہ کے لئے تریاق کا اثر رکھتی ہیں ۔

صفتہٗ ۔ ہینگ ۔ پیپتہ ۔ زرلبی ۔ کافور ۔ تخم مرچ سرخ ۔ زنجبیل فلفل گرد ۔ فلفل دراز ۔ ہموزن باریک کر کے پانی کی مدد سے گولی بقدر نخود بنا کر ہمراہ پانی دیویں ۔

سفوف اکسیر امراض وبائیہ یہ سفوف اکثر امراض وبائی نیز امراض شکم بادی ۔ طحال ۔ باؤگولہ وغیرہ کو مفید ہے ۔

صفتہٗ ۔ ہینگ ۲ تولہ کو شراب ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں اور ۲ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیویں ۔

پلیگ اکسیر طاعون ۲/۸ یہ پلیگ طاعون کے لیے نہایت وغریب ہے اس کا استعمال خالی از فائدہ نہیں۔ ایام طاعون میں اعجاز مسیحا کا کام دے گی۔

صفتہ ۔ ہینگ ۔ بیر بہوٹی ۔ گوگل ۔ پنچال کبوتر صحرائی ۔ ہم وزن سفوف بنا کر سفیدی بیضۂ مرغ میں ملا کر ٹکیہ بنا کر گلٹی پر باندھیں اوپر برگ مدار گرم کر کے باندھیں گلٹی بہت جلد پھوٹ جائے گی۔

حیض کی خرابیوں کو دور کرنے والی

حب محافظ النسواں

حب کے ایک ماہ لگاتار استعمال سے درد حیض ۔ کمی حیض ۔ بندش حیض ہسٹیریا ۔ درد رحم ۔ درد کمر ۔ درد سر ۔ نفخ معدہ ۔ ضعف جگر وغیرہ جڑ سے جاتے رہتے ہیں ایام باقاعدہ صاف طور پر آنے لگتے ہیں بدن میں خون کی کمی پوری ہو جاتی ہے ۔ پژمردہ چہرہ گلاب کی مانند شگفتہ ہو جاتا ہے اور گود گوہر اولاد سے بھر جاتی ہے قیمت ۔ ۴ گولی عہ

ایام حمل میں عورتوں کی مونس و معاون

معصوم دنیا کو ہمیشہ زندہ دیکھنے والی

گوہر مراد گولیاں

جن عورتوں کو بار بار اسقاط حمل ہو چکا ہو یا بچے پیدا ہو کر مرض اٹھرا وغیرہ میں مبتلا ہو کر مر جاتے ہوں یا جن کے ہاں بچے کمزور پیدا ہوتے ہوں ان کے لئے یہ گولیاں بڑی مفید ہیں ۔ ایام حمل میں استعمال کرنے سے بچہ صحیح سلامت پیدا ہوتا ہے ۔ اور عمر طبعی کو پہنچتا ہے ۔

قیمت ... ۵۰ گولی عنہ روپیہ۔

حمیات میں ہینگ کے لاثانی اثرات

۲۱۶ **جملہ اقسام تپ** یہ ایک عجیب دوا ہے۔ ایک ہی خوراک سے سوائے تپ دق کے جملہ اقسام تپ رفع ہوں گے۔

صفت۔ ہینگ ۳ رتی ہمراہ برگ تلسی ۲ تولہ عرق گلو و کاسنی ہر یک ۱۰ تولہ میں گھوٹکر چھان کر استعمال کریں۔ اگر بخار اترتے ہوئے میں دیں تو پھر بخار نہ ہوگا۔

۲۱۷ **معجون تپ نوبتی** یہ ایک لاثانی معجون ہے جو باری سے آنے والے بخاروں کو مفید ہے۔

صفت۔ ہینگ۔ زنجبیل۔ برگ سداب۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہموزن باریک کرکے سہ گنا شہد میں معجون بناویں تپ آنے سے ایک گھنٹہ پہلے ½ ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین دلویں۔

۲۱۸ **طلسمی سرمہ** یہ ایک عجیب دوا آنکھ میں لگانے سے لرزہ رفع ہوگا۔

صفت۔ ہینگ ½ رتی۔ مرچ سیاہ۔ ½ عدد نگس ۱ عدد باریک کرکے آنکھ میں لگادیں۔

۲۱۹ **طلسمی شیاف** اس شیاف کو آنکھ میں لگانے سے ہی کہنہ سے کہنہ بخار دور ہوگا۔ حیران کر دینے والی چیز ہے

صفت۔ ہینگ۔ زبھلہ۔ زکٹہ۔ تخم سرسوں۔ تخم سرس۔ گٹکی نمک لاہوری۔ ہم وزن لے کر شیر بکری میں کھرل کرکے شیاف بنادیں اور نیم گرم پانی میں گھس کر لگاویں۔

۲۲۰ **سفوف تپ نوبتی** یہ سفوف تپ تیجہ کے لئے نہایت عجیب ہے
پہلی ہی خوراک بخار کو دور کرے گی۔

صفتہا۔ ہینگ ابکرقی۔ برگ بھنگ۔ مرچ سیاہ۔ ایک ایک
ماشہ باریک کرکے بخار آنے سے ایک گھنٹہ پیشتر ہمراہ آب دیویں۔

۲۲۱ **حبوب تپ ربعہ** ہینگ۔ مرچ سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز
ہموزن باریک کرکے پانی سے گولی بقدر نخود
بنا کر صبح و شام ہمراہ شربت افتیموں دیویں۔

۲۲۲ **حبوب دفعیہ تپ لرزہ کہنہ** ایک ایک گھنٹہ کے فاصلہ سے ان
گولیوں کے استعمال سے پہلے ہی
روز بخار رفوچکر ہو جاتا ہے۔

صفتہا۔ ہینگ ا ماشہ قرنفل۔ کونپل ببول۔ کونپل سنبھالو ہر یک
یک تولہ کھرل کرکے گولی بقدر نخود بنا کر استعمال کریں۔

سمّیات خوردہ و موذیات گزیدہ کیلئے ہینگ کے تریاقی اثرات

۳۲۳ دھتورہ خوردہ اس کے کھانے سے یہ علامات ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ سرخی چشم۔ تاریکی نظر۔ دردِ سر۔ سر چکرانا۔ اور بیہوشی ہو جاتی ہے۔ مریض کے سامنے کئی قسم کے حشرات الارض اڑتے نظر آتے ہیں۔ مریض مجنونانہ حرکتیں کرتا ہے۔ کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے اس وقت گرم پانی روغن کنجد اور نمک ملا کر پلا دیں تاکہ قے ہو جاوے بعدہٗ یہ گولیاں ہر چہار گھنٹہ کے بعد دیویں۔ مریض کو سونے نہ دیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ بریاں۔ پوست بیخ انار۔ درونج عقربی۔ ہر یک یک تولہ مغز بنولہ ۵ تولہ جملہ ادویہ باریک کر کے آب برگ کپاس میں گولی بقدر ضرورت بنا دیں ۴ ماشہ ہمراہ آب دیویں۔

۳۲۴ افیم خوردہ جس شخص نے افیم کھائی ہو اور بدن میں سرایت کر چکی ہو بیہوشی۔ تشنج۔ دردِ سر۔ سرد پسینہ۔ سرد سانس تیرگی نظر بدن سے افیم کی بو آنا وغیرہ علامتیں لاحق ہوں تو اس وقت ہینگ ۴ ماشہ پانی میں گھول کر پلا دیں فوراً قے ہو کر ہر قسم کا زہر خارج ہوگا۔

۳۲۵ معجون تریاق افیم اس معجون سے بھی افیم خوردہ کو صحت ہوگی۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ جندبیدستر۔ مرچ سیاہ ہموزن شہد میں ملا کر معجون بنا دیں۔

۳۲۶ اکسیر مخمور اگر کسی شرابی کا نشہ دور کرنا ہو اور اسے ہوش میں لانا ہو تو قدرے ہینگ پانی میں حل کر کے پلا دیں۔

فوراً قے ہو کر نشہ دور ہو گا۔

۲۲۷ **اکسیر سگ گزیدہ** یہ گولیاں سگ گزیدہ کے لئے تریاقی اثر رکھتی ہیں تین ماہ لگاتار استعمال کریں۔ تو زہر کا اثر مطلق نہ ہو گا۔

صفت:۔ ہینگ۔ کچلہ مدبر۔ تخم نیل۔ قسط شیریں۔ مرکی تخم جرجیر ہر یک ۲ تولہ برگ لسوڑہ نازک۔ ۲ تولہ اچھی طرح گھوٹ کر گولی بقدر ۳ ماشہ بنا دیں۔ صبح و شام ایک گولی عرق گاؤزبان سے دیویں۔

۲۲۸ **محبوب اکسیر مار گزیدہ** یہ گولیاں مار گزیدہ کے لئے تریاق کا اثر رکھتی ہیں جس طرح بھی ہو سکے مریض کے اندر گولی ڈالنے کی کوشش کریں۔ اگر دانت بند ہو تو بھی کھول کر حلق کے اندر اتار دیں انشاءاللہ فوراً صحت ہو گی۔

صفت:۔ ہینگ۔ کونپل ارنڈ۔ ہموزن اچھی طرح باریک کر کے گولی بقدر نخود بنا دیں اور گرم پانی سے استعمال کرائیں اگر قے ہو جائے تو ایک اور کھلا دیں۔ مگر گولیاں تازہ بنی ہوئی ہوں۔ موسم برسات میں اس کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔

۲۲۹ **اکسیری نسوار مار گزیدہ** اس نسوار کو تیار کر کے ہمیشہ اپنے پاس رکھنا چاہیئے تاکہ بوقت ضرورت کام آ سکے مار گزیدہ چاہے کیسی حالت میں ہو اسکے ناک میں پھونکنے سے آرام ہو جاتا ہے

صفت:۔ ہینگ۔ جاںفل۔ فلفل گرد۔ قرنفل۔ گندھک آملہ سار افیم درج ہموزن باریک کر کے نسوار بنا دیں اور بذریعہ نلی ناک میں پھونکیں۔

۲۳۰ **ضماد کژدم گزیدہ** جب کبھی بچھو کاٹ کھائے اور کژدم گزندہ درد سے سخت بے چین ہو اس وقت یہ ضماد کریں فوراً آرام ہوگا۔

صفتہ:۔ ہینگ - چونہ انبجھ ہر یک ۶ ماشہ پانی میں حل کر کے مقام گزند پر لیپ کر دیں۔

۲۳۱ **حبوب کژدم گزندہ** ہینگ ½ ماشہ لہسن ۱ ماشہ عقرقرحا ۳ ماشہ جملہ اشیا شراب میں کھرل کر کے گولیاں بناویں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

۲۳۲ **حبوب کژدم گزیدہ** - ہینگ ہڑتال ہموزن آب نارنج میں کھرل کر کے گولی بقدر ضرورت بنا کر مقام گزند پر گھسکر لگادیں

۲۳۳ **دفعیہ دیمک** اگر کسی جگہ دیمک لگ جائے تو ہینگ کو تیل میں حل کر کے چھڑکیں۔ دیمک دفع ہوگا۔

۲۳۴ **دفعیہ چیونٹی** اگر کسی جگہ چیونٹیاں زیادہ ہوں تو ہینگ پانی میں گھول کر چھڑکیں۔

۲۳۵ **دفعیہ جمیع کرم** - ہینگ کی دھونی دینے سے ہر قسم کے کیڑے دفع ہوں گے۔

روغن بقائے شباب نسواں۔ عورتوں کے بڑے اور لٹکے ہوئے پستانوں کو خوبصورت گول اور ابھرے ہوئے کر دیتا ہے جس سے بوڑھی عورت بھی جوان معلوم ہونے لگتی ہے۔
قیمت فی شیشی دو روپیہ

روغن سم الفار بالکل بادام روغن کی طرح سم الفار کا خالص تیل ہے جو کہ نامرد مخلوق کو بطور طلاء استعمال کرنے سے بیرونی نقائص کو دور کرتا ہے اور اندرونی استعمال سے بے پناہ قوت پیدا کرتا ہے
قیمت ایک تولہ ایک روپیہ۔

دفعیہ آسیب میں ہینگ کی طلسمی اثرات

جہاں ہینگ کے بخور سے جملہ کرم و جانور موذیات
۲۳۶ دفعیہ بھوت پریت بھاگ جاتے ہیں وہاں بھوت پریت کی بھی مجال نہیں کہ اس کے سامنے دم ماریں۔ جب کسی کو بھوت پریت وغیرہ کا سایہ ہو جائے تو یہ بخور جلاویں خدا کے فضل سے آسیب دم دبا کر بھاگ جائے گا۔

صفت ۱: ہینگ۔ سرسوں سفید۔ تج۔ لہسن ہموزن باریک کر کے انگاروں پر ڈال کر آسیب زدہ کو دھونی دیں۔ دھواں ناک کی راہ پہنچانے کی کوشش کریں اس بخور سے بھی آسیب زدہ کو آرام ہوگا پھر عود نہیں کرے گا۔

۲۳۷ دفعیہ سایہ صفت ۱: ہینگ۔ پرسور کا ٹکی والا حصہ۔ برگ نیم۔ تخم کنڈیاری تخم کپاس۔ بال بکری برنگ سیاہ۔ کینچلی مار۔ سرگیں گربہ۔ برادہ عاج۔ چمڑہ شیر ہم وزن لے کر کوٹ کر گھی ملا کر گولوں پر ڈال کر مریض کو کپڑا لپیٹ کر اس کی ناک میں دھونی دیویں۔

۲۳۸ طلسمی سرمہ ہینگ۔ عرق لہسن میں پیس کر آسیب زدہ کی آنکھوں میں لگادیں آسیب فوراً دور ہوگا اور پھر نہیں آئے گا۔

طلائے منتظہ یہ طلاء آبلہ اٹھا کر رگوں سے گندا پانی خارج کر کے تازہ خون پیدا کرتا ہے ایک ہی بار کے لگانے سے صحت ہو جاتی ہے۔
قیمت ۳ ماشہ ایک روپیہ

تکمیدہ مایوسین۔ کوئی سالہا سال لگانے سے پیشتر اس تکمید کا استعمال کریں رگیں پٹھے نرم ہو کر کھل جائیں گے جس سے طلاء فوراً اور مستقل فائدہ دے گا۔
قیمت ۷ عدد ایک روپیہ

حب اذراقی مفلوج لقوہ رعشہ تشنج وغیرہ عصابی امراض کا شافی علاج ہے ہفتہ عشرہ میں خاطر خواہ فائدہ محسوس ہوتا ہے
قیمت ۱۶ گولی دو روپیہ

پرندوں کا شکار کرنیکے لئے ہینگ کے امدادی اثرات

۲۳۹ شکار کردن طائران معتبر کتب طبیہ میں لکھا ہے کہ جب کبھی کسی خاص موسم میں بہت پرندا آئیں جیسا کہ بعض خاص موسموں میں تلیر آیا کرتے ہیں یا جب کبھی بھی پرندوں کا شکار کرنے کو دل چاہے اس وقت ان دانوں کی مدد سے ہر قسم کے جانور پکڑے جا سکتے ہیں۔

صفتہ۔ ہینگ۔ سیماب ہموزن دونوں کو ہمراہ آب خوب کھرل کر کے خشک کر کے رکھیں اور تھوڑا شہد ملا کر دانہ گندم لت کریں۔ آٹھ پہر کے بعد نکال کر رکھ چھوڑیں اور جہاں جانور ہوں وہاں ڈال دیں جو جانور ان دانوں کو کھائے گا بیہوش ہو جائے گا۔ پھر پکڑ کر جو چاہیں کریں۔ اختیار ہے اگر ہوش میں لانا ہو تو گھی کھلاویں۔

۲۴۰ نوع دیگر ہینگ پانی میں گھول کر اس میں شہد ملا کر کسی قسم کا غلہ بھگوئیں دوسرے دن نکال کر خشک کر کے جس پرند کو بھی کھلائیں گے بیہوش ہو جائے گا۔ جب ہوش میں لانا ہو تو دودھ گھی پلا دیں۔ ہوش میں آ کر تندرست ہو جائے گا۔

اکسیر ہیضہ۔ ہیضہ جیسی مہلک اور خطرناک مرض کا شافی علاج ہے صرف ایک ہی گولی کے استعمال سے مرض قطعاً دور ہو گا۔
قیمت ایک درجن گولی دو روپیہ

اکسیر نمونیا۔ ہر گھر میں ہر وقت موجود رہنے کے قابل گولیاں ہیں درد نمونیا کے لئے صرف ایک ہی بار کے دینے سے صحت ہو جاتی ہے اور مرض کا خطرہ دور ہو جاتا ہے
قیمت ایک درجن گولی دو روپیہ

اکسیر طاعون۔ طاعون کیلئے کھانے اور لگانیکی دوائی ہے ایک ہفتہ میں مکمل صحت ہو جاتی ہے مریض طاعون سے نہیں مریگا تجربہ شرط ہے
قیمت فی شیشی دو روپیہ

دیگر امراض میں ہینگ کے اکسیری مرکبات

۲۴۱ سفوف مجرب یہ سفوف. کھانسی۔ دمہ۔ ہچکی۔ ضعف ہاضمہ کیلیے مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ زنجبیل۔ بائبڑنگ۔ راسنا۔ پیپل۔ سیندھا نمک بھڑنگی۔ جوکھار۔ ہم وزن سفوف بنادیں اور گھی سے چرب کر کے حسب ضرورت استعمال کریں۔

۲۴۲ سفوف شفا واقعی شفابخش سفوف ہے درد معدہ وامعاء درد رحم دردسر۔ شقیقہ۔ کھانسی نزلہ زکام ضعف ہاضمہ اور اکثر امراض بلغمی کو مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ جوہر نوشادر۔ مرچ سیاہ ہر یک ۶ ماشہ تخم جوز ماثل ۲ ماشہ۔ دارچینی ۹ ماشہ میٹھا تیلیہ مدبر ۲ ماشہ گل ہرمزی ۱ تولہ سفوف بنا کر ۲ رتی ہمراہ آب دیویں۔

۲۴۳ سفوف احسن یہ سفوف نفخ معدہ۔ ورم جگر۔ وطحال کو مفید ہے معدہ کو قوت دیتا ہے۔ فساد ہضم کو دور کرتا ہے درد گردہ و قولنج ریحی و ریح البواسیر کو از حد مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک خوب لگے گی۔

صفتہٗ۔ ہینگ۔ اجمود۔ پودینہ۔ پیپل۔ تخم گندنا۔ کلونجی۔ گندھک مدبر۔ کھپکھری۔ بالچھڑ۔ بیخ اشنان۔ نوشادر۔ تربد سفید۔ زنجبیل۔ انار دانہ امچور ترش۔ گوگل۔ پوست بیخ مدار۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ پوست ہلیلہ

بلیلہ۔ آملہ۔ قرنفل۔ ناگرموتھہ۔ الائچی کلاں۔ ہریک ۱½ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ زیرہ سفید مدبر۔ زیرہ سیاہ مدبر ایک ایک تولہ سفوف بناکر ایک سے ۳ ماشہ عرق گلاب یا آب تازہ دیویں۔

زیرہ سفید و سیاہ مدبر کرنے کی ترکیب حسب ضرورت زیرہ سفید و سیاہ لے کر علیحدہ علیحدہ برتن میں ڈال کر اتنا سرکہ ڈال دیں کہ چار انگلی اوپر رہے تین شبانہ روز تر رہنے کے بعد نکال کر خشک کریں مدبر ہوں گے۔

۲۲۴ **سفوف کثیر الفوائد** اس کے استعمال سے بھوک خوب بڑھتی ہے۔ غذا بخوبی ہضم ہو کر جسم میں خون تازہ اور بکثرت پیدا ہونے لگتا ہے۔ درد شکم۔ باؤ گولہ۔ بدہضمی ضعف جگر و معدہ۔ ورم طحال۔ کمی اشتہا۔ وغیرہ تمام ریحی اور بادی امراض کو مفید ہے۔

صفتہ۔ ہینگ بریان۔ باچھڑ۔ تخم گذر۔ انیسوں رومی۔ زنجبیل۔ ملٹھی ہریک ۲½ تولہ افتیموں ولائتی ۴ تولہ مرچ سیاہ۔ مرچ سفید۔ اذخر مکی ہریک ۵ تولہ تخم کرفس ۸ تولہ نمک سیاہ۔ نوشادر۔ کلونجی ہریک ۱۵ تولہ نمک لاہوری مدبر ۲۰ تولہ سفوف بناکر رکھیں ¼ سے ۱ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیویں۔

نمک لاہوری مدبر کی ترکیب نمک لاہوری ۲ سیر لے کر سرکہ خالص کہنہ میں ملا کر مٹی کی کوری ہنڈیہ میں ڈال کر بیس سیر آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں مدبر ہوگا۔

۲۲۵ **چورن حجاج** یہ چورن فساد ہوا اور آب و ہوا کے تغیر و تبدل کی اصلاح کے لئے نہایت فائدہ مند ہے چنانچہ جو لوگ ہندوستان سے

حج کو جاتے ہیں۔ بری و بحری سفر میں ان کو مختلف آب وہواؤں سے سابقہ پڑتا ہے اس لئے اکثر لوگ بیمار ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے چورن حجاج بہت مفید ہے کیونکہ یہ چورن مقوی معدہ و ہاضمہ اور مشتہی ہے ترش ڈکار۔ پیچش اسہال نزلہ زکام مراق اور دائمی قبض کو رفع کرتا ہے۔

صفت۔ ہینگ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ فلفل گرد۔ شورہ قلمی۔ سہاگہ سفید گندہک آملہ سار۔ جوکھار۔ سجی۔ لوہ چون۔ نمک نلی۔ نمک سانبھر۔ نمک منہاری۔ نمک شور۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری ہر یک ۲ تولہ نوشادر ۴ تولہ عرق لیموں ½ ۱ سیر آب ادرک آب گھیکوار۔ آب انار شیریں ہر یک ۲۰ تولہ تمام ادویہ باریک کر کے عرقیات میں ملا کر کشادہ منہ والی بوتل میں ڈال کر ۴۰ یوم دھوپ میں رکھیں بعدہٗ خشک کر کے سفوف بنا دیں ایک رتی سے ایک ماشہ تک بدرقہ مناسب سے دیویں۔

۲۸۴۔ **حبوب طبیب خانہ** یہ ایک ہی نسخہ کئی امراض کا واحد علاج ہے ان گولیوں کا گھر میں رکھنا حکیم یا ڈاکٹر سے بے نیاز کرتا ہے گویا یہ گولیاں گھر کا حکیم ہیں۔

صفت۔ ہینگ۔ سیماب۔ گندہک آملہ سار۔ ہڑتال ورقیہ۔ مرچ سیاہ ورچ۔ فلفل دراز۔ سوہاگہ تیلیہ۔ زنجبیل۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ جمالگوٹہ مدبر۔ کٹھ تلخ۔ گوکھرو۔ سم الفار۔ ہموزن آب بھنگرہ میں سہ روز کھرل کریں اور گولی بقدر دانہ ماش بنا دیں اور بدرقہ مناسب کے ہمراہ استعمال کریں۔ جملہ امراض مخصوصہ مرداں و زناں۔ امراض شکم۔ جملہ اوجاع اور موذیات گزندہ کے لئے مفید ہے کچھ عرصہ کے استعمال سے بال سیاہ شروع ہو جائیں گے۔

۷۲۷ روغن امرت

مجربات بوعلی سینا میں لکھا ہے کہ یہ نسخہ حکیم جالینوس نے شاہ روم کے لیے تجویز کیا تھا جس سے فوائد عظیم حاصل ہوئے یہ روغن گنجے کے سر پر بال اگاتا ہے زخموں کو درست کرتا ہے۔ داء الثعلب و داء الحیہ کو دور کرتا ہے۔ کلف۔ برص۔ اور بہق کو طلا کرنے سے دور کرتا ہے۔ عظم طحال کو دور کرتا ہے۔ دانتوں کو بوسیدہ ہونے سے روکتا ہے۔ ذہن تیز کرتا ہے حیض جاری کرتا ہے۔ نامرد کو مرد بناتا ہے مقوی بصر ہے عضو پر طلاء کرنے سے قوی ہو جاتا ہے۔ ایک درم ہر روز پینا بال سیاہ کرتا ہے وغیرہ وغیرہ عجیب فوائد ہیں۔

صفتہ، ہینگ ۱ تولہ شکر سرخ ۵ تولہ نوشادر ۱ تولہ کلونجی۔ آرد گیہوں ہر یک ½ ۱ سیر جملہ ادویہ باہم ملا کر روغن ٹپکا دیں اور استعمال کریں۔

۷۲۸ اکسیری روغن روح شفا

یہ روغن وبائی امراض ہیضہ طاعون، بخار ہر قسم۔ درد ہر قسم۔ بدہضمی۔ ذات الجنب اور نمونیہ وغیرہ امراض کو اکسیر صفت ہے۔

صفتہ۔ ہینگ۔ گوگل بھینسا۔ قرنفل۔ نوشادر۔ دارچینی۔ الائچی خورد۔ جوکھار۔ کافور۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ ہموزن۔ تمام اشیاء جوکوب کر کے ملا کر آتشی شیشی میں ڈال کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ داخلی امراض کے لئے ۳ قطرہ بتاشہ پر ڈال کر کھاویں۔ خارجی امراض کے لئے روغن کنجد میں چند قطرے ڈال کر لگاویں۔

۷۲۹ اکسیری روغن جوہر شفاء

جو لوگ امرت دھارا کی طرح کے نسخوں کے بہت دلدادہ ہیں۔ اور کسی بہترین نسخہ کے متلاشی ہیں وہ اسے تیار کریں اور اس کے برقی اثر ملاحظہ کریں۔ جس جگہ

پر یہ روغن ہو وہاں سانپ۔ بچھو۔ اور دوسرے زہریلے جانوروں کا کیا کام

صفتہٗ۔ ہینگ۔ کاربالک ایسڈ۔ کروٹن آئل۔ Oil of Croton ہر یک یک ماشہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ ہر یک ۶ ماشہ کافور ۱½ تولہ۔ کھرل کرکے شیشی میں ڈال دیں۔ اور دھوپ میں رکھیں۔ تیل تیار ہو گا۔ چند قطرے تیل میں یا ویسے ہی لگادیں۔

۲۵۰ اکسیری روغن جوہر ہینگ

یہ روغن بلحاظ فوائد امرت دھارا کے برابر ہے۔ کم قیمت ہونے کی وجہ سے اس سے بہتر ہے۔ ہر قسم کی وبائی امراض کو زائل کرنا اس کا ادنےٰ کرشمہ ہے مکھی اور مچھر اس سے کوسوں دور بھاگتے ہیں۔

صفتہٗ۔ ہینگ ۲ تولہ سپرٹ ایکٹی فائیڈ ۱۰ تولہ ہینگ کو باریک کرکے سپرٹ میں حل کریں اور بوتل میں ڈال کر ۵ ایوم رکھ چھوڑیں۔ ہر روز ہلادیا کریں۔ بعدہٗ چھان کر استعمال کریں۔ تمام امراض اندرونی و بیرونی کو بدرقہ مناسب سے استعمال کرادیں مقام درد پر ٹنکچر کی طرح لگادیں۔

دنیا بھر کے حکیموں کا مصدقہ نسخہ

حب عشق زدجام بہ نسخہ کلاں

طبی دنیا میں دلچسپی لینے والا کون انسان ہے جو اس نسخہ کے اجزا اور اس کے لاثانی فوائد سے واقف نہیں۔ طبی کتب اس کے فوائد سے بھری پڑی ہیں الغرض اعلیٰ درجہ کی مقوی گولیاں ہیں اپنے افعال میں بہت ہی کم خطا کرتی ہے۔ اور دلوں میں بے پناہ قوت پیدا کر دیتی ہے۔ قیمت ۸۰ گولی عہ/

ایلوپیتھی و ہومیوپیتھی میں ہینگ کے مرکبات

۲۵۱ **سپرٹ امونیا فیٹیڈا** (Spirit Ammonia fetida) ہسٹیریا اور نفخ شکم کے لئے اعلیٰ درجہ کی دوائی ہے ½ سے ایک ڈرام پانی میں ملاکر استعمال کر سکتے ہیں۔ بہت جلد فائدہ دینے والی چیز ہے۔

۲۵۲ **ٹنکچر الیا فیٹیڈا** (Tincture Assafetida) ہسٹریا کی مخصوص دوا ہے استعمال مذکورہ طریق سے کریں۔

۲۵۳ **پل الیا فٹیڈا کمپونڈ** تشنجی امراض اور ہسٹریا وغیرہ کے لئے مفید ہے ۱۰ گرین ہمراہ آب استعمال کریں۔

۲۵۴ **پل الوراٹ الیا فٹیڈا** ہسٹریا اور قبض شدید میں دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں خوراک و مقدار بطریق بالا۔

۲۵۵ **الیا فٹیڈا 3x** یہ ایک ہومیوپیتھی دوا ہے جو کہ ہومیوپیتھی دوا فروشوں سے مل جاتی ہے۔ علامات ذیل ہونے پر استعمال کی جاتی ہے جب کہ ہسٹریا صفراء کی وجہ سے ہو۔ حلق میں جلن اور خشکی ہو۔ پیٹ پھولا ہوا اور خراش وار دست و مروڑ ہوں۔ جی متلائے۔ قے کرنے کو طبیعت راغب ہو قبض یا اسہال ہو اور رفع حاجت کے وقت زور لگانا پڑے پیشاب گہرے رنگ کا بدبودار ہو ایسا معلوم ہو کہ ایک گولا حلق کی طرف سے اٹھ رہا ہے۔ حیض قبل از وقت درد سے آئے۔ رحم میں خراش ہو تو صبح وشام ایک رتی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

کشتہ جات اور علم الکیمیا میں ہینگ کی عقدہ کشائیاں

کشتہ طلا اکسیری ۲۵۶

تمام کشتہ جات سے بہتر۔ فوائد میں لاثانی ہے۔ تجربہ اس کی خوبیوں کو خود تسلیم کرالے گا۔ نامردی۔ سستی۔ سل دق۔ ذیابیطس۔ ضعف اعضاء رئیسہ۔ دمہ۔ وجع المفاصل وغیرہ امراض کو توقع سے بڑھ کر فائدہ ہوگا۔ جو لوگ بلا عذر کشتہ طلا استعمال کرنا چاہیں جو ان کی جملہ قوتوں کو بحال کرسکے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارے۔ قوت جسمانی پیدا کرے۔ باہ کی جملہ کمزوریوں کو دور کرے تو انہیں یہ کشتہ طلا ضرور استعمال کرنا چاہیے۔

صفت۔ برادہ طلا۔ سیماب مصفیٰ۔ ایک ایک تولہ لے کر ہر دو کو عرق ہینگ ۲ تولہ میں کھرل کریں۔ بعدہٗ ۲ تولہ آب پوست بیخ کچنار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور کوزہ میں گل حکمت کرکے ایک سیر بے دود اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر وزن کریں۔ جتنا وزن کم ہو اتنا پارہ ملا کر بدستور کھرل کرکے آگ دیں۔ اسی طرح چالیس آگ دیں۔ ہر بار کمی وزن پارہ سے پوری کرتے جائیں! اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔

عرق ہینگ

ہینگ۔ ایک پاؤ۔ گندھک آملہ سار ½ سیر شنگرف رومی ۱ سیر ایک ہنڈیہ میں اینٹ رکھ کر اس کے اردگرد پہلے شنگرف رومی پھر گندھک پھر ہینگ تہ بہ تہ بچھا کر بمطابق طریقہ نمبر ۸ روغن کشید کریں۔

کشتہ الماس یہ وہی کشتہ ہے جس کے متعلق بعض مہوسین تو یہاں تک کہہ دیا کرتے ہیں۔ کہ اس کشتہ کی اکسیر فی سے سیروں سونا بن سکتا ہے اس کا حاصل ہونا گویا صنعت الٰہی کے خزانے کی کنجیاں حاصل ہو گئیں۔ آج اس کے بنانے کے لئے ایک صحیح نسخہ لکھا جاتا ہے جس کے مجرب ہونے کا دعوٰے جناب ایڈیٹر صاحب رسالہ آبحیات کو ہے۔ چنانچہ آپ اپنی کتاب اکسیری کشتہ جات کرشن میں لکھتے ہیں"

"اس آسانی اور صفائی سے اس قدر زود اثر بننے والا ہیرے کا اور کوئی کشتہ ہماری نظر سے نہیں گذرا۔ یہ بے خطا اور خاص بھر دسے کی ترکیب ہے۔ جس سے ہیرا یقیناً نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہو جاتا ہے اور نہایت آسانی سے پس کر لطیف ذرات کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ افعال وخواص کے اعتبار سے ہیرے کا یہ کشتہ ایک نادر روزگار چیز ہے اور ہر قسم کی تعریف و توصیف سے بالاتر ہے اس کے معجز کار اثرات نے بارہا ہمیں اس کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملانے پر مجبور کیا ہے اس کے پورے جوہر استعمال کرنے پر ہی کھلتے ہیں یہ وہ چیز ہے جو اس حیرت انگیز طریقے سے ناقص اجسام کو کامل اجسام میں تبدیل کر سکتی ہے جس طرح پارس کی پتھری کا لمس ناقص دھاتوں کو کامل دھاتوں کی شکل میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اس کی ایک امتیازی صفت یہ بھی ہے کہ جس دوا میں شامل کر دیا جائے اس کے افعال وخواص میں بے حد اضافہ کر دیتا ہے جریان کی کسی دوا میں شامل کر دیا جائے۔ تو اسے صحیح معنوں میں اکسیر جریان بنا دیتا ہے۔ قوت باہ کے کسی نسخہ میں شامل کر دیا جائے۔ تو اس کے استعمال سے قوت باہ کا دریا ٹھاٹھیں مارنے لگ جاتا ہے۔ سل

اور دق کی کسی لاجواب دوا میں ملایا جائے تو گھن کی طرح کھائے ہوئے
جسم کو بھی سرسبز و شاداب کر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ پیرانہ سالی کے
اثرات کو دور کرنے والی کسی معجون میں شامل کر کے استعمال کرایا
جائے تو از سر نو جوانی واپس آجاتی ہے۔ سفید بال شرطیہ طور پر سیاہ
ہو جاتے ہیں۔ دائمی۔ نزلہ۔ اور زکام اس کے ٹھیک طریقہ پر استعمال کرنے
سے نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔ جس طرح سورج کی شعاؤں کے سامنے
شبنم اڑ جاتی ہے۔ غرضیکہ یہ کشتہ الماس ایک اکسیر کامل ہے۔ اگر استعمال
کرنے والا کوئی ماہر فن اور واقف کار طبیب ہو تو اس کے افعال و
منافع امیدوں سے بڑھ کر ظاہر ہوتے ہیں اور ہماری لکھی ہوئی تعریف
سے بھی زیادہ فوائد اس کے اندر دیکھنے میں آتے ہیں۔"

صفتہ۔ ہیرا اصلی۔ حسب ضرورت۔ ہیرا ہینگ ۲ تولہ۔ کلتھی ۵ تولہ
نمک سیندھا۔ ۲ تولہ۔ بیج کپاس۔ ۳ پاؤ عرق تنبول ½ سیر اول کلتھی کو جو
کوب کر کے کسی قلعی دار برتن میں ½ سیر پانی ڈال کر بھگو دیں اور شب بھر
رہنے دیں۔ صبح نرم آگ پر جوش دیں۔ جب تین چھٹانک پانی باقی رہے
تو اتار کر سرد کر کے چھان لیں۔ اب اس جوشاندے میں ہینگ اور نمک
حل کر دیں۔ اور ہیرے کو ۲۱ بار خوب تپا تپا کر اس پانی میں بجھا دیں اور
بیج کپاس ایک پاؤ کو عرق تنبول میں کھرل کر کے بدستور ½ من آگ دیں
اسی طرح تین آنچ پوری کریں۔ کھرل میں ڈال کر ایک یوم زور دار ہاتھوں
سے کھرل کر کے دیکھیں۔

اس لاجواب اور اکسیر الاثر کشتہ کی ایک خشخاش سے تین چار خشخاش
تک ہمراہ مکھن استعمال کریں۔ غذا میں دودھ گھی وغیرہ مرغن چیزوں کا

استعمال زیادہ رکھنا چاہیے۔ کھایا پیا فوراً ہضم ہوتا ہے اور جزو بدن بنتا ہے۔ اور اوپر لکھی ہوئی ہدایات کے مطابق استعمال کرکے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں

۱۵۸- **کشتہ شنگرف اکسیر اعظم**۔ یہ کشتہ برقی رو کی طرح جسم میں داخل ہوتا ہے کھاتے ہی اپنا اثر دکھاتا ہے مُردوں کو باتیں کرانا اس کا ادنیٰ اکرشمہ ہے اس کے استعمال سے ہر قسم کی نامردی، سستی۔ فوراً دور ہوگی۔ کسی قسم کے طلاء کی ضرورت نہیں رہے گی۔ منوں دودھ اور سیروں گھی ہضم کرنے والا نایاب نسخہ ہے تیار کرکے ذرا اس کی ایک خوراک کھاکر تو دیکھیں اگر شام تک قوت کا بے پناہ سمندر پیدا نہ کردے تو پھر کہنا۔ الغرض ایک لاثانی نسخہ ہے۔

صفتہٗ۔ شنگرف مدبر ڈلی ۲ تولہ پر ایک عدد ورق طلاء لپیٹیں اور ہینگ ۲ تولہ کو شراب برانڈی میں کھرل کرکے لیپ کریں۔ بعدہٗ پیاز سفید کلاں میں رکھ کر آردماش لیپ کرکے منگنی اسیر کی آگ دیں۔ اسی طرح ۴۱ بار کریں۔ ہر بار ورق طلاء جدید لپیٹیں اور بدستور ہینگ۔ شراب میں کھرل کرکے لیپ کریں۔ انشاء اللہ ۴۱ آگ کے بعد سفید خود جسم کشتہ ہوگا

شنگرف مدبر شنگرف رومی یک ڈلی۔ ۲ تولہ لے کر اس پر اصلی گوٹہ لپیٹیں۔ آہنی کڑاہی میں ڈلی کو رکھ کر میٹھا تیلیہ ۱۰ تولہ کے درمیان رکھیں اور شیر مدار ایک سیر ڈال کر آگ جلاویں۔ جب شیر مدار تیسرا حصہ رہ جائے تو روغن زرد اور شہد ایک ایک پاؤ ڈالدیں جب آگ لگ جائے تو سرد کرکے شنگرف نکال لیں۔ بعدہٗ کنجشک نر ۱ عدد کو ذبح کرکے آلائش صاف کرکے پیٹ میں شنگرف دے کر سی لیں اور روغن زرد اسیر میں بریاں کریں۔

اسی طرح یہ عمل ۵۰ عدد کنجشک ذبح کریں روغن زرد ایک سیر ہی کافی ہے
اس کے بعد ایک توا پر ابرک کاٹ کر رکھ کر اس پر ڈلی شنگرف رکھیں۔ نیچے
آگ جلا دیں اوپر روغن ساختہ ۱ تولہ قطرہ قطرہ ڈالیں اور ڈلی کو الٹ
پلٹ کرتے رہیں۔ روغن ختم ہونے پر شنگرف مدبرہ ہوگا۔

۲۵ **کشتہ سم الفار** اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ۔ دافع فالج۔ لقوہ۔ رعشہ
بواسیر وغیرہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے

صفتہٗ۔ چونہ قلعی انبجھ ۷ تولہ ہینگ ۱۲ تولہ سم الفار ۶ ماشہ۔ اول
ایک کوزہ میں نصف چونہ بعدہٗ نصف ہینگ بچھا کر درمیان سم الفار
رکھ کر بعدہٗ ہینگ و چونہ ڈال کر ۱۲ سیر آگ دیں سم الفار کشتہ ہوگا
محفوظ رکھیں۔ ہمراہ مسکہ دیویں بواسیر کے لئے ½ رتی ہمراہ تخم
بکائن ۲ ماشہ دیویں۔

۲۶ **کشتہ سیماب** نہایت ہی لاجواب کشتہ ہے۔ امراض بلغمی۔ فالج
رعشہ۔ ضعف باہ کو مفید ہے۔

صفتہٗ۔ ہینگ ½ پاؤ شیر عشر ایک پاؤ۔ دونوں کو خوب
کھرل کر کے دو عدد سکورہ بنا دیں۔ سیماب ۲ تولہ کو آب دھتورہ میں کھرل
کر کے گولی بنا کر سکورہ میں بند کر کے سات بار گیبر ڈتی کریں خشک کر کے
½ ۱ سیر جنگلی اوپلوں کی محفوظ الہوا جگہ میں آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

۲۷ **کشتہ نقرہ** یہ کشتہ بھی ضعف اعضاء رئیسہ۔ ضیق النفس اور
ذیابیطس کو مفید ہے۔ اس سے مفید اور آسان ترکیب کہیں

سے نہ مل سکے گی بعض اوقات غفلت یا لاپرواہی سے ایک آنچ میں کشتہ ٹھیک نہیں ہوتا جس
کے لئے دوسری آنچ کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔

صنعتہ۔ ہینگ۔ گندہک آملہ سار۔ دو دو تولہ لے کر باریک کریں ایک کوزہ گلی میں نصف نیچے نصف اوپر اور درمیان ہڑتال نقرہ ۱ تولہ رکھ کر کوزہ کو گل حکمت کر کے ۶ سیر آگ دیں سرد کر کے نکالیں سیاہی مائل کشتہ ہوگا

کشتہ بارہ سنگا یہ کشتہ نمونیا کا تریاق ہے۔ تمام ریحی درد۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر۔ سرفہ بلغمی وغیرہ امراض کو مفید ہے۔

صنعتہ۔ ہینگ۔ ۵ تولہ شہد۔ ۱ تولہ میں کھرل کر کے ایک پاؤ سینگ بارہ سنگا پر لیپ کر کے کوزہ میں بند کر کے بیس سیر آگ دیں۔ سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔ ½ رتی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

کشتہ مرجان یہ نہایت ہی بے خطا کشتہ ہے جس کے استعمال سے عورتوں کی جملہ شکایات کمی یا بیشی حیض ہسٹیریا۔ جریان الرحم ضعف قلب و معدہ و رحم کو فائدہ ہوگا۔ جملہ شکایات دور ہو کر رحم قابل حمل ہو جاتا ہے۔

صنعتہ۔ ہینگ۔ مرجان۔ تولہ تولہ لے کر آب گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ورق قلعی لپیٹیں تا کہ کہیں سے جگہ خالی نہ رہے بعدہٗ کوزہ میں بند کر کے گڑھا میں ۵ سیر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر رکھیں ایک رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی دیویں۔

خاندانی بیاض کا ایک ورق۔

قبلہ والد صاحب حضرت مولانا مولوی محمدؐ عبد اللہ صاحب امرتسر کی اجازت سے اپنے خاندانی بیاض سے چند اکسیری نسخہ جات نقل کرتا ہوں شائقین علم الکیمیا قسمت آزمائی کریں۔

روغن شنگرف اکسیری

یہ وہ لاجواب عمل ہے جس کی تلاش میں ہوسین سرگرداں رہتے ہیں اور جنگلوں میں فقیر۔ درویش لوگوں کے پیچھے بھٹکتے پھرتے ہیں اب صرف رسالہ ہینگ کی خاطر یہ گوہر بے بہا کوڑیوں میں لٹ رہا ہے۔ شائقین تجربہ کر کے اپنے مقصد وحید کو حاصل کریں۔ اگر خدا کا فضل شامل حال ہوا تو ضرور کامیابی ہوگی۔

صفتہ"۔ ہینگ۔ مرچ سیاہ۔ چھ چھ ماشہ لے کر اس قدر کھرل کریں کہ مسکہ کی طرح حل ہو جائے۔ اگر کچھ سخت رہے تو ذرا سا پانی ڈال کر مقصد پورا کریں۔

اب ان اشیاء کو شنگرف ڈلی ا تولہ پر لیپ کر کے خشک کریں بعدہٗ زنک سفید مقشر۔ سہاگہ سفید ہر یک ۲½ تولہ لے کر خوب باریک کر کے پانی میں گوندھ کر نغدہ بنا دیں اس میں شنگرف مذکور لیپ شدہ رکھ کر گولا بنا دیں۔ چینی کے پیالہ میں رکھ کر سبز مدار اتنا چوئیں کہ دو انگل اوپر رہے اکتالیس یوم کے بعد نکال لیں اور مینگنی بکری ۵ سیر کی گڑھا میں آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں بس اکسیر تیار ہے۔ اس

گولا کو ایک طرف سلائی سے سوراخ کر کے پیالی میں الٹا دیں۔ شنگرف بصورت روغن خارج ہوگا اگر روغن نہ ہو تو مومیہ ضرور ہوگا ہر دو حالتوں میں برابر وزن قائم النار ہوگا۔ پتر انقرہ پر لگا کر چرخ دیں اور خدا کی قدرت کا مشاہدہ کریں۔

۱۰۵۔ **روغن کافور اکسیری** علم الکیمیا میں سب سے مشکل دستیاب ہونے والا کافور کا عمل ہے جس کی خاطر مہوسین ہمیشہ سرگرداں رہتے ہیں۔ آج ایک نہایت ہی اسراری ترکیب ہدیہ ناظرین کی جاتی ہے جس کے بعد اکسیری اعمال پر قابض ہونا آسان ہو جائے گا صفت یہ ہے۔ کافور ۱۰ تولہ کو ایک گھڑے میں تین چار سیر برگ مدار کے درمیان رکھ کر محفوظ رکھیں جب برگ گھڑے میں گل سڑ جائیں۔ تو نکال کر اور ڈالدیں اور رکھ چھوڑیں جب وہ بھی گل جائیں تو تیسری بار پھر برگ جدید ڈالیں۔ بعدہ ڈلی مشک کافور نکال کر ہینگ ۲۰ تولہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے ڈلی کافور پر لیپ کر کے ۱½ سیر چونہ قلعی انجھ کے درمیان رکھ دیں اور پانی کے نرم نرم چھینٹے دیں تاکہ قلعی گرم ہو جائے جب سرد ہو جائے تو کافور نکال لیں اور آتشی شیشی میں ڈال کر مہر سلیمانی کریں۔ ایک بڑے دیگچے میں پانی ڈال کر اس میں یہ شیشی لٹکا کر ۲۴ ساعت آگ جلاویں انشاء اللہ العزیز روغن کافور اکسیری قائم النار ہوگا۔ اور کوئی کام لینا نہ آئے تو منوں سیماب کی چاندی بنا دیں۔ عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔

مہر سلیمانی کا طریق

زمین میں ایک گڑھا کھود کر ادویہ والی شیشی دبا دیں۔ صرف ایک انچ

کے برابر گلا نتگا رہے اس کے ارد گرد
کوئلے چن کر آگ لگا دیں۔ جب آتشی
شیشی کا منہ نرم ہو جائے تو لوہے
کے اوزار سے دبا دیں شیشی کا
منہ بند ہو جائے گا جسے مہر
سلیمانی کہتے ہیں۔

شنگرف مومیہ اکسیری

۲۹۹ بہوسی دنیا میں شنگرف مومیہ اکسیری حاصل ہونا تقریباً محال ہے۔ کیونکہ شنگرف دھاتوں کو پختہ رنگین کر دیتا ہے خاص کر سیمابی چاندی اِس کی جھلک سے ہی شمش میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ آج ایک صحیح ترکیب ہدیہ ناظرین کی جاتی ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ کے مصداق قسمت آزمائی کر دیکھیں۔

صفتہٗ۔ اوّل آب مقوم ۵ سیر حاصل کر کے سات بار بذریعہ قرعہ انبیق عرق کھینچیں۔ اس عرق کو محفوظ رکھیں اور ایک پاؤ عرق میں ہیرا ہینگ ایک پاؤ کھرل کر کے اکیس یوم روڑی میں دفن کر چھوڑیں بعدہٗ نکال کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ ہڑتال ورقیہ ۵ تولہ گندھک آملہ سار ۵ تولہ علیحدہ علیحدہ کھرل میں باریک کر کے روغن مذکور ڈال کر کھرل کریں اور علیحدہ علیحدہ گولیاں بنا کر علیحدہ علیحدہ روغن کشید کریں شنگرف ۵ تولہ اول روغن ورقیہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ٹکڑہ ابرک پر رکھ کر آگ پر رکھیں جب خشک ہو جاوے تو روغن گندھک میں کھرل کر کے بدستور عمل کریں۔ سات بار تکرار عمل سے شنگرف مومیہ قائم النار ہو گا

اور ایک رتی ایک تولہ سیمابی چاندی کی کایا پلٹ دے گا۔

قرعہ انبیق کی ترکیب

بازار چلے جائیں وہاں سے قرعہ جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے بنا بنایا مل جائے گا۔ خرید لیویں



اور ایک دیگ ایسی خرید لیں جس پر قرعہ ٹھیک آجائے بس ایک معمولی قیمت سے آپ کے پاس عرق کھینچنے کا سامان تیار ہے۔ ضرورت کے وقت ادویہ کا جوشاندہ یا پانی دیگ میں ڈال کر اوپر قرعہ لگا دیں اور مقام اتصال پر آرد ماش وغیرہ لگا دیں۔ چولہے پر رکھ کر نیچے آگ جلا دیں اور قرعہ کو سرد پانی سے بھر دیں۔

جب پانی گرم ہو جائے تو پانی نکال کر اور سرد ڈالیں۔ یہی احتیاط رکھنی پڑتی ہے کہ قرعہ میں پانی ہر وقت ٹھنڈا رہے جس کی وجہ سے عرق زیادہ نکلے گا۔ بعض دفعہ دیگ کی ادویہ مثل گاؤزبان ایسی ہوتی ہیں جس سے جوش پیدا ہونے کا خطرہ رہتا ہے ایسی صورت میں دیگ میں تھوڑا سا گھی ڈال دینا چاہیے جس سے جوش دبا رہے گا اور عرق نکلتا رہے گا۔

کافور قائم النار

حد درجہ آسان اور سہل الحصول ترکیب درج کی جاتی ہے کافور ۲ ماشہ ہینگ ۶ ماشہ عرق لیموں میں حل کر کے کافور پر لیپ کریں۔ خشک کر کے اور اس پر نغدہ پیاز دیکر کڑاہی میں رکھ کر پیالہ

گگی سے ڈھانپ دیں نیچے آگ جلادیں جب پیاز جلنے کے قریب ہو جائے تو نکال کر نغدہ جدید میں رکھ کر عمل کریں سہ بار کے عمل سے کافور قائم النار ہو گا جس سے کہ بہت سی کار آمد باتیں حاصل ہو سکتی ہیں۔

حاضرات کی روحانی سیاہی

ہینگ کے ایک طلسمی سربستہ راز کا انکشاف

اس سیاہی کے روحانی اثر سے کوسوں دور کی خبر ایک سیکنڈ میں دریافت کر سکیں گے۔ مرے ہوئے عزیزوں سے ملاقات اور ان کے حال سے واقفیت حاصل کر سکیں گے ہر مرض کی تشخیص اور اس کا علاج گم شدہ اشیاء اور چور کی تلاش اسی ایک سیاھی کے ذریعہ ہو سکے گی۔ ہر مذہب و ملت کا آدمی اس سے فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ سیاھی تیار کر کے فروخت بھی کی جا سکتی ہے خریدار بھی عامل کی طرح کام لے سکے گا مگر اس عمل کی اجازت شرط ہے شوقین اصحاب صرف جوابی کارڈ لکھ کر اجازت حاصل کر لیں۔

صفت ہا۔ ہینگ بقدر دانہ مکی۔ گوگل بقدر دانہ مکی۔ سوڈا سرخ۔ ایک رتی تیل مٹی البوند کا جل تیل سرسوں جب ضرورت روغن زیتون حسب ضرورت تمام اشیاء کو خوب کھرل کر کے شیشی میں رکھیں وضو کر کے پاک جگہ پر اول درود شریف بدعائے نیت گیارہ بار پڑھکر دم کریں۔ بعدہٗ آیت کریمہ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر سات بار پڑھ کر دم کریں۔ پڑھتے وقت منہ مغرب کی جانب ہو جب بھی ضرورت در پیش ہو تو شیشی کھولتے وقت آیت کریمہ پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ یہ سیاہی ۸ سے ۱۴ سال تک کی عمر کے لڑکے اور ۱۸ سے ۲۰ سال تک لڑکیاں بخوبی دیکھ

سکتی ہیں معمول کے دائیں انگوٹھے کے ناخن پر لگا کر اسے غور سے دیکھنے کی تاکید کریں کچھ عرصہ کے بعد ایک دروازہ نظر آئیگا جب معمول کہے کہ دروازہ نظر آگیا ہے یا اس سے پوچھ لیں کہ دروازہ آیا ہے یا نہیں جب دروازہ نظر آجائے تو معمول سے کہیں کہ وہ دروازہ کھولنے کیلئے حکم دے چنانچہ معمول کہے کہ دروازہ کھول دو جب دروازہ کھل جائے تو معمول سے کہلائیں کہ خاکروب کو حکم دے کہ وہ حاضر ہو اور جھاڑو دے جگہ صاف کرے معمول کے کہتے ہی خاکروب حاضر ہوگا اور جھاڑو سے صفائی کر کے چلا جائے گا۔ جب وہ چلا جائے تو اسی طرح ماشکی کو بلائیں اور پانی چھڑکنے کے لئے حکم دیں۔ اس کے بعد اسی طرح دریاں بچھوائیں اس پر تخت شاہی اور کرسیاں قرینے سے رکھوانے کے لئے کہیں جب تمام انتظام ہو جائے تو شاہ جنات بمعہ امراء وزراء کے بلوا کر بعد سلام بجالانے کے بادشاہ کو تخت پر بیٹھنے اور امراء کو کرسیوں پر بیٹھنے کے لئے کہیں۔ اب اس دربار شاہی کے ذریعہ ہر سوال کا جواب مل سکے گا اگر معمول ان پڑھ ہے۔ تو جواب اشارہ سے حاصل کریں۔ اگر معمول پڑھا ہوا ہے۔ تو اس کے ذریعہ بادشاہ سے کہیں کہ ہم نے چند سوالات کا جواب حاصل کرنا ہے براہ مہربانی لکھنے کے لئے بلیک بورڈ مہیا کر دیجئے فوراً خادم بورڈ وغیرہ مہیا کر دیں گے۔ بادشاہ سے سوال کریں اور جواب بورڈ پر لکھوائیں معمول پڑھ کر بتا دے گا۔ ہر روح کو بلا کر بھی جواب لیا جا سکتا ہے جب سب کام ہو چکے تو بادشاہ کو رخصت کر دیں اور عمل ختم کر دیں آسمان پر ابر کی صورت میں نیز زوال کے وقت عمل منع ہے۔ کچھ نظر نہ آئے گا۔

عالیجناب ابو السیناس حکیم محمد اسمعیل صاحب کی دیگر شاندار تصانیف

عامل حکیم جس میں عملیات کے ذریعہ ہر مرض کا نیز بہدف علاج بتایا گیا ہے جو اصحاب رسالہ حامی الصحت میں اس کتاب کا دیباچہ ملاحظہ فرما چکے ہیں انہیں اس کی خوبیوں کا اندازہ اچھی طرح سے ہوگا الغرض سر سے لے کر پاؤں تک کی کل امراض کا علاج بذریعہ تعویذات اور دم پھونک تحریر کیا گیا ہے جو عملیات بعد مشکل حاصل کئے گئے تھے وہ بھی بلاکم وکاست درج کردئے گئے ہیں ایسی شاندار اور مفید کتاب نہ آج تک شائع ہوئی ہے اور نہ آئندہ شائع ہو سکے گی قیمت بالکل معمولی صرف ۸؍ فی جلد۔

مجربات ابو السیناس کون ہے جو ابو السیناس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری کی اکسیری ادویہ کا دلسوز معترف نہیں آپ نے بخل کو بالائے طاق رکھکر اپنے تمام خاندانی اور خاص الخاص اشتہاری غیر اشتہاری نسخہ جات اس کتاب میں آشکارا کردئے گئے ہیں کہ جن کی نظیر ملنی دنیا میں مشکل ہے اسی سے کتاب کے مفید اور اہم ہونے کا اندازہ لگالیں قیمت ۱؍ فی جلد کتاب پر مصنف کا اپنا فوٹو بھی ہوگا۔

تحفہ سیناس

دار السیناس کی ان ادویہ کی فہرست جو کہ تجربہ میں اکثر مفید ثابت ہوئی ہیں جن کے نسخہ جات مجربات ابو السیناس میں بلاکم وکاست تحریر کئے جائیں گے ضرورتمند اصحاب صرف ایک خط لکھ کر مفت طلب فرمادیں۔

کلید کیمیا۔ ایک خاندان کو لاکھوں روپیہ تباہ کرنیکے بعد جو رموز حاصل ہوئے وہ سب اس کتاب میں طشت ازبام کردئے گئے ہیں اس قدر عام فہم کہ معمولی سمجھ کا انسان بھی اس سے فائدہ حاصل کرسکے گا۔ علم الکیمیا پر اس سے مفید مطلب کتاب آپکو کہیں سے نہ مل سکے گی فضول اور غیر ضروری چیزوں کو بالائے طاق رکھ کر ہر چیز کے قیام اور اس سے کام لینے کے طریق بتلائے گئے ہیں جو کہ لاکھ لاکھ روپیہ کا ایک ایک راز ہوگا۔ قیمت عہ فی جلد۔

(ہر سہ کتب کے لئے ضرورتمند نام درج رجسٹر کرالیں تاکہ کتاب پریس سے نکلتے ہی ان کی خدمت میں روانہ کردی جائے) (مینیجر)

امراض مخصوصہ مرد و عورت کے واحد معالج

الکسیری ادویہ و کشتہ جات کے ماہر خصوصی

زبان خلق

عالیجناب ابو السناس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری ہیں جن کی قابلیت مسلمہ ہے آجتک کسی مریض کو بھی شکایت کا موقعہ نہیں ملا ہے آپکے علاج کی بے اولاد گھروں میں دوبارہ رونق ہو گئی ہے زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھ کر پبلک کے خط دارالسناس سے ملاحظہ فرمادیں آپ یقیناً حیران و ششدر رہ جائیں گے کہ ہندوستان بھر کے لوگوں نے آپ کی عقل و دانش علم و تجربہ کی کن پر زور الفاظ میں تائید کی ہے اور آپکی مسلمہ قابلیت کا کس گہری عقیدت سے اعتراف کیا ہے۔

خوبصورت لیبل اور گمراہ کن اشتہار بازی میں پھنسکر اپنی دولت و صحت تباہ کرنیکی بجائے عالی جناب ابو السناس حکیم محمد اسماعیل صاحب امرتسری

نقارہ خدا

کی طرف رجوع کریں آپ کی سنیاسانہ اکسیروں سے فائدہ حاصل کریں آپ حقیقتاً ایک تجربہ کار طبیب ہیں آپ غریبوں اور بے کسوں کے مونس ہیں اور ان کے علاج میں گہری دلچسپی لیتے ہیں مریضوں کے ہر خط کا جواب اپنی قلم سے لکھکر انکی مایوس دلوں کی ڈھارس بندھاتے ہیں۔ (مینیجر)

کیا آپ کو یاد ہے۔

(۱) دار السناس سے دریافت طلب امور کے لئے جوابی کارڈ یا ٹکٹ ارسال کرنا پڑتا ہے ورنہ ہمیشہ جواب کے انتظار میں ہی رہنا پڑتا ہے اور یہ انتظار نہ ختم ہونے والا انتظار ہوتا ہے (۲) نصف سیر تک وزنی دوائی کے پارسل پر ۷ر اور اس سے زائد ایک سیر تک ۱۱ر محصول ڈاک لگتا ہے یعنی عام طور سے جو ادویہ ارسال کی جاتی ہیں قیمت کے علاوہ ۸ر یا ۱۲ر برائے محصول ڈاک و پیکنگ آنا چاہیے۔ (مینیجر)

عالیجناب ابو السینیاس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری کی متعلق

لاہور شہر کے رئیسوں افسروں دفتری عہدہ داروں طبیبوں کا ...... اعتراف

ہم جملہ اہالیان شہر لاہور بڑے فخر کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ ابو السینیاس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری پروپرائٹر دار السینیاس طبابت میں خاص مہارت رکھتے ہیں آپ مرض کی تشخیص بہت ہی اچھی طرح سے کرتے ہیں اور دواؤں کی تیاری میں بھی مہارت تامہ رکھتے ہیں انکی بیماریوں کے لئے ان کے معمولی علاج بہ نسبت دیگر طبیبوں کے بڑے بڑے علاج سے بھی بہتر ہیں۔ آپ غریبوں کے علاج میں خاص دلچسپی لیتے ہیں اور بعض اوقات مریض کی حالت کے مطابق مفت دوا بھی دیتے ہیں۔ آپ مرد وعورت کی پوشیدہ امراض کا خاص علاج کرتے ہیں۔ خلق خدا کے فائدہ کے لئے ہم پرزور سفارش کرتے ہیں کہ تمام مشورہ سے مستفید ہوں۔

(دستخط کنندگان میں سے بعض کے اسماء گرامی)

عالیجناب میاں عبدالعزیز صاحب ایڈووکیٹ۔ عالیجناب میر محمد حسین صاحب ریٹائرڈ ڈپٹی کلکٹر بہادر فاروق گنج عالیجناب لالہ امرناتھ صاحب گوداترا 135/2 ہالوے روڈ۔ عالیجناب میاں محمد عظیم خاں صاحب رئیس۔ جناب لالہ پریم ناتھ صاحب انارکلی۔ جناب لالہ ہیرا نند صاحب ساگر لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی۔ جناب حاجی کرم الٰہی صاحب پنشنر انسپکٹر پولیس۔ جناب میاں عبدالحمید صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ لاہور میونسپلٹی۔ جناب بابو محمد شفیع صاحب انسپکٹر محکمہ ٹرمینل ٹیکس جناب لالہ ہرپرشاد صاحب لکھنہ مچھی ہٹہ۔ جناب طاہر قریشی صاحب بی۔ اے۔ فیروز سٹریٹ۔ جناب حکیم مرزا محمد شفیع صاحب چھتہ بازار۔ جناب حکیم نصیر الدین صاحب فاروق گنج جناب ڈاکٹر ظہور الدین صاحب فاروق گنج۔ جناب حکیم نور احمد صاحب شرقپوری۔ جناب چوہدری محمد حیات صاحب بی۔ اے۔ جناب چوہدری محمد فاضل صاحب لائلپوری۔ بی۔ اے ایل۔ ایل۔ بی جناب چوہدری محمد الدین صاحب سب انسپکٹر پولیس حال گجرانوالہ

اصل عبارت اور دستخط کنندگان کے اسماء گرامی انگریزی میں ہیں دستخط دار السنیاس میں محفوظ ہیں صرف سارٹیفکیٹ کے اصل الفاظ ملاحظہ فرمادیں۔

We the citizens of Lahore take a great pride in declaring that Abul-Sanyas-Hakeem Mohammad Ismail propriter Dar-ul-Sanyas is an exceptionally able physicion, Diognosis of diseases by him is excellent. He is an expert in the preparation of medicines. His simple treatment of Chronic diseases is much above the average. He takes special interest in the poor and sometimes according to the circumstances of the patients gives them medicines free of Cost. He is a specialist in venereal and other Common deseases of men and women. In the interest of the Public we strongly recommend him to all Concerned.

جناب قاضی عبداللطیف صاحب قریشی جائنٹ سیکرٹری ہومیوپیتھی کالج لاہور رقمطراز ہیں

دارالسیناس لاہور کے قابل پروپرائٹر۔

ابوالسیناس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری چند سالوں سے لاہور میں تشریف فرما ہیں جب سے انہوں نے لاہور میں قدم رنجہ فرمایا ہے میں نے کبھی کسی دوسرے طبیب یا ڈاکٹر سے علاج کرانے کی جرائت نہیں کی کیونکہ ایسی حالت میں ایسے فاضل طبیب کو چھوڑ کر کسی دوسرے کے پاس جانا کفران نعمت ہے۔ جب بھی خاندان کے کسی فرد کو کوئی سقم پیدا ہوا حکیم صاحب موصوف کی ایک ہی نظر سے مرض دم دبا کر بھاگ جاتا ہے حکیم صاحب کی تشخیص صحیح اور طریقہ علاج حد درجہ آسان اور سستا ہے۔ ادویہ بالکل قلیل المقدار دیتے ہیں۔ جس کو مریض بھی بڑے شوق سے استعمال کرتا ہے۔ ادویہ دیتے وقت بچوں کے ہوشربا نالے بھی سننے میں نہیں آتے اس کے علاوہ حکیم صاحب مقوی ادویہ کے بادشاہ ہیں۔ ایک ہی خوراک میں مریض کی کایا پلٹ دیتے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے نامردی سستی۔ جریان۔ احتلام۔ آتشک سوزاک وغیرہ کا اصول طب کے ماتحت باقاعدہ علاج کرتے ہیں اور اسی طرح عورتوں کی حیض کی خرابیاں سیلان الرحم۔ اسقاط حمل اٹھراہ وغیرہ کا بھی بالکل کامیاب اور موثر علاج کرتے ہیں۔ دیکھتے ہی دیکھتے خدا کے فضل سے کئی بے آباد گھرانے آباد ہو گئے ہیں۔ آپ علم الادویہ خصوصاً کشتہ جات میں بھی ماہر ہیں ہر دوا اپنے ہاتھ سے تیار کر کے مریضوں کو دیتے ہیں۔ چاہے اس پر کتنی زبردست محنت ہی کیوں نہ کرنی پڑے اب خوش قسمتی سے آپ نے طبی کتب لکھنے کا سلسلہ بھی شروع کر دیا ہے۔ طبی دنیا پر یہ ایک احسان عظیم ہوگا اور نہ بھولنے والی یاد ہوگی۔ ان حالات میں میرا فرض ہے کہ میں پبلک کو آگاہ کر دوں کہ جب کبھی کسی طبی مشورہ اور کشتہ جات کی ضرورت ہو تو حکیم صاحب کو کبھی نہ بھولیں الیی مخلص۔ ہمدرد فیاض اور قابل ہستیاں دنیا میں ہمیشہ پیدا نہیں ہوا کرتیں۔

جناب سردار تخت سنگھ صاحب بی۔ اے۔ آنس پی۔ ڈبلیو۔ ڈی سب کمشنر بیٹ لاہور مورخہ ۲۳ کو رقم طراز ہیں۔

حکیم محمد اسماعیل امرتسری مالک دارالشفاء کو عرصہ دو سال سے جانتا ہوں اور میں وقتاً فوقتاً ان کے زیر علاج بھی رہا ہوں میں ہمیشہ مکمل طور پر ان کے علاج سے صحت یاب ہوا وہ ہر مرض کی تشخیص بڑی قابلیت کے ساتھ کرتے ہیں۔ اور اپنے مریضوں کا نہایت ہمدردی اور فراخدلی سے علاج کرتے ہیں ان کے طریقہ علاج میں ہمیشہ ہی جادو کا اثر ہوتا ہے۔ یہ ایک ناممکن امر ہے کہ کوئی فرد بھی ان کے دروازہ سے نامراد پھرے وہ بچوں کے امراض میں خصوصیت سے مہارت رکھتے ہیں۔ جیسا کہ ایک پیرانہ سال تجربہ کار طبیب رکھتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدرت نے جوان کندھوں پر پیرانہ سال تجربہ کار سر رکھ دیا ہے میں عامتہ الناس سے ان کی سفارش کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہوں اور خواہش رکھتا ہوں۔ کہ ان کے کام میں ترقی ہو۔

سردار صاحب موصوف کے اصل الفاظ انگریزی ٹائپ شدہ حروف میں ہیں۔ ان کا ترجمہ کرکے لکھا گیا ہے اصل عبارت انگریزی ملاحظہ فرمادیں۔

Hakim Mohd Ismail, Amritsari, Proprietor Dar-ul-Shifa is known to me for the last two years and I have been under his treatment now and then. I was entirely cured each time. He diagnoses

and understands the diseases intelligently and treats his patients most sympthatically. His remedies are always infalliable and are sure to bring about miraculous change. It is seldom that any body goes away disappointed from his door. He is a specialist in the diseases of the children like aged and experienced physicians. It appears that, in his case, an old head is placed on young shoulders.

I would be glad to recommend him to any body and wish him success in his profession.

Takhat Singh B.A
Office of the Sub Divisional Officer
Public Health Department,
Buildings and Roads Branch, P.W.D.
Secretariat, Lahore.

جناب سید قمر الحسن صاحب اسٹیشن ماسٹر درگاوٹی رقمطراز ہیں

"خدا گواہ ہے کہ میں آپ کا سچا بہی خواہ ہمدرد اور خادم ہوں۔ اگرچہ نادیدہ ہوں لیکن آپ کو حد درجہ محبوب رکھتا ہوں۔ کیونکہ آپ کو پروردگار عالم نے اچھی قابلیت سے متصف کیا ہے۔ ظاہری قابلیت بھی کمال اور باطنی قابلیت بھی کمال۔ فراخ دل ہیں اور فراخ ذہن بھی ہیں۔ آپ کے جو مضامین کسی اخبار یا رسالہ میں دیکھے سچائی سے ملبوث اور جو کچھ آپ کر چکے ہیں۔ اور کر رہے ہیں وہ کئی لاکھ میں سے ایک۔ بہت آدمیوں کا بھلا بھی ہو چکا ہے اس کا بھی مجھے اندازہ ہے کہ اور بھی لوگوں کو بھلائی ملے گی۔

رسالہ ہینگ کے متعلق میری طرف سے مبارکباد قبول فرماویں۔ دراصل اس رسالہ کا نام شمس و قمر رکھنا تھا کیونکہ اس میں ظاہری اور باطنی دونوں خوبیاں موجود ہیں۔ مجھے کچھ عرصہ ہوا کہ نقلی اور مصنوعی شمس و قمر کے متعلق ایک کتاب جو مقام فرخ آباد سے شائع ہوئی تھی۔ دیکھی تھی لیکن اب یہ کتاب اصلی شمس و قمر شائع ہو رہی ہے جس میں ہر نسخہ وزن اور ترکیب کے ساتھ جگر پارہ گویا لعل بدخشاں کاغذ پر بکھیر دئے گئے ہیں۔ ایسے پوشیدہ اور سینہ کے راز کا انکشاف جو ہزاروں کوششوں اور روپیہ خرچ کرنے پر بھی ہم عام لوگوں کے ہاتھ نہ آتا اس سے مصنف کی دریادلی اور اخلاص کا ثبوت ملتا ہے۔ عبارت ایسی سہل اور نسخہ جات اس وضاحت سے بیان کئے گئے ہیں کہ معمولی اردو خوان اور جاہل آدمی بھی بخوبی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اس سے مصنف کی نہایت قابلیت ظاہر ہوتی ہے اور دراصل مصنف کو ارسطوئے وقت کہیں تو درست ہوگا۔ کیونکہ طب کے ہر شعبہ میں کمال رکھتا ہے۔

ملک محمد اکبر صاحب سکنہ کال ضلع جہلم

آپ کا سفوف جوہر حیات ایک لاجواب چیز ہے مدلوق کا جریان صرف ایک ہی ہفتہ میں قطعاً دور ہو گیا ہے۔ احتیاطاً باقی دوا ابھی استعمال کر رہا ہوں۔

ازجناب چوہدری عطا محمد صاحب نمبردار

آپکی اکسیر البدن۔ لطف شباب گولیاں برقی طلاء اکسیر مخلوق اور شربت فولادی فی الحقیقت ایک تیر بہدف دوائی ہے۔ جتنا مستقل فائدہ مجھے ان ادویہ سے ہوا ہے اتنا کسی اور سے ممکن نہ تھا۔

ازجناب مستری سراجدین صاحب آف نیو مزنگ

اکسیر البدن لطف شباب گولیاں میں نے استعمال کیں اس سے بڑھ کر کوئی مقوی دوا میں نے نہیں دیکھی۔ ایک ہی ہفتہ میں ناقابل برداشت ہیجان پیدا ہو گیا کہ احاطہ تحریر سے باہر ہے۔

ازجناب ایچ پرشاد صاحب

آپ کی اکسیر البدن لطف شباب گولیاں استعمال کی گئیں جس سے تمام مرضی نقائص دور ہو گئے اور جسم میں اتنی قوت محسوس ہوئی ہے کہ جیسے بیس سالہ جوانی کی حالت میں تھی۔ براہ مہربانی ایک شیشی اور عنایت فرما دیں۔ قیمت ارسال ہے

ازجناب سید فیروز علی شاہ صاحب چوبرجی

آپ کی اکسیر البدن لطف شباب گولیاں اور برقی طلاء اکسیر مخلوق اپنے ایک عزیز کو استعمال کرایا جو کچھ آپ نے تحفہ دنیا میں لکھا ہے بالکل اسی طرح فائدہ حاصل ہوا۔ اگرچہ اس سے پیشتر کئی قسم کے علاج کئے مگر فائدہ نام کو بھی نہ ہوا مریض اپنی زندگی کو موت پر ترجیح دیتا تھا خداوند آپ کو تا دیر سلامت رکھے کہ آپ کی مہربانی سے ایک بڑی مشکل حل ہو گئی۔ مریض بھی آپ کی جان و مال کو دعائیں دیتا ہے اور اپنے گھر خوش و خرم رہتا ہے۔

ازجناب حکیم پنڈت رام کشن صاحب آف مٹھولہ

میں نے اپنے زیر علاج بہت سی عورتوں کو حب محافظ نسواں کا استعمال کرایا یہ گولیاں عورتوں کی آرام کیلئے

سو فی صدی مؤثر ثابت ہوئی ہیں۔ میری نظروں میں اس سے بڑھ کر اور کوئی مفید دوا نہیں ہے ایک ماہ میں بیمار اور کمزور مریضہ کی کایا پلٹ جاتی ہے۔ اور ماہواری ایام کے نقص رفع ہو جاتے ہیں حامل رقعہ کے ہاتھ دو صد حبوب ارسال کر دیں۔ مشکور ہوں گا۔

از جناب لالہ دینا ناتھ صاحب باغبانپورہ

حب محافظ نسواں کی جس قدر بھی تعریف کروں۔ بجا ہے۔ میری رفیقۂ حیات جو عرصہ سے پوشیدہ امراض میں مبتلا تھی جس کے باعث تمام جوڑوں میں درد شروع ہو گیا تھا مگر ان گولیوں کے استعمال کے بعد کوئی شکایت باقی نہ رہی۔ مریضہ پہلے سے دگنی قوت محسوس کرتی ہے۔ میں دل سے اعتراف کرتا ہوں کہ آپ کی دواؤں میں مسیحائی اثر موجود ہے میں آپ کی عنایت کا مشکور ہوں اگر اجازت دیں تو یہ گولیاں ایک ماہ اور استعمال کر لی جائیں۔

از جناب ایڈیٹر صاحب رسالہ جالینوس سیالکوٹ

آپ کلی طور پر بے فکر اور مطمئن رہیے آپکے باقی حسابات مجھے یاد ہیں مگر افسوس کہ تین سال کا عرصہ ہو چکا ایک پائی بھی وصول نہ ہو سکی، (مینیجر) آپ کی حبوب محافظ نسواں فی الحقیقت ایک کامیاب دوا ہے اس کے متعلق اپنی رائے پھر کسی وقت تحریر کرونگا بہر صورت جہاں استعمال کیا مفید پایا۔

از جناب ایم حشمت اللہ صاحب

آپ کی گوہر شاہ گولیاں اپنی رفیقۂ حیات کو ایام حمل میں استعمال کرائی گئیں آپکے فرمانے کے مطابق ہی فائدہ حاصل ہوا۔ مقررہ وقت پر خوبصورت اور تندرست لڑکا پیدا ہوا جب سے لڑکا پیدا ہوا ہے بفضل خدا ہر مرض سے محفوظ ہے

از جناب مستری چونی لال صاحب سنگھ پورہ

آپ نے مجھ پر بڑی کرپا کی جو مجھے اکسیر سوزاک کی دوائی عنایت کی میری زندگی بڑی کٹھن ہو گئی تھی۔ آپ کی

دواؤں سے مجھے بڑا اسکھ نصیب ہوا پرماتما آپ کا نگہبان رہے۔

از جناب مولوی جلال الدین و حافظ مہر الدین صاحبان

آپ کی مرہم شفا واقعی ایک اکسیر چیز ہے دنیا کی کوئی دوا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی خارش ہر قسم۔ داد چنبل۔ گنج وغیرہ کو جڑ سے نیست و نابود کر دیتی ہے۔ آپ کا شکریہ کس زبان سے ادا کریں کہ آپنے مرہم کا نسخہ ہمیں عنایت کر دیا جس سے آپ کی دریا دلی اور بخل شکنی کا بہترین ثبوت ملتا ہے۔ آپ واقعی غریبوں کے ہمدرد ہیں اس مرہم سے تقریباً دس ہزار اصحاب نے جو خارش کی وجہ سے سخت نالاں تھے۔ فائدہ حاصل کیا اب آپ اندازہ لگالیں کہ آپ کی مہربانی سے ہمیں کتنا مالی فائدہ ہوا ہوگا۔ اس کی مانگ اب اس قدر بڑھ گئی ہے کہ ہر وقت تیار ہوتی رہتی ہے دار السنیاس کا یہ قابل قدر ایثار ہے خداوند کریم آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرماوے۔

یہ چند آرا بطور مشتے از نمونہ خرواری درج کی گئی ہیں۔ باقی فہرست "تحفہ سنیاس" اڈیشن سوم میں درج کی جائیں گی۔ (مینجر)

کمزور۔ مایوس الحال احتلام جریان سے مصیبت زدہ جنہیں کسی بھی دوا سے آرام نہ آتا ہو کے لئے

تیر بہدف اکسیر

ایسے مریض احتلام و جریان جنہوں نے دنیا بھر کی ادویہ استعمال کی ہوں مگر کسی دوا سے بھی فائدہ نہ ہوا ہو اور مرض سخت مزمن صورت اختیار کر گیا ہو ان کے لئے یہ دوا واقعی تیر بہدف ہے جسکی صرف ایک ہی خوراک سے جریان احتلام دم دبا کر بھاگ جاتا ہے دوسری خوراک سے رہی سہی کسر پوری ہو جاتی ہے اور پھر تیسری خوراک سے ناقابل برداشت قوت پیدا ہو جائے گی قیمت تین خوراک تین روپیہ۔ مگر یہ امر بخوبی ذہن نشین رہے کہ یہ دوا ایسے مریضوں کو فائدہ دیگی جنہیں مرض نہایت پرانا ہو جس کی وجہ از حد کمزور ہو گئے ہوں اور جنکو دواسے فائدہ کی امید نہ ہو بصورت دیگر کسی قسم کا فائدہ نہ ہوگا۔

دارالشفاء نے اطبا اور نفاست پسند اصحاب کی تکلیف دور کر دی

نباتاتی جواہر اور کشتہ جات

موجودہ تہذیب و تمدن کے دور میں ہر معاملہ میں حیرت انگیز انقلاب رونما ہو گیا ہے ہر مشکل کام کو آسان کر دیا گیا ہے پیدل چلنے میں تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو تانگہ موجود ہے اور اگر تانگہ پر جانے سے تکلیف کا خیال ہے تو موٹر تیار ہے اور موٹر سے اور آرام کی ضرورت ہے تو ریل گاڑی بھی موجود ہے پیدل راستہ جو کہ سالہا سال کی تکلیف دہ مسافت سے بھی طے نہ ہوتا تھا وہ اب چند دنوں میں ہی ریل گاڑی طے کر دیتی ہے اسی طرح کشتیوں کی جگہ جہازوں نے لی اور مہینوں کا سفر دنوں میں طے ہونے لگا۔ کسی دور افتادہ سے بات چیت کرنے کے لئے اگر ٹیلیفون موجود ہے تو دنیا بھر کے حالات معلوم کرنے کے لئے ریڈیو بھی موجود ہے گھر ہی میں سیر و تفریح کے سامان پیدا کر دئے گئے ہیں تاکہ گھر سے باہر جانے کی تکلیف نہ کرنی پڑے غرضکہ زمانہ ہر کام میں آسانی کا خواہشمند ہے اسی طرح جو لوگ دیسی طریقۂ علاج کے دلدادہ تھے وہ اب اس سے متنفر ہو رہے ہیں کیونکہ وہ اب دیسی ادویہ کو محنت سے پیسنے یا جوش دے کر کٹورہ بھر کر پینے سے گریزاں ہیں۔ ان کی رگ رگ میں نفاست و لطافت گھر کر چکی ہے یہی وجہ ہے کہ وہ دیسی ادویہ کو ترک کرنے پر مجبور ہیں۔ دارالشفاء نے اس مقصد کے پیش نظر پرانی شراب نئی بوتلوں میں پبلک کے سامنے پیش کی ہے یعنی مختلف بوٹیوں کے جوہر تیار کئے ہیں تاکہ طب یونانی کا سکہ لوگوں کے دلوں پر بدستور قائم و دائم رہے۔ تمام جوہر سائنٹفک اصول کو مد نظر رکھ کر تیار کئے جاتے ہیں۔ اس جوہر کی ایک دو رتی کی خوراک سے وہی فائدہ لیا جا سکتا ہے جو کسی دوا کے ایک دو تولہ کی خوراک سے لیا جاتا ہے چونکہ یہ سریع التاثیر ہوتے ہیں لہذا حلق سے اترتے ہی اپنا فوری اثر شروع کر دیتے ہیں اس کے مزہ و بو میں کسی قسم کی کڑواہٹ نہیں پائی جاتی بچہ سے لے کر بوڑھا تک بخوشی استعمال کر سکتا ہے اطبا کو چاہیے کہ وہ اپنے مطب میں ان جواہر کو رواج دینے کی کوشش کریں۔

اسی طرح کشتہ جات بھی نفاست و لطافت پسند طبائع کیلئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے اگر مبالغہ نہ سمجھا جائے تو بلا خوف و تردید کہا جا سکتا ہے کہ جادو وہ جو سر چڑھ بولے کا مصداق اگر کوئی ہے تو وہ کشتہ جات ہی ہیں اور پھر وہ کشتہ جات جو کہ خاص ابو السنیاس حکیم محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری کی زیر نگرانی تیار کئے جاتے ہیں اس مصداق سے بھی بالاتر ہیں۔ دار السنیاس میں ہر قسم کے مفرد و مرکب کشتہ جات ہمیشہ ہی تیار ہوتے رہتے ہیں۔ ایک ایک چیز کا نئی طریق سے کشتہ کیا جاتا ہے۔ اور دوسرے دواخانوں کی نسبت کم قیمت اور سریع التاثیر ارسال کئے جاتے ہیں۔

نوٹ۔ نباتاتی جواہر اور کشتہ جات کی فہرست کے لئے چونکہ ایک ضخیم کتاب کی ضرورت ہے لہذا اسے نظر انداز کیا جاتا ہے۔ ضرورت مند اصحاب تفصیل اور قیمت کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت کریں۔ (منیجر)

دوری۔ سر میں چکر آنے اور آنکھوں کے آگے اندھیرا آنے یعنی دوار کے لئے اکسیر العمل ہے قیمت فی شیشی عہ

انشتاقی۔ انشتاق الرحم یعنی ہسٹیریا کی مجرب گولیاں ہیں۔ قیمت ۲۰ گولی ۱عہ

صواعی۔ ہر قسم کی درد سر کو منٹوں میں کافور کر دیتی ہے قیمت ۴۰ گولی عہ۔

ماشری۔ ہر قسم کی بگڑی ہوئی چھپاکی کو دور کرتی ہے قیمت فی شیشی ۸ر

نافی۔ ناف ٹل جاتا جب رہ جاتی ہیں کو ٹلانے کے لئے موثر گولیاں ہیں قیمت ۷ گولی ۸ر

یرقانی۔ یرقان کو چند ہی دنوں میں زائل کر دینے کیلئے لاجواب ہے قیمت فی شیشی عہ۔

معادگی۔ تورکی بخار کے لئے مفید ہے بگڑی ہوئی تورکی کو خارج کر کے کمل صحت ہوگی قیمت فی شیشی عہ

تریاقی۔ کیسا ہی سانپ کا کاٹا ہوا کیوں نہ ہو صرف ۱ ماشہ دینے سے زہر دور ہوگا۔ قیمت فی شیشی عہ۔

رفیق التعلیم ۔ ضعف دل و دماغ کی مخصوص دوا ہے بڑھے بھی اپنے دل و دماغ کو نوجوانوں کی طرح بنا سکتے ہیں طالبعلموں کی مونس و غمخوار ہے اس کے استعمال سے دماغ اسقدر طاقتور ہو جاتا ہے کہ ایک ہی بار کا پڑھا یاد ہو جاتا ہے اور پھر نہیں بھولتا طلباء کی بھولی باتیں یاد ہو جاتی ہیں۔ قیمت فی شیشی ۱؎

مفرح دلکشا ۔ یہ مفرح مقوی اعضاء رئیسہ دل و دماغ معدہ جگر وغیرہ کو قوت دیتا ہے ہر بیماری کے صحت یاب ہونے کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے جسم میں تازہ خون پیدا ہوتا ہے چہرہ کا رنگ سرخ مثل لعل بدخشاں ہو جاتا ہے بھوک بڑھ جاتی ہے قیمت فی شیشی ۸؎

حب طلیعین ۔ دائمی قبض بہت سی بیماریوں کا پیش خیمہ ہے ان گولیوں کے استعمال سے شکایت دور ہو جاتی ہے ان کو رات کو کھا لینے سے صبح کو کھل کر اجابت ہوتی ہے قیمت ۴۸ گولی ۸؎

حب عشرت ممسک اعظم امساک کیلئے نہایت مجرب گولیاں ہیں بعض نسخوں میں تا شش گھنٹہ امساک ہے قیمت فی درجن ۱؎

حلابی ۔ جلاب کی بالکل بے ضرر دوائی ہے طبیعت میں گھبراہٹ پیدا ہوتی ہے نہ کوئی تکلیف ہوتی ہے ایک نصف اسہال کی ضرورت ہو جاتی ہیں قیمت فی ایک ہزار گولی

حب نشاط مقوی خاص ۔ بعد جماع ایک گولی کھانے سے سستی جکڑن دور ہو جائے گی اور ایسا معلوم ہوگا کہ جماع کیا ہی نہیں۔ کمزوری تمام دور ہو جائے گی قیمت ۳۰ گولی ۸؎

مبہی بڑھاپے میں جوانی کا مزا لطف دینے والی یعنی بوڑھے کو بھی کڑیل جوان بنا دینے والی لاجواب دوائی ہے کثرت اولاد یا کثرت رطوبت کی وجہ سے ڈھیلی اور فراخ جگہ کو تنگ اور خشک کرتا ہے قیمت مکمل کورس ۱؎

اکسیر مفاصل گنٹھیا کے مریض جو چلنے پھرنے سے عاری ہو چکے ہیں زندگی کو موت پر ترجیح دیتے ہیں وہ ان گولیوں کو ضرور استعمال کریں ایک ہی ہفتہ میں تندرست ہو گی۔ قیمت ۲۰ گولی ۸؎

طلاء عشرت ملذ عظیم پوری تعریف خلاف تہذیب ہے قانون عرف اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ جس میں عیش و عشرت کے تمام خزانے بند ہیں گویا جادو ہے قیمت فی شیشی ۱؎

اکسیر خنازیر خنازیر چاہے کیسی ہی کیوں نہ ہو صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے جادو کا سا اثر ہوتا ہے قیمت فی شیشی ۸؎

سفوف چٹکی محافظ الاطفال ۔ یہ دوا بچوں کے سوکھے کے لئے ہے جس سے بچہ دن بدن لاغر اور دبلا ہوتا جاتا ہے نہایت مفید اور کامیاب ہے اور بچوں کی اس مایوس کن بیماری کا شافی علاج ہے قیمت فی شیشی ۸؎

شربت آرام جان ۔ فرانسیسی اصل شربت کے مقابلے میں انہیں فوائد کا حامل مگر اس سے بدرجہا بہتر اور دیسی دواؤں سے تیار شدہ بے نظیر شربت ہے مرض سل و دق سے محفوظ رکھنے والا پھیپھڑوں کی حفاظت کرنے والا بچوں کو طاقتور بنانے والا عجیب شربت ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ

سفوف زحیری۔ اس کی ایک ہی خوراک ہر قسم کے دست۔ مروڑ کو فوراً بند کر دیتی ہے خواہ آنتوں میں زخم بھی کیوں نہ ہو گئے ہوں قیمت فی شیشی ۸ر

سفوف حابس الدم۔ ہر قسم کی رو انی خون نقث الدم خون بواسیر خون کثرت حیض کو فوراً بند کر دیتا ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲ر

اکسیر سل و دق نمبر ۱
دق و سل کی ابتدائی حالت میں نہایت ہی مفید دوائی ہے چند یوم کے استعمال سے مرض کا ہمیشہ کیلئے خدشہ جاتا رہتا ہے قیمت فی شیشی عہ۲

سنون دندان
دانتوں کی بیماریوں مرض خصوصاً پائیوریا یعنی گوشت خورہ کا شافی علاج اسکے استعمال سے تین چار یوم میں ہی گوشت خورہ کا تمام و نشان نہ رہیگا قیمت فی شیشی ۸ر

حب دافع کرم شکم
کرم شکم کئی مہلک امراض کا موجب ہوتے ہیں انکے دفع قمع کیلئے یہ گولیاں از حد مفید ہیں قیمت ۵۰ گولی ۱۲ر

حب عنبری دافع یورک ایسڈ
ایسی کونسی خطرناک مرض ہے جو یورک ایسڈ کی کثرت کی وجہ سے پیدا نہیں ہو جاتی مثلاً خارش ڈکار۔ جلن معدہ۔ حرارت جگر۔ ضعف جگر۔ ضعف گردہ و سنگ گردہ۔ ضعف باہ۔ درد اعضاء نقرس وغیرہ امراض بکثرت رونما ہو جاتے ہیں۔ اور صحت بالکل تباہ ہو جاتی ہے۔ متعدد بار کے تجربہ کے بعد یہ گولیاں ایجاد کی گئی ہیں جس سے یورک ایسڈ کا کلیتہً خاتمہ ہو جاتا ہے جگر گردے اور دیگر اعضاء رئیسہ و شریفہ میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے قوت باہ عود کر آتی ہے غرضیکہ گئی گذری صحت کو واپس لانے کیلئے بڑی موثر گولیاں ہیں
قیمت ۱۰۰ گولی عہ روپیہ۔

سرمہ راحت چشم
جبکہ آنکھیں سرخی درد و سوزش کی یعنی جلن ہو یا لگے ہوں یا پلکوں کے بال گر کر آنکھیں نہایت بھدی ہو گئی ہوں ایسے مریض اس سرمہ کو استعمال کریں پلکوں پر بال اگ آئینگے قیمت فی شیشی ۱۲ر

سرمہ نور بصر
یہ سرمہ آنکھ کی روشنی بڑھانے اور لمبا عرصہ تک قائم رکھنے کیلئے سرمہ خاص ہے بڑھاپے میں بھی نظر کو تیز کرتا ہے قیمت فی شیشی ۸ر

حب شفائی
ہر قسم کے موسمی بخاروں کیلئے نہایت لاجواب گولیاں ہیں کونین کی طرح بطور حفظ ماتقدم استعمال کی جا سکتی ہیں مگر کونین سے بدرجہا مضرات سے پاک ہیں۔ مقوی معدہ و مقوی جگر اور طحال ہیں قیمت ۵۰ گولی ۱۲ر

اکسیر دق معوی
دق معوی جس میں مریض سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے اس کا کامیاب علاج موجود ہے۔ اس دوا کا استعمال کریں انشاء اللہ العزیز یقیناً صحت ہو گی قیمت ۳ء

قطرہ شفا
سینہ کی جراحت یعنی سرطان و ناسور کیلئے بے نظیر ہے کسی قسم کی تشخیص کی ضرورت نہیں دوا کا معرکہ خیز علاج ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲ر

اکسیر سل و دق نمبر ۲
سل و دق کے دوسرے درجہ کا معرکہ خیز علاج ثابت ہوئی ہے جبکہ پھیپھڑے زخمی ہو گئے ہوں خون آتا ہو قیمت فی شیشی عہ۲

آواز کشا
گلے کی رکاوٹ ریشہ وغیرہ کو دور کر کے آواز کوئل کی طرح صاف ہو جاتی ہے
قیمت ۵۰ گولی ۸ر

مرہم شفا۔ ہزاروں بار تجربہ ہو چکا ہے خارش سے گلے سڑے مریض کو حیات تازہ بخشتی ہے

روغن شفا۔ عرق النساء وجع المفاصل کا مصلح ... اندرونی استعمال ... پھنسیاں ... قیمت فی بوتل ...

روغن دافع اوجاع۔ ہر قسم کے درد۔ ورم۔ چوٹ کو فوراً ہی فائدہ ہوتا ہے ... یوم ہی میں دور ہو جائے گی۔ قیمت فی شیشی ۸ر

... کنٹھ مالا کی طرح صاف ہو جاتا ہے کہنہ سے کہنہ داد چنبل گنج کیسے بھی ایک ... کی دوا ہے ... قیمت فی ڈبہ

اکسیر ذیابیطس۔ ایک مکمل علاج جس کی صورت میں ذیابیطس کا مکمل علاج ہے سردیوں کی راتوں میں پیشاب کی شدت ...

اکسیر بواسیر۔ ایک مکمل مرکب ہے ... خونی و بادی صورت میں ... کی دوائی ہے ... اندرونی نقص دور ہو کر مرض کا قلع قمع ہو جائیگا۔ قیمت فی بکس ...

اکسیر سنگرہنی۔ سنگرہنی ہیضہ کا علاج معدہ کی ... کا ایک ہی دن میں قلع قمع کر دیتی ہے۔ قیمت ...

اکسیر معدہ۔ مکمل خوراک عہ۔ درد معدہ یا کھانا کھانے کے بعد طبیعت گھبراتی ہو بدہضمی اشتہا وغیرہ عوارضات کے لئے مفید چیز ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۲ر

اکسیر درد گردہ۔ درد گردہ کی ایک لاجواب دوا ہے تڑپتے مریض کو تسکین دیتی ہے۔ قیمت فی شیشی ۱۰ر

اکسیر سنگریزہ۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو بذریعہ پیشاب خارج کرتی ہے۔ قیمت فی شیشی عہ۔

اکسیر جگر۔ جگر کی کل امراض خصوصاً یرقان، ورم جگر، کبد اعظم، حدت جگر، ہاتھ پاؤں کی تلیاں جلنے کو مفید ہے۔ قیمت فی شیشی ۸ر

اکسیر طحال۔ بڑھی ہوئی تلی کو اصل حالت پر لانے کے لئے ایک مؤثر دوا ہے۔ قیمت فی شیشی عہ۔

حب اختیاری۔ جب چاہیں حمل ہو جب چاہیں نہ ہو ... گولیں ... قیمت ... عہ ۸ر

سفوف بقاء حمل۔ جن عورتوں کا حمل ٹھہر کر ... قائم نہ رہتا ہو ان کے لئے یہ سفوف ایک تحفہ بے بہا ہے ... کے اندر ... قیمت ... خوراک عہ

اکسیر زکام و نزلہ۔ نزلہ زکام خواہ کسی سبب ہو ایک ہی خوراک سے فائدہ ہوگا۔ رات کو دوائی کھائی صبح نزلہ زکام ندارد۔ قیمت فی شیشی عہ

اکسیر صدر۔ ... کی کھانسی ہو کہ تپ دق کی کھانسی تک کو مفید ہے۔ بلغم کا خاتمہ کر دیتی ہے طبیعت میں فرحت لاتی ہے۔ قیمت ۲۰ گولی ۸ر

روغن اعجاز

جبکہ کان میں درد ہو اور پھنسی ہو گئی ہو تمام چہرہ متورم ہو گیا ہو مریض درد سے ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہو کان میں ہاتھ لگانا محال ہو ... بیپ جمع رہتی ہو اور کان بہرے ہو گئے ہوں۔ ان کے لئے یہ روغن واقعی اعجاز مسیحا ہے۔ بلا اپریشن ایک ہی دن میں پھنسی بہہ نکلتی ہے۔ قیمت فی شیشی عہ

عثمان۔ گنج لاہور شہر

دارالسنیاس کی بعض خصوصیات

دارالسنیاس کا کاروبار صداقت - دیانت اور حقیقت پر مبنی ہے۔

دارالسنیاس کی روزافزوں ترقی مریضوں سے حسن سلوک کی وجہ سے ہے۔

دارالسنیاس کے پروپرائیٹر کا علم اور تجربہ ایک مسلمہ امر ہے۔

دارالسنیاس کی تمام ادویہ پروپرائیٹر کی زیر نگرانی تیار کی جاتی ہیں۔

دارالسنیاس میں ہی سنیاسیانہ اکسیری کشتہ جات تیار ہوتے ہیں۔

دارالسنیاس ہی مخصوص امراض کیلئے سپشلسٹ ہے۔

دارالسنیاس کی ادویہ زود اثر اور قابل اطمینان ہیں۔ تجربہ شرط ہے۔

دارالسنیاس کی کسی دوا میں بھی خلاف مذہب کوئی چیز نہیں ڈالی جاتی۔

دارالسنیاس کی طرف رجوع کرنے والے مریض ہمیشہ ہی بامراد ہونگے۔

دارالسنیاس سے ہر قسم کا طبی مشورہ مفت دیا جاتا ہے۔

دارالسنیاس کا صرف ایک ہی بار کا تجربہ آپ کو ہمیشہ کے لئے گرویدہ کر دیگا۔

دارالسنیاس اپنے ایجنٹوں کو ہمیشہ ہی معقول کمیشن دیا کرتا ہے۔

دارالسنیاس کی معرفت امرتسر اور لاہور کی ہر چیز تسلی بخش مل سکتی ہے۔

منیجر